فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوْا مِنْ

تو اس کے رستوں میں چلو اور اللہ کی روزی

رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ

میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف اٹھنا ہے کیا تم اس سے

مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ

نڈر ہوگئے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تمہیں زمین میں

الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ

دھنسادے جبھی وہ کانپتی رہے یا تم نڈر ہوگئے

مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ

اس سے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تم پر پتھراؤ

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿۱۷﴾

بھیجے تو اب جانوگے کیسا تھا میرا ڈرانا

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور بیشک ان سے اگلوں نے جھٹلایا

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

تو کیسا ہوا میرا انکار اور کیا انہوں نے اپنے اوپر

اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؕ

پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے اور سمیٹتے

مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ

انہیں کوئی نہیں روکتا سوا رحمٰن کے بیشک وہ سب

شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ

کچھ دیکھتا ہے یا وہ کون سا

هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

تمہارا لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابل تمہاری

الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾

مدد کرے کافر نہیں مگر دھوکے میں

أَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ إِنْ

یا کونسا ایسا ہے جو تمہیں روزی دے اگر

أَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ

وہ اپنی روزی روک لے بلکہ وہ سرکشی اور نفرت میں ڈھیٹ

وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ أَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى

بنے ہوئے ہیں تو کیا وہ جو اپنے منھ کے

وَجْهِهٖٓ أَهْدٰٓى أَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى

اوندھا چلے زیادہ راہ پر ہے یا وہ جو سیدھا چلے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ

سیدھی راہ پر تم فرماؤ وہی ہے جس نے

أَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ

تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لئے کان اور آنکھ

وَالْأَفْئِدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ

اور دل بنائے کتنا کم حق مانتے ہو تم فرماؤ

هُوَ الَّذِيْ ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ

وہی ہے جس نے زمین میں تمہیں پھیلایا اور اسی کی طرف

تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

اٹھائے جاؤ گے اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب

الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ

آئے گا اگر تم سچے ہو تم فرماؤ

إِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَإِنَّمَآ أَنَا

یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تو

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً

یہی صاف ڈرسنانے والا پھر جب اسے پاس دیکھیں گے

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ

کافروں کے منھ بگڑ جائیں گے اور ان سے فرمایا جائے گا

هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾

یہ ہے جو تم مانگتے تھے

قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ

تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر اللہ مجھے اور میرے

مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ

ساتھ والوں کو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے تو وہ کونسا ہے جو کافروں کو

مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ

دکھ کے عذاب سے بچالے گا تم فرماؤ وہی رحمٰن ہے

اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ

ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر بھروسہ کیا تو اب جان جاؤ گے

مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

کون کھلی گمراہی میں ہے تم فرماؤ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا

بھلا دیکھو تو اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

تو وہ کون ہے جو تمہیں پانی لادے نگاہ کے سامنے بہتا

فضائل سورۂ نوح

سورۂ نوح کو اس لیے سورۂ نوح کہا جاتا ہے اس میں حضرت نوح علیہ السّلام کا قصہ بیان ہوا ہے اس سورۃ کا مقام نزول مکہ معظّمہ ہے، اس سورت کو پڑھنے سے دفاعی قسم کے فیوض و برکات بہت جلد حاصل ہوتے ہیں۔

سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ نوح مکی ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ

بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ

اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ

ان کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر دردناک

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ

عذاب آئے اس نے فرمایا اے میری قوم میں

لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲﴾ اَنِ اعْبُدُوا

تمہارے لئے صریح ڈر سنانے والا ہوں کہ اللہ کی بندگی

اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝٣ يَغْفِرْ

کرو اور اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو وہ تمہارے کچھ

لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى

گناہ بخش دے گا اور ایک مقرر میعاد تک تمہیں

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا

مہلت دے گا بیشک اللہ کا وعدہ جب

جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٤ قَالَ رَبِّ

آتا ہے ہٹایا نہیں جاتا کسی طرح تم جانتے عرض کی اے میرے رب

اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝٥ فَلَمْ

میں نے اپنی قوم کو رات دن بلایا تو میرے

يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ۝٦ وَاِنِّيْ

بلانے سے انہیں بھاگنا ہی بڑھا اور میں نے

كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ

جتنی بار انہیں بُلایا کہ تو ان کو بخشے انہوں نے اپنے کانوں میں

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا

انگلیاں دے لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ لئے اور ہٹ کی

وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝٧ ثُمَّ اِنِّيْ

اور بڑا غرور کیا پھر میں نے

دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝٨ ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ

انہیں علانیہ بُلایا پھر میں نے ان سے باعلان

لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۝٩

بھی کہا اور آہستہ خفیہ بھی کہا

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

تو میں نے کہا اپنے رب سے معافی مانگو وہ بڑا معاف

غَفَّارًا ۝١٠ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝١١

فرمانے والا ہے تم پر شرّاٹے کا مینھ بھیجے گا

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ

اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لئے باغ بنادے گا

وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝١٢ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ

اور تمہارے لئے نہریں بنائے گا تمہیں کیا ہوا اللہ سے عزت

لِلّٰهِ وَقَارًا ۝١٣ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝١٤

حاصل کرنے کی امید نہیں کرتے حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح بنایا

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے کیونکر سات آسمان بنائے

طِبَاقًا ۝١٥ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا

ایک پر ایک اور ان میں چاند کو روشن کیا

وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿١٦﴾ وَاللّٰهُ

اور سورج کو چراغ — اور اللہ نے

أَنْبَتَكُمْ مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ﴿١٧﴾ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ

تمہیں سبزے کی طرح زمین سے اُگایا — پھر تمہیں اسی میں

فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿١٨﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

لے جائے گا اور دوبارہ نکالے گا اور اللہ نے

لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ﴿١٩﴾ لِّتَسْلُكُوا مِنْهَا

تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا کہ اس کے وسیع

سُبُلًا فِجَاجًا ﴿٢٠﴾ قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ

راستوں میں چلو — نوح نے عرض کی اے میرے رب انہوں نے

عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ

میری نافرمانی کی اور ایسے کے پیچھے ہولئے جسے اس کے مال

وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ﴿٢١﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا

اور اولاد نے نقصان ہی بڑھایا اور بہت بڑا داؤں

كُبَّارًا ﴿٢٢﴾ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ

کھیلے اور بولے ہر گز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو

وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا ۙ وَلَا يَغُوثَ

اور ہر گز نہ چھوڑنا ود اور سواع اور یغوث

وَيَعُوقَ وَنَسْرًا ﴿٢٣﴾ وَقَدْ أَضَلُّوا

اور یعوق اور نسر کو — اور بیشک انہوں نے بہتوں کو

كَثِيرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا

بہکایا اور تو ظالموں کو زیادہ نہ کرنا مگر

ضَلَالًا ﴿٢٤﴾ مِّمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا

گمراہی اپنی کیسی خطاؤں پر ڈبوئے گئے

فَأُدْخِلُوا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوا لَهُم

پھر آگ میں داخل کیے گئے تو انہوں نے اللہ کے مقابل

مِّن دُونِ اللّٰهِ أَنصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ

اپنا کوئی مددگار نہ پایا اور نوح نے

نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ

عرض کی اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے

مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾ إِنَّكَ إِن

کوئی بسنے والا نہ چھوڑ بیشک اگر

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوا

تو انہیں رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ کردیں گے اور ان کے اولاد ہوگی

إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿٢٧﴾ رَّبِّ اغْفِرْ لِي

تو وہ بھی نہ ہوگی مگر بدکار بڑی ناشکر — اے میرے رب مجھے بخش دے

وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

اور میرے ماں باپ کو اور اسے جو ایمان کے ساتھ میرے

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

گھر میں ہے اور سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کو

وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ع ۲۸

اور کافروں کو نہ بڑھا مگر تباہی

فضائل سورۂ جن

اگر کوئی شخص سوتے وقت اس سورت کو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ پرسکون رہے گا۔ کسی قسم کے غم وفکر میں مبتلا نہ ہوگا۔ جب کسی دشمن یا ظالم کے سامنے جائے گا تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ جن مکیہ ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ

تم فرماؤ مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے میرا پڑھنا کان

مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا

لگا کر سنا تو بولے ہم نے ایک عجیب

قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝۱ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ

قرآن سنا کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے

فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ

تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم ہرگز کسی کو اپنے رب کا شریک

أَحَدًا ﴿٢﴾ وَأَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا

نہ کریں گے — اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے نہ

اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿٣﴾ وَّأَنَّهُ

اس نے عورت اختیار کی اور نہ بچہ — اور یہ کہ

كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ

ہم میں کا بے وقوف اللہ پر

شَطَطًا ﴿٤﴾ وَّأَنَّا ظَنَنَّآ أَنْ لَّنْ تَقُوْلَ

بڑھ کر بات کہتا تھا — اور یہ کہ ہمیں خیال تھا کہ ہرگز

الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿٥﴾

جن اور آدمی اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے

وَّأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنْسِ

اور یہ کہ آدمیوں میں کچھ مرد

يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ

جنوں کے کچھ مردوں کی پناہ لیتے تھے تو اس سے اور بھی ان کا تکبر

رَهَقًا ﴿٦﴾ وَّأَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ

بڑھا — اور یہ کہ انہوں نے گمان کیا جیسا تمہیں گمان ہے

أَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ أَحَدًا ﴿٧﴾ وَّأَنَّا

کہ اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا — اور یہ کہ ہم نے

لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا

آسمان کو چھوا تو اسے پایا کہ سخت پہرے

شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ﴿٨﴾ وَّأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ

اور آگ کی چنگاریوں سے بھر دیا گیا ہے — اور یہ کہ ہم پہلے آسمان میں سننے

مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ط فَمَنْ يَّسْتَمِعِ

کے لئے کچھ موقعوں پر بیٹھا کرتے تھے پھر اب جو کوئی

الْاٰنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿٩﴾

سنے وہ اپنی تاک میں آگ کا لوکا پائے

وَّأَنَّا لَا نَدْرِيْٓ أَشَرٌّ أُرِيْدَ بِمَنْ فِي

اور یہ کہ ہمیں نہیں معلوم کہ زمین والوں سے کوئی برائی کا ارادہ

الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿١٠﴾

فرمایا گیا ہے یا ان کے رب نے کوئی بھلائی چاہی ہے

وَّأَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ

اور یہ کہ ہم میں کچھ نیک ہیں اور کچھ دوسری طرح

ذٰلِكَ ط كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿١١﴾ وَّأَنَّا ظَنَنَّآ

کے ہیں ہم کئی راہیں پھٹے ہوئے ہیں — اور یہ کہ ہم کو یقین ہوا

أَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْأَرْضِ

کہ ہرگز زمین میں اللہ کے قابو سے نہ نکل سکیں گے

وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ⑫ وَّاَنَّا لَمَّا

اور نہ بھاگ کر اس کے قبضہ سے باہر ہوں اور یہ کہ ہم نے جب

سَمِعْنَا الْهُدٰۤى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ

ہدایت سنی اس پر ایمان لائے تو جو اپنے رب پر

بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ⑬

ایمان لائے اسے نہ کسی کمی کا خوف نہ زیادتی کا

وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ

اور یہ کہ ہم میں کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم

فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ⑭

تو جو اسلام لائے انہوں نے بھلائی سوچی

وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ

اور رہے ظالم وہ جہنم کے ایندھن

حَطَبًا ⑮ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى

ہوئے اور فرماؤ کہ مجھے یہ وحی ہوئی کہ

الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ⑯

اگر وہ راہ پر سیدھے رہتے تو ضرور ہم انہیں وافر پانی دیتے

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ

کہ اس پر انہیں جانچیں اور جو اپنے رب کی یاد سے منھ

رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ⑰ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ

پھیرے وہ اسے چڑھتے عذاب میں ڈالے گا اور یہ کہ مسجدیں

لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ⑱

اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا

اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کی بندگی کرنے کھڑا ہوا تو قریب تھا

يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ⑲ قُلْ اِنَّمَاۤ اَدْعُوْا

کہ وہ جن اس پر ٹھٹھ کے ٹھٹھ ہو جائیں تم فرماؤ میں تو اپنے رب ہی کی

رَبِّيْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِهٖۤ اَحَدًا ⑳ قُلْ اِنِّيْ

بندگی کرتا ہوں اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا تم فرماؤ میں

لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ㉑ قُلْ

تمہارے کسی بُرے بھلے کا مالک نہیں تم فرماؤ

اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ

ہر گز مجھے اللہ سے کوئی نہ بچائے گا اور ہرگز

اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ㉒ اِلَّا

اس کے سوا کوئی پناہ نہ پاؤں گا مگر

بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ

اللہ کے پیام پہنچاتا اور اس کی رسالتیں اور جو اللہ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ

اور اس کے رسول کا حکم نہ مانے تو بیشک ان کے لئے جہنم کی آگ ہے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ﴿۲۳﴾ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا

جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں یہاں تک کہ جب دیکھیں گے

مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ

جو وعدہ دیا جاتا ہے تو اب جان جائیں گے کہ کس کا مددگار

نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ

کمزور اور کس کی گنتی کم تم فرماؤ میں نہیں

اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ

جانتا آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے یا

يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ

میرا رب اسے کچھ وقفہ دے گا غیب کا

الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا

اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے کہ ان کے

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ

آگے پیچھے پہرا مقرر

خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ

کر دیتا ہے تاکہ دیکھ لے کہ

اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا

انہوں نے اپنے رب کے پیام پہنچادیئے اور جو کچھ ان کے پاس

لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

سب اس کے علم میں ہے اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے

فضائل سورۂ مزمل

سورۂ مزمل بڑی بابرکت سورت ہے کیونکہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خصوصی مناسبت ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کے افلاس کو دور کردے گا جس مشکل کے لیے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

سُورَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ عِشْرُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورۂ مزمل مکی ہے اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا

اے جھرمٹ مارنے والے رات میں قیام فرما سوا

قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

کچھ رات کے آدھی رات یا اس سے کچھ

قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

کم کرو یا اس پر کچھ بڑھاؤ اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر

تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا

پڑھو بیشک عنقریب ہم تم پر ایک بھاری بات

ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ

ڈالیں گے بیشک رات کا اٹھنا وہ

اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ

زیادہ دباؤ ڈالتا ہے اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے بیشک

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾

دن میں تو تم کو بہت سے کام ہیں

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ

اور اپنے رب کا نام یاد کرو اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے

تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

ہورہو وہ پورب کا رب اور پچھم کا رب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم اسی کو اپنا کارساز بناؤ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ

اور کافروں کی باتوں پر صبر فرماؤ اور انہیں اچھی

هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ

طرح چھوڑ دو اور مجھ پر چھوڑو ان جھٹلانے والے

اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ

مال داروں کو اور انہیں تھوڑی مہلت دو بیشک

لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا

ہمارے پاس بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ اور گلے میں

ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ

پھنستا کھانا اور درد ناک عذاب جس دن

تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ

تھر تھرائیں گے زمین اور پہاڑ

الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ

اور پہاڑ ہوجائینگے ریتے کا ٹیلہ بہتا ہوا بیشک ہم نے تمہاری طرف

اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۵ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ

ایک رسول بھیجے کہ تم پر حاضر ناظر ہیں جیسے

اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجے

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ

تو فرعون نے اس رسول کا حکم نہ مانا تو ہم نے اسے سخت

اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ

گرفت سے پکڑا پھر کیسے بچوگے اگر

كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾

کفر کرو اس دن سے جو بچوں کو بوڑھا کردے گا

السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ

آسمان اس کے صدمہ سے پھٹ جائے گا اللہ کا وعدہ

مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ

ہوکر رہنا بیشک یہ نصیحت ہے تو جو

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ ع

چاہے اپنے رب کی طرف راہ لے

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى

بیشک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی

مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ

دو تہائی رات کے قریب کبھی آدھی رات کبھی تہائی

وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ

اور ایک جماعت تمہارے ساتھ والی اور اللہ

يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ

رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے اسے معلوم ہے کہ

لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا

اے مسلمانو تم سے رات کا شمار نہ ہوسکے گا تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی اب

مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ

قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو اسے معلوم ہے کہ

سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ وَآخَرُونَ

عنقریب کچھ تم میں بیمار ہوں گے اور کچھ

يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن

زمین میں سفر کریں گے اللہ کا فضل

فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي

تلاش کرنے اور کچھ اللہ کی راہ میں

سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ

لڑتے ہوں گے تو جتنا قرآن میسر ہو پڑھو

مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ

اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو

وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوا

اور اللہ کو اچھا قرض دو اور اپنے لئے جو

لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ

بھلائی آگے بھیجوگے اسے اللہ کے پاس بہتر

هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا

اور بڑے ثواب کی پاؤگے اور اللہ سے بخشش

اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾

مانگو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

فضائل سورۂ دہر

اگر کوئی شخص کسی کو تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا پانے کے لیے اس سورہ کی آیت نمبر ۲۳ اور ۲۴ کو تین سو تیرہ مرتبہ تیرہ ۱۳ دن تک پڑھے ان شاء اللہ جس سے چاہے گا نجات مل جائے گی۔

سُورَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ إِحْدَى وَثَلَاثُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورہ دہر مدنی ہے اس میں اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ

بیشک آدمی پر ایک وقت وہ گذرا کہ کہیں

لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ﴿١﴾ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ

اس کا نام بھی نہ تھا بیشک ہم نے آدمی کو

مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا

پیدا کیا ملی ہوئی منی سے کہ وہ اسے جانچیں تو اسے سنتا

بَصِيرًا ﴿٢﴾ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا

دیکھتا کردیا بیشک ہم نے اسے راہ بتائی یا حق مانتا

وَإِمَّا كَفُورًا ﴿٣﴾ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَ

یا ناشکری کرتا بے شک ہم نے تیار کر رکھی ہیں زنجیریں

وَ اَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

اور طوق اور بھڑکتی آگ بیشک نیک پئیں گے اس جام میں

مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿۵﴾ عَيْنًا

سے جس کی ملونی کافور ہے وہ کافور کیا ایک چشمہ ہے جس میں سے

يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۶﴾

اللہ کے نہایت خاص بندے پئیں گے اپنے محلوں میں اسے جہاں چاہیں بہا کرلے جائیں گے

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی

مُسْتَطِيْرًا ﴿۷﴾ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ

پھیلی ہوئی ہے اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر

مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ﴿۸﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ

مسکین اور یتیم اور اسیر کو ان سے کہتے ہیں ہم تمہیں

لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿۹﴾

خاص اللہ کے لیے کھانا دیتے ہیں تم سے کوئی بدلہ یا شکر گزاری نہیں مانگتے

اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿۱۰﴾

بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش نہایت سخت ہے

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً

تو انہیں اللہ نے اس دن کے شر سے بچا لیا اور انہیں تازگی اور

وَّسُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّ

شاد مانی دی اور ان کے صبر پر انہیں جنت اور ریشمی کپڑے صلہ

حَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا

میں دیئے جنت میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے نہ

يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً

اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ ٹھنڈک اور اس کے

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾

سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے گچھے جھکا کر نیچے کر دیئے گئے ہوں گے

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

اور ان پر چاندی کے برتنوں اور کوزوں کا دور ہوگا جو شیشے کے

كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا

مثل ہو رہے ہوں گے کیسے شیشے چاندی کے ساقیوں نے انہیں پورے

تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا

اندازہ پر رکھا ہوگا اور اس میں وہ جام پلائے جائیں گے جس

زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَ

کی ملونی ادرک کی ہوگی وہ ادرک کیا ہے جنت میں ایک چشمہ ہے جسے سلسبیل کہتے ہیں اور

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا

ان کے آس پاس خدمت میں پھریں گے ہمیشہ رہنے والے لڑکے جب تو انہیں

رَاَيۡتَهُمۡ حَسِبۡتَهُمۡ لُؤۡلُؤًا مَّنۡثُوۡرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا

دیکھے تو انہیں سمجھے کہ موتی ہیں بکھیرے ہوئے اور جب

رَاَيۡتَ ثَمَّ رَاَيۡتَ نَعِيۡمًا وَّمُلۡكًا كَبِيۡرًا ﴿۲۰﴾

تو ادھر نظر اٹھائے ایک چین دیکھے اور بڑی سلطنت

عٰلِيَهُمۡ ثِيَابُ سُنۡدُسٍ خُضۡرٌ وَّاِسۡتَبۡرَقٌ

ان کے بدن پر ہیں کریب کے سبز کپڑے اور قناویز کے

وَّحُلُّوۡۤا اَسَاوِرَ مِنۡ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰهُمۡ رَبُّهُمۡ

اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے گئے اور انہیں ان کے رب نے ستھری

شَرَابًا طَهُوۡرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَـكُمۡ جَزَآءً وَّ

شراب پلائی ان سے فرمایا جائے گا یہ تمہارا صلہ ہے اور

كَانَ سَعۡيُكُمۡ مَّشۡكُوۡرًا ﴿۲۲﴾ اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا

تمہاری محنت ٹھکانے لگی بیشک ہم نے تم پر قرآن

عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ تَنۡزِيۡلًا ﴿۲۳﴾ فَاصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ

بتدریج اتارا تو اپنے رب کے حکم پر صابر

وَلَا تُطِعۡ مِنۡهُمۡ اٰثِمًا اَوۡ كَفُوۡرًا ﴿۲۴﴾ وَاذۡكُرِ اسۡمَ

رہو اور ان میں کسی گنہگار یا ناشکرے کی بات نہ سنو اور اپنے رب کا

رَبِّكَ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّيۡلِ فَاسۡجُدۡ

نام صبح و شام یادکرو اور کچھ رات میں اسے سجدہ

لَهٗ وَسَبِّحۡهُ لَيۡلًا طَوِيۡلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَاۤءِ يُحِبُّوۡنَ

کرو اور بڑی رات تک اس کی پاکی بولو بیشک یہ لوگ پاؤں تلے کی عزیز

الۡعَاجِلَةَ وَيَذَرُوۡنَ وَرَآءَهُمۡ يَوۡمًا ثَقِيۡلًا ﴿۲۷﴾

رکھتے ہیں اور اپنے پیچھے ایک بھاری دن چھوڑ بیٹھے ہیں۔

نَحۡنُ خَلَقۡنٰهُمۡ وَشَدَدۡنَاۤ اَسۡرَهُمۡ ۚ وَاِذَا

ہم نے انہیں پیدا کیا اور ان کے جوڑ بند مضبوط کئے اور ہم

شِئۡنَا بَدَّلۡنَاۤ اَمۡثَالَهُمۡ تَبۡدِيۡلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ

جب چاہیں ان جیسے اور بدل دیں بے شک یہ

تَذۡكِرَةٌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيۡلًا ﴿۲۹﴾

نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ لے

وَمَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور تم کیا چاہو مگر یہ کہ اللہ چاہے بے شک وہ علم و

كَانَ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۳۰﴾ يُّدۡخِلُ مَنۡ يَّشَآءُ

حکمت والا ہے اپنی رحمت میں لیتا ہے

فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيۡنَ اَعَدَّ لَهُمۡ عَذَابًا

جسے چاہے اور ظالموں کے لیے اس نے درد ناک

اَلِيۡمًا ﴿۳۱﴾

عذاب تیار کر رکھا ہے

فضائل سورہ نبأ

اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے قیامت اور آخرت کی خبریں دی ہیں اس لیے اسے سورہ نبأ کہا جاتا ہے۔
اس سورۃ کے عامل کو بے پناہ عزت ملتی ہے اور جو شخص ۴۱ روز تک اسے ۱۴۱ مرتبہ پڑھے وہ اس کا عامل بن جائے گا۔

سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ
سورہ نبا مکی ہے اس میں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢
یہ آپس میں کا ہے کی پوچھ گچھ کر رہے ہیں بڑی خبر کی
الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤
جس میں وہ کئی راہ ہیں ہاں ہاں اب جان جائیں گے
ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ
پھر ہاں ہاں اب جان جائیں گے کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ
مِهٰدًا ۝٦ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّ خَلَقْنٰكُمْ
کیا اور پہاڑوں کو میخیں اور تمہیں جوڑے
اَزْوَاجًا ۝٨ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَّجَعَلْنَا
بنایا اور تمہاری نیند کو آرام کیا اور رات

الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَّ
کو پردہ پوش کیا اور دن کو روزگار کے لیے بنایا اور
بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَّجَعَلْنَا
تمہارے اوپر سات مضبوط چنائیاں چنیں اور ان میں ایک
سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝١٣ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ
نہایت چمکتا چراغ رکھا اور پھر بدلیوں سے زور کا پانی
مَآءً ثَجَّاجًا ۝١٤ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝١٥ وَّ
اتارا کہ اس سے پیدا فرمائیں اناج اور سبزہ اور
جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝١٦ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ
گھنے باغ بے شک فیصلہ کا دن ٹھہرا ہوا وقت
مِيْقَاتًا ۝١٧ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ
ہے جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم چلے آؤ گے فوجوں
اَفْوَاجًا ۝١٨ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝١٩
کی فوجیں اور آسمان کھولا جائے گا کہ دروازے ہو جائے گا
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝٢٠ اِنَّ
اور پہاڑ چلائے جائیں گے کہ جیسے چمکتا ریتا دور سے پانی کا دھوکہ دیتا بے شک
جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝٢١ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝٢٢
جہنم تاک میں ہے سرکشوں کا ٹھکانا

لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا

اس میں قرنوں رہیں گے اس میں کسی طرح کی ٹھنڈک کا

بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

مزہ نہ پائیں اور نہ کچھ پینے کو مگر کھولتا پانی اور دوزخیوں کا جلتا پیپ

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ

جیسے کو تیسا بدلہ بے شک انہیں حساب کا خوف نہ

حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ

تھا اور انہوں نے ہماری آیتیں حد بھر جھٹلائیں اور ہم نے

شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ

ہر چیز لکھ کر شمار کر رکھی ہے اب چکھو کہ ہم

نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾

تمہیں نہ بڑھائیں گے مگر عذاب بے شک ڈر والوں کو کامیابی کی جگہ ہے

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّ

باغ ہیں اور انگور اور اٹھتے جوبن والیاں ایک عمر کی اور

كَاْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا

چھلکتا جام جس میں نہ کوئی بیہودہ بات سنیں نہ

كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿٣٦﴾

جھٹلانا صلہ تمہارے رب کی طرف سے نہایت کافی عطا

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

وہ جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ

ہے رحمٰن کہ اس سے بات کرنے کا اختیار نہ رکھیں گے جس دن جبریل

الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ

کھڑا ہوگااور سب فرشتے (صف) باندھے کوئی نہ بول سکے گا

اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿٣٨﴾

مگر جسے رحمٰن نے اذن دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

وہ سچا دن ہے اب جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ

رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿٣٩﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

بنا لے ہم تمہیں ایک عذاب سے ڈراتے ہیں کہ نزدیک آگیا

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ

جس دن آدمی دیکھے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا

وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾

اور کافر کہے گا ہائے ہیں کسی طرح خاک ہو جاتا۔

فضائل سورۃ الضحٰی

حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وحی کے لانے میں جب حضرت جبریل علیہ السّلام کچھ عرصہ نہ آئے تو مشرکین نے مشہور کر دیا کہ آپ سے وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی سورۃ الضحٰی نازل فرمائی (تفسیر ابن کثیر) یہ سورۃ غیب کو واپس لانے کے لیے بہت اکسیر ہے، بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لیے اس سورۃ کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھیں ان شاء اللہ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ اگر کوئی شخص اپنے کسی کام کے متعلق متفکر ہو تو عشاء کی نماز کے بعد پاک صاف دھلے ہوئے کپڑے پہن کر اس سورت کو ۲۱ مرتبہ پڑھے اور سات روز تک یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ بذریعہ خواب معلوم ہو جائیگا کہ کام کا انجام کیا ہوگا۔ بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنے کی صورت میں اس سورت کو سات مرتبہ پڑھ کر سونا بہت مفید ہے۔ اس سورت کو ۳۱۳ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھنا رکی ہوئی تجارت کے جاری ہونے کے لیے بہت اکسیر ہے۔

سُوْرَةُ الضُّحٰی مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰی عَشْرَةَ اٰيَةً

سورہ الضحیٰ مکی ہے اس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

وَالضُّحٰی ۞ ١ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰی ۞ ٢ مَا وَدَّعَكَ

چاشت کی قسم اور رات کی جب پردہ ڈالے کہ تمہیں تمہارے رب

رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ۞ ٣ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ

نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بے شک پچھلی تمہارے لئے پہلی سے بہتر

الْاُوْلٰی ۞ ٤ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ۞ ٥

ہے اور بے شک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰی ۞ ٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

کیا اس نے تمہیں یتیم نہ پایا پھر جگہ دی اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا

فَهَدٰی ۞ ٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۞ ٨ فَاَمَّا

تو اپنی طرف راہ دی اور تمہیں حاجت مند پایا پھر غنی کر دیا تو یتیم پر

الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۞ ٩ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا

دباؤ نہ ڈالو اور منگتا کو نہ

تَنْهَرْ ۞ ١٠ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۞ ١١

جھڑ کو اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو

فضائل سورۃ الم نشرح

اس مبارک سورت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھنا دین ودنیا کے لیے بہت مفید ہے مال ودولت میں اضافہ ہوگا۔عزت میں اضافہ ہوگا، خاندان ہر طرح کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا القصہ یہ سورۃ اسرار الٰہی کا خزانہ ہے اسے پڑھنے سے علم کی دولت سے مالا مال ہوجاتا ہے۔اس سورت کو روزانہ ۴۱ مرتبہ بعد نماز عشاء چالیس روز تک پڑھنے سے مشکل ترین کام بھی آسان ہوجاتا ہے جوشخص سوتے وقت اس سورت کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اسے ہمیشہ بے غم کردے گا اور اس کے شب وروز بڑے سکون سے گزریں گے۔

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

سورہ الم نشرح مکی ہے اس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ

کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیااور تم پر سے تمہارا وہ

وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا

بوجھ اتار لیا جس نے تمہاری پیٹھ توڑی تھی اور ہم نے تمہارے

لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ

لیے تمہارا ذکر بلند کردیا۔تو بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے بے شک

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾

دشواری کے ساتھ آسانی ہے تو جب تم نماز سے فارغ ہو تو دعا میں محنت کرو

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرو۔

فضائل سورۃ التکاثر

جوشخص اس سورۃ کو بعد نماز مغرب ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، اللہ اس کی مغفرت فرمائے گا اس کے علاوہ قرض سے خلاصی پانے کے لیے اسے سترہ روز تک بعد نماز عشاء ۷۰ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ قرض سے چھٹکارا حاصل ہوگا اگر کسی شخص میں زر پرستی کا لالچ بہت زیادہ ہو اور وہ اپنے انجام کو بھولا ہوا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سورت کو سوتے وقت ایک سو بیس دن تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ اس کے دل سے زر پرستی کا لالچ نکل جائے گا اور دل عبادت الٰہی کی طرف مائل ہوجائے گا۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

سورہ تکاثر مکی ہے اس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾

تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٣ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ

ہاں ہاں جلد جان جاؤ گے پھر ہاں ہاں جلد جان

تَعْلَمُوْنَ ۝٤ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥

جاؤ گے ہاں ہاں اگر یقین کا جاننا جانتے تو مال کی محبت نہ رکھتے

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ

بے شک ضرور جہنم کو دیکھیں گے پھر بے شک ضرور اسے یقینی دیکھنا دیکھو

الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ

گے پھر بے شک ضرور اس دن تم سے نعمتوں سے

النَّعِيْمِ ۝٨

پرسش ہوگی۔

فضائل سورۃ الکفرون

جو شخص اس سورت کو خلوص دل سے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کے دل سے بغض، حسد، کینہ، جھوٹ، فریب، نفاق گویا کہ ہر قسم کی اخلاقی برائی نکل جائے گی اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا اور اس کا خاتمہ بالایمان ہوگا اور دل عبادت کی طرف بے حد مائل ہوگا۔ اگر کوئی بچہ نماز پڑھنے میں کوتاہی کرتا ہو تو گھر کا کوئی فرد ۲۱ روز تک اس سورت کو ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں ان شاء اللہ نماز پڑھنے میں استقامت پیدا ہوجائے گی۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ الکفرون مکی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَاۤ اَعْبُدُ

تم فرماؤ اے کافرو نہ میں پوجتا ہوں

مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۝۲ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ

جو تم پوجتے ہو اور نہ تم پوجتے ہو

مَاۤ اَعۡبُدُ ۝۳ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا

جو میں پوجتا ہوں اور نہ میں پوجوں گا جو

عَبَدۡتُّمۡ ۝۴ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ

تم نے پوجا اور نہ تم پوجو گے جو میں

اَعۡبُدُ ۝۵ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ۝۶

پوجتا ہوں تمہیں تمہارا دین اور مجھے میرا دین

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ
یَا سَیِّدِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

فضائل سورۃ الاخلاص

سورۃ اخلاص حب اور رفع حاجت کے لیے بہت مؤثر ہے جو شخص اس سورت کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۱۲۵ دن تک پڑھے تو اس کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی اور جو شخص اسے روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے وہ ان شاء اللہ محبوب الخلائق ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اس سورت کو پڑھنے کا بے پناہ اجر ملے گا۔

سُوۡرَۃُ الۡاِخۡلَاصِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ اَرۡبَعُ اٰیَاتٍ

سورۃ اخلاص مکی ہے اس میں چار آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا

قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰہُ

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ

الصَّمَدُ ۝۲ لَمۡ یَلِدۡ ۙ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝۳

بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

وَلَمۡ یَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی

فضائل سورۃ الفلق

یہ سورت آسیب، سایہ، جنات کو دور کرنے کے لیے بہت ہی اکسیر ہے جو شخص اسے رات کو سوتے وقت پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ان شاء اللہ ہر طرح کے ڈر، خوف اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۃ فلق مدنی ہے اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾

تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ

اس کی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیری

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ

ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے اور ان

شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ

عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے

فضائل سورۃ الناس

یہ سورت بھی جنات اور شیاطین سے بچنے کے لیے بہت مفید ہے جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور یہ سورت ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھوں کو چہرے اور سر سے لے کر پیٹ اور ٹانگوں تک پھیرے ان شاء اللہ وہ رات بھر جنات اور شیاطین کے شر سے اور دیگر آفات سماوی سے محفوظ اور اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ ناس مدنی ہے اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ

تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب سب

النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ

لوگوں کا بادشاہ سب لوگوں کا خدا اس کے شر

الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْ

سے جو دل میں برے خطرے ڈالے اور دبک رہے وہ جو

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾

لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

جن اور آدمی

دعا ختم القرآن

اَللّٰھُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ ط اَللّٰھُمَّ

اے اللہ میری قبر میں میری پریشانی ختم کر دے اے اللہ

ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ط وَاجْعَلْهُ لِیْ

قرآن عظیم کے بدلے مجھ پر رحم فرما اور اس قرآن پاک کو میرے لئے

اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّھُدًی وَّرَحْمَةً ط اَللّٰھُمَّ

پیشوا نور ہدایت اور رحمت کر دے اے اللہ میں تلاوت

ذَکِّرْنِیْ مِنْهُ مَا نَسِیْتُ ط وَعَلِّمْنِیْ مِنْهُ مَا

میں جو کچھ بھول گیا ہوں میرے علم میں لا اور جو نہیں جانتا مجھے

جَهِلْتُ ط وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَ

سکھا دے اور دن رات اس کی تلاوت نصیب کر ۔اے

اٰنَآءَ النَّهَارِ ط وَاجْعَلْهُ لِیْ حُجَّةً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ اٰمین

میرے پروردگار اسے میرے لیے حجت بنا دے

نعت شریف

مدینہ منورہ پہنچ کر پڑھنا

فضل رب العلا اور کیا چاہیۓ
مل گئے مصطفٰے اور کیا چاہیۓ

دامن مصطفٰے جس کے ہاتھوں میں ہو
اس کو روز جزا اور کیا چاہیۓ

گنبد سبز خوابوں میں آنے لگا
حاضری کا صلہ اور کیا چاہیۓ

بھیک کے ساتھ ہی ان کے دربار سے
مل رہی ہے دعا اور کیا چاہیۓ

یہ جبیں اور ریاض الجنہ کی زمین
اب قضا کے سوا اور کیا چاہیۓ

ہے سکندر ثنا خوان شاہ امم
عزت و مرتبہ اور کیا چاہیۓ

دعائے وسعت رزق

یہ دعا اضافۂ رزق کے لیے بہت اکسیر ہے۔ غربت، تنگئی رزق، کاروبار کا نہ ہونا، ملازمت نہ ملنا، دکان کا حسب منشاء نہ چلنا، ادائیگی قرض کی پریشانی، مال نہ ہونے کی وجہ سے اولاد کی شادی کا مسئلہ، غرضیکہ رزق کے متعلقہ جتنے بھی مسائل ہوں اس دعا کو روزانہ ایک سو مرتبہ سو دن تک پڑھنے سے اللہ کی رحمت سے حل ہو جائیں گے جو شخص اسے بعد نماز فجر وظیفہ کے طور پر روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ اس کے رزق میں اضافہ فرمادے گا اور اس کی روزی میں برکت پیدا ہوگی جو شخص اس دعا کو اعتکاف میں کثرت سے پڑھے گا وہ حسب منشاء مال و دولت پائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

يَا مَنْ يَّمْلِكُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِيْنَ وَيَعْلَمُ

اے وہ ذات جو مالک ہے سب مانگنے والوں کی حاجتوں کا اور جانتا ہے

ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ لِكُلِّ مَسْئَلَةٍ مِّنْكَ

سب بے زبانوں کے دل کی بات ہر ہر سوال کے لیے جو تجھ سے کیا

سَمْعٌ حَاضِرٌ وَّجَوَابٌ عَتِيْدٌ وَّلِكُلِّ صَامِتٍ

جائے سنتا ہے حاضر اور جواب ہے تیار اور ہر خاموش کے لیے

مِّنْكَ عِلْمٌ بَاطِنٌ مُّحِيْطٌ اَسْئَلُكَ بِمَوَاعِيْدِكَ

تیری طرف سے علم ہے پوشیدہ احاطہ کرنے والا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے سچے

الصَّادِقَةِ وَاَيَادِيْكَ الْفَاضِلَةِ وَرَحْمَتِكَ

وعدوں کے سبب سے اور تیری بخششوں کی وجہ سے جو بڑی فضیلت والی ہیں اور تیری رحمت

الْوَاسِعَةِ وَسُلْطٰنِكَ وَمُلْكِكَ الدَّآئِمِ وَ

گنجائش والی کے سبب اور تیرے غلبے اور سلطنت ہمیشہ رہنے والی کی بدولت

وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّاتِ يَا مَنْ لَّا تَنْفَعُهٗ

اور تیرے پورے کلموں کے طفیل اے وہ ذات جس کو نہیں فائدہ دیتی

طَاعَةُ الْمُطِيْعِيْنَ وَلَا تَضُرُّهٗ مَعْصِيَةُ

بندگی بندگی کرنے والوں کی اور نہ نقصان کرتے ہیں اس کا کچھ گناہ

الْعَاصِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

گنہگاروں کے درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور آل اس کی کے اور

ارْزُقْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ وَاَعْطِنِيْ فِيْمَا

رزق دے مجھ کو اپنے فضل سے اور دے مجھے بیچ اس چیز کے

تَرْزُقُنِي الْعَافِيَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

جو رزق دیوے تو عافیت (عین) اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنے

الرَّاحِمِيْنَ۝

والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

دعائے مغنی از حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ

دعائے مغنی کو روزانہ سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے اضافۂ رزق کا سبب بنتا ہے اور مالی تنگی دور ہو جاتی ہے، دعائے مغنی کی زکوٰۃ ادا کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرکے اس دعا کر چالیس دن تک روزانہ ۲۵ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ غنی بن جائے گا اور دولت کے معاملے میں جو چاہے گا اللہ کی رحمت سے ملے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شرع جو نہایت مہربان اور رحمت والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۞ وَبِكَ

کی آل پر اور برکت اور سلامتی اور تجھی سے

اَسْتَغِيْثُ فَاَغِثْنِيْ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

مدد مانگتا ہوں تو میری مدد فرما اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے

فَاكْفِنِيْ يَا كَافِيْ اِكْفِنِي الْمُهِمَّاتِ مِنْ

میری کفایت فرما اے کافی کفایت فرما میری دنیا اور آخرت کی

اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ وَيَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا

مشکلات میں اور اے بخشش کرنے والے دنیا اور

وَالْاٰخِرَةِ وَيَا رَحِيْمَهُمَا ۞ اَنَا عَبْدُكَ بِبَابِكَ

آخرت میں اور رحم کرنے والے میں تیرا بندہ تیرے در پر پڑا ہوں

فَقِيْرُكَ بِبَابِكَ سَائِلُكَ بِبَابِكَ ذَلِيْلُكَ

فقیر ہوں تیرے در کا سوالی ہوں تیرے در کا، عاجز ہوں تیرے در

بِبَابِكَ اَسِيْرُكَ بِبَابِكَ ضَعِيْفُكَ بِبَابِكَ

پر قیدی ہوں تیرے در کا کمزور تیرا تیرے در پر ہے

مِسْكِيْنُكَ بِبَابِكَ ضَيْفُكَ بِبَابِكَ يَا رَبَّ

مسکین تیرا تیرے در پر ہے مہمان تیرا تیرے در پر ہے اے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۞ اَلطَّالِحُ بِبَابِكَ يَا غِيَاثَ

جہانوں کے، تباہ حال تیرے در پر ہے اے فریاد رس

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ۞ مَهْمُوْمُكَ بِبَابِكَ يَا

فریادیوں کے، غمگین تیرا تیرے در پر ہے اے

كَاشِفَ كُرَبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ ۞ عَاصِيْكَ

کھولنے والے مصیبت، مصیبت زدوں کے گنہگار تیرا

بِبَابِكَ يَا طَالِبَ الْبَارِيْنَ ۞ اَلْمُقِرُّ بِبَابِكَ

تیرے در پر ہے اے تلاش کرنے والے نیکو کاروں کے گناہوں کا اقراری تیرے در پر ہے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَلْخَاطِئُ بِبَابِكَ

اے بہت رحم کرنے والے رحم کرنے والوں سے خطا کار تیرے در پر ہے

يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِيْنَ ۝ اَلْمُعْتَرِفُ بِبَابِكَ يَا

اے بخشنے والے گنہگاروں کے گناہوں کا ماننے والا تیرے در پر ہے اے

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلظَّالِمُ بِبَابِكَ يَا مَاْمَلَ

پروردگار جہانوں کے۔ ظالم تیرے در پر ہے اے امید گاہ طلب

الطَّالِبِيْنَ ۝ اَلْمُسِيْئُ بِبَابِكَ الْبَآئِسُ

کرنے والوں کے، بدکار تیرے در پر ہے ڈرا ہوا

بِبَابِكَ الْخَاشِعُ بِبَابِكَ اِرْحَمْنِيْ يَا مَوْلَاىَ

تیرے در پر ہے ،عاجز تیرے در پر ہے رحم کر مجھ پر اے میرے مولا

اَنْتَ الْغَافِرُ وَاَنَا الْمُسِيْئُ وَهَلْ يَرْحَمُ

تو بخشنے والا ہے اور میں گنہگار ہوں اور کون رحم کرے گا

الْمُسِيْئَ اِلَّا الْغَافِرُ ۝ مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ

گنہگار پر بخشنے والے کے سوا میرے مولا میرے مولا

اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ وَهَلْ يَرْحَمُ

تو پروردگار ہے اور میں بندہ ہوں اور نہیں رحم کرتا بندے

الْعَبْدَ اِلَّا الرَّبُّ ۝ مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ اَنْتَ

پر مگر پروردگار میرے مولا میرے مولاتو

الْمَالِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ وَهَلْ يَرْحَمُ الْمَمْلُوْكَ

تو مالک ہے اور میں مملوک اور نہیں رحم کرتا مملوک پر کوئی

اِلَّا الْمَالِكُ ۝ مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

بھی مالک کے سوا، میرے مولا میرے مولا تو غالب ہے

وَاَنَا الذَّلِيْلُ وَهَلْ يَرْحَمُ الذَّلِيْلَ اِلَّا

اور میں ذلیل اور نہیں رحم کرتا ذلیل پر مگر

الْعَزِيْزُ ۝ مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ اَنْتَ الْقَوِيُّ

عزیز میرے مولا میرے مولا تو طاقت والاہے

وَاَنَا الضَّعِيْفُ وَهَلْ يَرْحَمُ الضَّعِيْفَ

اور میں کمزور ہوں اور نہیں رحم کرتا کمزور پر

اِلَّا الْقَوِيُّ ۝ مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ اَنْتَ الْكَرِيْمُ

طاقتور کے سوا میرے مولا میرے مولا تو کریم ہے

وَاَنَا اللَّئِيْمُ وَهَلْ يَرْحَمُ اللَّئِيْمَ اِلَّا الْكَرِيْمُ ۝

اور میں ناکس ،اور نہیں رحم کرتا ناکس پر کریم کے سوا کوئی

مَوْلَاىَ مَوْلَاىَ اَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا

میرے مولا میرے مولا تو بہت رزق دینے والاہے اور میں

الْمَرْزُوْقُ وَهَلْ يَرْحَمُ الْمَرْزُوْقَ اِلَّا

رزق دیا ہوا اور نہیں رحم کرے گا مرزوق پر مگر

الرَّازِقُ ۝ مَوْلَایَ مَوْلَایَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ

رازق میرے مولا میرے مولا تو عزت والا

وَاَنَا الذَّلِیْلُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ

اور میں ذلیل ہوں اور تو بخشنے والا اور میں گنہگار ہوں

وَاَنْتَ الْقَوِیُّ وَاَنَا الضَّعِیْفُ ۝ اِلٰهِیْ

اور تو طاقت والا اور میں کمزور ہوں اے اللہ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ فِیْ ظُلْمَةِ الْقُبُوْرِ وَ

توبہ توبہ قبور کی تاریکی اور اس کی

ضِیْقِهَا ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ عِنْدَ

تنگی میں اے اللہ توبہ توبہ منکر نکیر کے

سُؤَالِ مُنْکَرٍ وَّنَکِیْرٍ وَّهَیْبَتِهِمَا ۝ اِلٰهِیْ

سوال کرنے اور انکی ہیبت کے وقت اے اللہ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ عِنْدَ وَحْشَةِ الْقُبُوْرِ وَ

پناہ دے پناہ دے قبر کی تنہائی اور

ضَغْطَتِهَا ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ فِیْ

تنگی کے وقت اے اللہ پناہ دے پناہ دے اس دن

یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝

سے جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے

اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی

اے اللہ پناہ دے پناہ دے اس دن سے جس میں صور

الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ

پھونکا جائے گا پس مرجائے گا جو آسمانوں اور زمین

فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۝ اِلٰهِیْ

میں ہے مگر جس کو اللہ چاہے اے اللہ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ

پناہ دے پناہ دے اس دن سے کہ کانپ جائے گی

زِلْزَالَهَا ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ

زمین اے اللہ پناہ دے پناہ دے اس دن

تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ

جب پھٹ جائے گا آسمان ساتھ بادل کے اے اللہ پناہ دے

اَلْاَمَانَ یَوْمَ تَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ

پناہ دے اس دن سے کہ لپیٹ دے گا تو آسمان کو مثل لپیٹ دینے قبالہ

لِلْکُتُبِ ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ

کے کتابوں کو اے اللہ پناہ دے پناہ دے اس دن سے

تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ

جب بدلا جائے گا زمین کو غیر زمین سے اور آسمانوں کو

وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ

اور ظاہر ہوں گے اللہ واحد قہار کے لیے اے اللہ پناہ دے

اَلْاَمَانَ یَوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدٰہُ وَ

پناہ دے اس دن سے جب دیکھے گا آدمی اپنے کئے کو اور

یَقُوْلُ الْکَافِرُ یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا ۝ اِلٰهِیْ

کہے گا کافر کاش میں مٹی ہوتا اے اللہ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ

پناہ دے پناہ دے اس دن سے جب نفع نہ دے گا مال اور اولاد

اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ۝ اِلٰهِیْ اَلْاَمَانَ

مگر جو آئے گا اللہ کے پاس سلیم دل سے اے اللہ پناہ دے

اَلْاَمَانَ یَوْمَ یُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ

پناہ دے اس دن سے جب منادی آواز دے گا عرش میں سے

اَیْنَ الْعَاصُوْنَ وَاَیْنَ الْمُذْنِبُوْنَ وَاَیْنَ الْخَائِفُوْنَ

کہ کہاں ہیں عاصی اور کہاں ہیں گنہگار اور کہاں ہیں ڈرنے والے

وَاَیْنَ الْخَاسِرُوْنَ هَلُمُّوْا اِلَی الْحِسَابِ اَنْتَ تَعْلَمُ

اور کہاں ہیں خسارے والے آؤ حساب کی طرف تو جانتا ہے میرے

سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ

پوشیدہ اور ظاہر کو پس قبول کر میرا عذر اور تو میری حاجت کو

فَاَعْطِنِیْ سُؤَالِیْ ۝ یَا اِلٰهِیْ آہ مِنْ کَثْرَةِ

جانتا ہے پس عطا کر مجھے سوال میرا اے اللہ افسوس گناہوں کی کثرت

الذُّنُوْبِ وَالْعِصْیَانِ آہ مِنْ کَثْرَةِ الظُّلْمِ وَ

سے اور نافرمانی سے ، افسوس ظلم اور

الْجَفَاءِ آہ مِنَ النَّفْسِ الْمَطْرُوْدَةِ آہ مِنَ النَّفْسِ

بدی کی کثرت سے ، افسوس نفس امارہ سے افسوس اس نفس پر

الْمَطْبُوْعَةِ لِلْهَوٰی آہ مِنَ الْهَوٰی آہ مِنَ الْهَوٰی

جو خواہشات کا پجاری ہے افسوس خواہش نفسانی پر افسوس خواہش نفشانی پر

آہ مِنَ الْهَوٰی اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ عِنْدَ تَغَیُّرِ

افسوس خواہش نفسانی پر فریاد سن میری اے فریاد رس میری حالت کی تبدیلی کی

حَالِیْ ۝ اِلٰهِیْ اِنِّیْ عَبْدُكَ الْمُذْنِبُ

وقت اے اللہ میں تیرا گنہگار مجرم خطا کار

الْمُجْرِمُ الْمُخْطِئُ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ یَا

بندہ ہوں پناہ دے مجھے دوزخ سے اے پناہ دینے

مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنْ

والے اے پناہ دینے والے اے پناہ دینے والے اے اللہ اگر تو مجھ پر

تَرْحَمْنِیْ فَاَنْتَ اَهْلٌ وَّاِنْ تُعَذِّبْنِیْ

رحم کرے تو تو اہل ہے اور اگر تو مجھے عذاب دے

فَاَنَا اَهْلُ فَارْحَمْنِيْ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى

تو میں اس کا اہل ہوں پس رحم فرما مجھ پر اے تقوی والے

وَيَا اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور اے بخشش والے اور اے زیادہ رحم والے رحم کرنیوالوں سے

وَيَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ وَيَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ

اور اے بہتر بخشش والوں کے اور اے بہتر مدد گاروں کے

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى

کافی ہے مجھے اللہ اور اچھا ہے کارساز اچھا ہے مولی

وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى

اور اچھا ہے مددگار اور درود بھیجے اللہ تعالی اپنی

خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

خلقت میں سے بہترین ہمارے سردار محمد پر آپ کی آل پر اور

اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

اصحاب سب پر اپنی رحمت سے اے بہت رحم کرنیوالے

الرَّاحِمِيْنَ ○

رحم کرنے والوں سے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

قربانی کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کریں اس کے بعد یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اگر قربانی کے جانور میں سات شریک ہوں تو مِنِّی کے بجائے مِن کے بعد ان ساتوں کے نام لیے جائیں۔

دعائے صدّیق رضی اللہ عنہ

یہ دعا خلیفۂ اوّل امیر المؤمنین سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِيْ مَنْ لَّهٗ زَادٌ قَلِيْلٌ

مدد کر اپنی مہربانی سے اے خدا اس کی ہدایت کا سرمایہ بہت تھوڑا ہے

مُفْلِسٌ بِالصِّدْقِ يَاْتِيْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْلُ

مفلس ہے سچے دل سے آیا ہے تیرے دروازے پر اے خدا

كَيْفَ حَالِيْ يَا اِلٰهِيْ لَيْسَ لِيْ خَيْرُ الْعَمَلِ

میرا کیا حال ہے اے خدا نہیں ہے میرے پاس حسنِ عمل

سُوْءُ اَعْمَالٍ كَثِيْرٌ زَادُ طَاعَاتِيْ قَلِيْلٌ

برے اعمال میرے بہت ہیں میری طاعتیں کم ہیں

مِنۡهُ عِصۡيَانٌ وَّنِسۡيَانٌ وَّسَهۡوٌ بَعۡدَ سَهۡوٍ

مجھ سے گناہ اور بھول پہ بھول سرزد ہو رہے ہیں

مِنۡكَ اِحۡسَانٌ وَّفَضۡلٌ بَعۡدَ اِعۡطَاءِ الۡجَزِيۡلِ

تو برابر احسان کر رہا ہے اور بخشش زیادہ کرتا ہے

ذَنۡبُهٗ ذَنۡبٌ عَظِيۡمٌ فَاغۡفِرِ الذَّنۡبَ الۡعَظِيۡمَ

میرا گناہ بہت بڑا ہے اے خدا اس گناہ عظیم کو بخشش دے

اِنَّهٗ شَخۡصٌ غَرِيۡبٌ مُذۡنِبٌ عَبۡدٌ ذَلِيۡلٌ

کیونکہ میں ایک گنہگار ، غریب اور ذلیل بندہ ہوں

عَافِنِیۡ مِنۡ کُلِّ دَاءٍ وَّاقۡضِ عَنِّیۡ حَاجَتِیۡ

مجھے ہر بیماری سے محفوظ کر اور میری ضرورتوں کو پورا کر

اِنَّ لِیۡ قَلۡبًا سَقِيۡمًا اَنۡتَ مَنۡ يَّشۡفِی الۡعَلِيۡلَ

میرا دل بیمار ہے اور تو ہے بیماروں کو شفا دینے والا

قُلۡ لِنَارٍ اَبۡرِدِیۡ يَا رَبِّیۡ فِیۡ حَقِّیۡ کَمَا

اے خدا آگ سے کہہ دے کہ وہ میرے حق میں ٹھنڈی ہو جائے

قُلۡتَ قُلۡنَا يَا نَارُ کُوۡنِیۡ اَنۡتَ فِیۡ حَقِّ الۡخَلِيۡلِ

جس طرح تو نے آگ کو ٹھنڈی ہونے کے لیے کہا تھا خلیل کے لیے

طَالَ يَا رَبِّیۡ ذُنُوۡبِیۡ مِثۡلَ رَمۡلٍ لَّا تُعَدُّ

دراز ہوگئے ہیں میرے گناہ لا تعداد ذرہ ہائے ریت کی طرح

فَاعۡفُ عَنِّیۡ کُلَّ ذَنۡبٍ وَّاصۡفَحِ الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ

میرا ہر گناہ معاف کر دے اور در گزر کر دے

هَبۡ لَنَا مُلۡکًا کَبِيۡرًا نَّجِّنَا مِمَّا نَخَافُ

بخش ہم کو ایک بڑا ملک اور نجات دے ہم کو ان چیزوں سے جن سے ڈرتے ہیں

رَبَّنَا اِذۡ اَنۡتَ قَاضِیۡ وَالۡمُنَادِیۡ جِبۡرَءِيۡلُ

اے مالک تو انصاف کرنے والا ہوگا اور جبرائیل پکارنے والا

اَنۡتَ کَافِیۡ اَنۡتَ وَافِیۡ فِیۡ مُهِمَّاتِ الۡاُمُوۡرِ

تو کافی ہے تو پورا ہے بڑی سے بڑی مشکلات کے لیے

اَنۡتَ حَسۡبِیۡ اَنۡتَ رَبِّیۡ اَنۡتَ لِیۡ نِعۡمَ الۡوَکِيۡلُ

تو میرے لیے بہت ہے اور میرے لیے تو اچھا حافظ ہے

رَبِّ هَبۡ لِیۡ کَنۡزَ فَضۡلٍ اَنۡتَ وَهَّابُ الرَّحِيۡمُ

اے خدا تو اپنے فضل کے خزانے بخش دے تو بہت بخشنے والا ہے

اَعۡطِنِیۡ مَا فِیۡ ضَمِيۡرِیۡ دُلَّنِیۡ خَيۡرَ الدَّلِيۡلُ

دے مجھ کو جو میرے دل میں ہے اور اچھے راستے کی طرف راہنمائی کر

اَيۡنَ مُوۡسٰی اَيۡنَ عِيۡسٰی اَيۡنَ يَحۡيٰی اَيۡنَ نُوۡحٍ

کہاں ہیں موسیٰ کہاں میں عیسیٰ کہاں ہیں یحییٰ کہاں ہیں نوح

اَنۡتَ يَا صِدِّيۡقُ عَاصٍ تُبۡ اِلَی الۡمَوۡلَی الۡجَلِيۡلِ

تو اے گنہگار صدیق توبہ کر خدائے بزرگ و برتر کی بارگاہ میں

آیۃ الکرسی

حدیث شریف میں ہے جوکوئی مصیبت اور سختی کے وقت آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی فریاد رسی کرے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ

اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا

لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی

اُسے نہ اُونگھ آئے نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے جو

یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا

اس کے یہاں سفارش کرے بے اس کے حکم کے جانتا ہے جو کچھ

بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ

اُن کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے اور وہ نہیں پاتے

بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے اس کی کرسی

کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا

میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین اور اُسے

یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ

بھاری نہیں ان کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللہ

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

وظیفہ شش قفل

عام زبان میں تالے کو قفل کہا جاتا ہے کیونکہ آیات شش قفل پڑھنے سے آفات اور بلیات جو انسان کو تنگ کرتی ہیں ان کو قفل لگ جاتا ہے گویا کہ یہ قفل ایک طرح کا حصار ہے جس کی بناء پر پڑھنے والا بیرونی مخلوق کی مزاحمت سے ہر لحاظ سے اللہ کی پناہ میں رہتا ہے۔ یہ وظیفہ دراصل بزرگان دین اور صوفیائے عظام کے معمولات سے ہے شش قفل کو روزانہ سوتے وقت پڑھنے والا ہمیشہ تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے اس کے علاوہ شیاطین اور جنات کے حملوں سے بھی اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہے۔

جب کوئی شخص اپنے گھر سے باہر سفر پر جائے تو شش قفل کو پڑھ کر اپنے اہل وعیال اور مال واسباب کو اللہ کے سپرد کر جائے تو ان شاء اللہ جیسا چھوڑ کر جائے گا ویسا ہی سفر سے واپسی پر پائے گا کیونکہ قفل پڑھنے سے اس کی ہر چیز اللہ کی پناہ میں رہے گی۔ بعد نماز فجر شش قفل کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے خاص رحمت خداوندی حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ دنیا کے ہر کام میں اس کی مدد کرتا ہے باطنی علم میں اضافہ ہوتا ہے، علم کی راہیں کھلتی ہیں، دل کا غنا حاصل ہوتا ہے، ملنے جلنے والوں میں بے پناہ عزت ملتی ہے۔

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو ان قفل کو سوتے وقت ۱۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے تو ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ کسی طریقہ سے گم شدہ چیز کے بارے میں اشارہ کردے گا۔

قفل اوّل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان اور رحمت والا

بِسْمِ اللّٰہِ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ ۞ الَّذِیْ لَیْسَ

اللہ کے نام سے شروع سننے والے دیکھنے والے کے وہ کہ نہیں ہے مثل

کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۞ بِرَحْمَتِکَ

اس کے کوئی چیز اور وہ ہر شے کا جاننے والا ہے ساتھ رحمت تیری کے

یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۞ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اور درود اللہ کا اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۞

کے اور ان کی سب آل پر

قفل دوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ بِسْمِ اللّٰہِ الْخَالِقِ

اللہ کے نام سے شروع پیدا کرنے والے جاننے

الْعَلِیْمِ ۞ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ

والے کے، وہ جو نہیں ہے مثل اس کے کوئی شے اور وہ

الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

کھولنے والا جاننے والا ہے ساتھ تیری رحمت کے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

قفل سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ

اللہ کے نام سے شروع سننے والے

الْعَلِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ

جاننے والے کے وہ جو نہیں ہے مثل اس کے کوئی چیز اور وہ بے پرواہ

الْغَنِىُّ الْقَدِيْرُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

قدرت والا ہے ساتھ رحمت تیری کے اے سب سے بڑھ کہ رحم کرنے والے

قفل چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

اللہ کے نام سے شروع غالب بخشش

الْكَرِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ

والے کے وہ جو نہیں ہے مثل اس کے کوئی شے اور وہ غالب

الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

بخشنے والا ہے اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

قفل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ

اللہ کے نام سے شروع سننے والے

الْعَلِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّ

جاننے والے کے وہ جو نہیں ہے مثل اس کے کوئی شے، اور وہ

هُوَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

جاننے والا خبردار ہے تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

قفل ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

اللہ کے نام سے شروع غالب

الرَّحِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ

بخشش والے کے وہ جو نہیں ہے مثل اس کے کوئی شے اور وہ

الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۵ وَّ

غالب بخشنے والا ہے پس اللہ ہے سب سے اچھا نگہبان وہ

هُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○

سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

وظیفہ ہفت ہیکل

وظیفہ ہفت ہیکل میں دراصل قرآن پاک کی سورتوں کو سات علیحدہ جزوں میں ترتیب دیا گیا ہے ہیکل دراصل ایسی قلعہ بندی کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعے انسان ہر لحاظ سے بیرونی حملوں اور آفات سے محفوظ ہو جاتا ہے ایسے ہی یہ سات ہیکل ہیں جن کے ورد سے پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہتا ہے اور اس کی ہر طرح حفاظت ہوتی ہے لہذا ان ہیکل کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں۔

اَلْھَیْکَلُ الْاَوَّلُ (۱)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِیۡذُ نَفۡسِیۡ بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۔ اَللّٰہُ

میں اپنی جان کو خدائے بزرگ وبلند کی پناہ میں دیتا ہوں اللہ ہے

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ

نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے ہمیشہ قائم رہنے والا نہیں پکڑتی اس کو اونگھ

وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ

اور نہ نیند۔ واسطے اس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے

مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ

کون ہے وہ جو سفارش کرے نزدیک اسکے مگر ساتھ حکم اس کے۔ کہ جانتا ہے

مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ

جو کچھ آگے ان کے ہے اور جو کچھ پیچھے ان کے ہے۔ اور نہیں گھیرتے ساتھ کسی

بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ

چیز کے علم اس کے۔ مگر جتناوہ چاہے سمالیا ہے کرسی اس کی

السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ

نے آسمانوں کو اورزمین کو اور نہیں تھکاتی اس کو نگہبانی ان دونوں

وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ۔

کی اور وہ ہے بلند مرتبہ بڑا۔

اَلْھَیْکَلُ الثَّانِیْ (۲)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِیۡذُ نَفۡسِیۡ بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۔ اِذۡ

پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو خدائے بزرگ و بلند کے ساتھ جب

قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا

کہا عمران کی عورت نے اے میرے پروردگار تحقیق میں نے نذر کیا ہے واسطے تیرے جو

فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ

کچھ کہ بیچ پیٹ میرے کے ہے۔ آزاد کر کے قبول کر مجھ سے یقیناً تو ہی سننے

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

والا جاننے والا ہے۔ عادت اس کی کہ تحقیق بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے پیغمبروں

مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ۝ اَقِمِ الصَّلٰوةَ

اپنے سے اور نہ پاوے گا تو واسطے عادت ہماری کے تغیر، قائم کر نماز

لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ

کو وقت ڈھلنے سورج کے اندھیرے رات کے تلک اور قرآن پڑھ فجر کو

اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ وَمِنَ الَّیْلِ

تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا ہے حاضر کیا گیا اور تھوڑی سی رات کو

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰۤى اَنْ یَّبْعَثَكَ

پس تہجد پڑھ ساتھ قرآن کے زیادتی ہے واسطے تیرے شتاب ہے یہ کہ بھیجے تجھ کو پروردگار

رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ

تیرا مقام محمود میں اور کہہ اے رب میرے داخل کر مجھ کو

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

داخل کرنا سچا اور نکال مجھ کو نکالنا سچا اور

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا

کر واسطے میرے نزدیک اپنے سے غلبہ مدد دینے والا۔

اَلْهَیْكَلُ الثَّالِثُ (۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ اٰمَنَ

پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو خدائے بلند و بزرگ کی ایمان لایا

الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

پیغمبر ساتھ اس چیز کے جو اتاری گئی ہے طرف اس کے رب اس کے سے اور مسلمان ہر ایک

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ

ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور اس کے فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں کے

لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا

نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے رسولوں اس کے سے اور کہا انہوں نے سنا ہم نے

وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا

اور مانا ہم نے بخشش مانگتے ہیں تیری اے رب ہمارے اور طرف تیرے ہے پھر آنا نہیں

یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ

تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر طاقت اس کی پر واسطے اس کے ہے جو کمایا اس نے اور اس

عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ

کے ہے جو کمایا اس نے اے رب ہمارے مت پکڑ ہم کو اگر بھول گئے ہم یا

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا

خطا کی ہم نے اے رب ہمارے اور مت رکھ اوپر ہمارے بوجھ جیسا رکھا تو نے

حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

اس کو اوپر ان لوگوں کے کہ پہلے ہم سے تھے اے ہمارے رب اور مت اٹھوا ہم سے وہ

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ

چیز کہ نہیں طاقت واسطے ہمارے ساتھ اس کے اور معاف کر ہم کو اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

تو ہے دوست اور ہمارا پس مدد دے ہم کو قوم کافروں کی پر

اَلْهَيْكَلُ الرَّابِعُ (۴)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَقُلْ

پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو خدائے بلند و بزرگ کی اور

جَاۗءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ

کہہ آیا حق اور گم ہوا باطل تحقیق باطل تھا

كَانَ زَهُوْقًا ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا

گم ہو جانے والا اور اتارتے ہیں ہم قرآن سے وہ چیز کہ وہ

هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ

شفاء ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے اور نہیں زیادہ کرتا

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَي

ظالموں کو مگر ٹوٹا اور جب نعمت بھیجتے ہیں ہم

الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ

اوپر انسان کے منہ پھیر لیتا ہے اور دور کر لیتا ہے کروٹ اپنی اور جب لگتی

الشَّرُّ كَانَ يَـــُٔوْسًا ۝ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ

ہے اس کو برائی ہوتا ہے، ناامید کہہ ہر ایک عمل کرتا ہے

عَلٰي شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى

اوپر طریق اپنے کے پس پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے اس شخص کو کہ وہ بہت راہ

سَبِيْلًا ۝ وَيَسْـــَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ

پانے والا ہے راہ کو۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو روح سے کہہ

الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ

روح حکم میرے پروردگار کے سے ہے اور نہیں دیئے گئے ہو تم

الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

علم سے مگر تھوڑا۔

الهيكل الخامس (۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ۝ قَالَ

پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو خدائے بلند بزرگ کی کہا

رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ

اے رب میرے تحقیق ست ہوگئی ہیں ہڈیاں میری اور شعلہ مارا سرنے بڑھاپے کا

شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّىْ

اور نہ تھا پیچ پکار نے تیرے کے اے رب میرے بے نصیب۔اور تحقیق میں

خِفْتُ الْمَوَالِىَ مِنْ وَّرَآءِىْ وَكَانَتِ امْرَاَتِىْ

ڈرتا ہوں وارثوں اپنے سے پیچھے میرے اور ہے عورت میری بانجھ

عَاقِرًا فَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِىْ وَ

پس بخش واسطے میرے اپنے پاس سے ولی کہ وارث ہو میرا

يَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

اور وارث ہو اولادیعقوب کا اور کردے اس کو اے رب میرے پسندیدہ

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ

البتہ تحقیق سچ دکھلایا اللہ نے رسول اپنے کو خواب ساتھ حق کے البتہ ضرور داخل

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ

ہوگے تم مسجد حرام میں اگر چاہا اللہ نے امن سے منڈ واتے

مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا

ہوئے سروں اپنوں کو اور کترواتے ہوئے نہ

تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

ڈرتے ہوں گے پس جانا اللہ نے جو کچھ نہ جانا تم نے پس کی

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝

ورے اس کے فتح نزدیک

الهيكل السادس (۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ قُلْ

پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو خدائے بلند و بزرگ کے تو کہہ

اُوْحِىَ اِلَىَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ

وحی کیا گیا ہے طرف میرے تحقیق سنا ایک جماعت نے جنوں میں سے

فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِىْ

پس کہا انہوں نے تحقیق سنا ہم نے قرآن عجیب کہ راہ دکھلاتا ہے

إِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ط وَلَنْ نُّشْرِكَ

طرف بھلائی کی پس ایمان لائے ہم اس پر اور ہرگز نہ شریک

بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا

لاویں گے ہم ساتھ رب اپنے کے کسی کو اور یہ کہ بلند ہے عزت رب ہمارے کی

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ

نہیں پکڑی اس نے جورو اور نہ اولاد اور یہ کہ کہا کرتے تھے

يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

بے وقوف ہمارے اوپر اللہ کے بڑھا کر۔

اَلْھَیْکَلُ السَّابِعُ (۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَ

پناہ میں دیتا ہوں میں اپنی جان کو خدائے بلند و بزرگ کی اور

اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ

تحقیق نزدیک ہیں لوگ کہ کافر ہوئے البتہ بچلا دیں تجھ کو

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

ساتھ نظروں اپنی کے جب سنتے ہیں ذکر اور کہتے ہیں تحقیق وہ

اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ط وَمَا هُوَ اِلَّا

البتہ دیوانہ ہے اور نہیں وہ مگر نصیحت

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

واسطے جہانوں کے۔

فضائل دعائے گنج العرش

یہ دعا اللہ تعالیٰ کی رحمت کا خزینہ ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے کسی برگزیدہ انسان نے ہر جملے میں اللہ کی ذات اور صفات کی تعریف کو بڑے خوبصورت انداز میں سجایا ہے چونکہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کے بے پناہ اسرار اور اثرلت ہیں اس لیے یہ دعا ان رحمتوں کے حصول کے لیے جو عرش سے نازل ہوئی ہیں بہت ہی مؤثر ہے بے شمار صوفیاء اور اولیاء نے اسے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنا اپنے معمول میں شامل کئے رکھا، جو شخص صبح بعد نماز فجر یا بعد نمازِ عشاء ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھنے کا معمول بنائے اس کی کمائی میں برکت پیدا ہو جائے گی۔ دستِ غیب سے اس کے رزق کے وسائل میں اضافہ ہوگا اگر کوئی دشمن ہوگا۔ تو وہ ذلیل وخوار ہوگا۔ میدانِ جنگ میں ہو تو کفار پر غالب رہے گا۔ اگر کسی سفر پر جائے گا۔ تو عافیت سے اپنے گھر واپس آئے گا۔ اس دعا کی برکت سے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے اپنا دیدار کرائے گا، اگر کوئی بے اولاد ہو تو صاحبِ اولاد ہو جائے گا۔ جادو اور کالے علم کے وار سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ شیاطین اور آسیب سے اللہ کی رحمت سے محفوظ رہے گا۔ زمین وآسمان کی کوئی بلا اسے نقصان نہیں پہنچا سکتی گویا کہ اس دعا کے اتنے فیوض و برکات ہیں کہ جو بھی اللہ سے مانگے وہی پائے گا۔

دعائے گنج العرش

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ذات ہے بادشاہ نہایت پاک

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب، بگاڑ کا اصلاح کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان نہایت رحم والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الرَّحِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا نہایت مہربان

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْکَرِیْمِ الْحَکِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشش والا حکمت والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْوَفِیِّ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زور آور وعدہ وفا کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللَّطِیْفِ الْخَبِیْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے باریک بیں خبردار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْمَعْبُوْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے نیاز عبادت کے لائق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الْوَدُوْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا بہت دوست رکھنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَكِيْلِ الْكَفِيْلِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کارساز ذمہ دار کاموں کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّقِيْبِ الْحَفِيْظِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے نگہبان محافظ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ہمیشہ رہنے والا قائم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُحْيِ الْمُمِيْتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زندہ کرنے والا مارنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زندہ اپنی ذات سے قائم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا درست کرنیوالا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عالی شان عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ایک ذات و صفات میں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے امن دینے والا نگہبان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَسِيْبِ الشَّهِيْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کافی اور حاضر و ناظر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَلِيْمِ الْكَرِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بُردبار بخشنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْقَدِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سب سے اوّل اور قدیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سب سے پہلا اور سب سے پچھلا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر (قدرت والا) اور چھپا ہوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا بلند

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَاضِي الْحَاجَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے حاجتوں کا پورا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا بڑا مہربان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑے عرش کا رب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے میرا عالی رتبہ والا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبُرْهَانِ السُّلْطَانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر غلبہ والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سننے والا دیکھنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے اکیلا غالب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْحَکِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے علم والا حکمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْغَفَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپانیوالا (عیبوں کا) بخشنے والا (گناہوں کا)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الدَّیَّانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان بدلہ دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْکَبِیْرِ الْاَکْبَرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا سب سے بزرگ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْعَلَّامِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خبردار وسیع علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الشَّافِی الْکَافِی

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے شفا دینے والا کفایت کرنیوالا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَظِیْمِ الْبَاقِی

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عظمت والا سدا رہنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے نیاز اکیلا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زمین اور آسمان کا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ خَالِقِ الْمَخْلُوْقَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے مخلوق کا پیدا کرنیوالا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جس نے دن اور رات کو پیدا کیا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الرَّزَّاقِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا رزق دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا کھولنے والا (کاموں کا) علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْغَنِيِّ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب بے پرواہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا قدردان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ الْعَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عظمت والا علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے روحانی اور روحانی بادشاہت کا مالک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عزت والا عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے دبدبہ اور قدرت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بزرگی اور بڑائی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعَظِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپانے والا عیبوں کا عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَالِمِ الْغَيْبِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جاننے والا غیب کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَمِيْدِ الْمَجِيْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں والا بزرگی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الْقَدِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے حکمت والا قدیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ السَّتَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا پردہ پوش

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سننے والا جاننے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْعَظِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پرواہ عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ السَّلَامِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا دانا سلامتی دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ النَّصِيْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بادشاہ مدد دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الرَّحْمٰنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پرواہ بڑا مہربان

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ قَرِیْبِ الْحَسَنَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں کے نزدیک

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ وَلِیِّ الْحَسَنَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں کا دوست

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ السَّتَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے صبر دینے والا عیب پوش

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ النُّوْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے اجالے کا پیدا کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْمُعْجِزِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پرواہ عاجز کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْفَاضِلِ الشَّکُوْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کمالات والا قدردان

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْقَدِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پرواہ قدیم

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْمُبِیْنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر بزرگی والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْخَالِصِ الْمُخْلِصِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بالکل بے عیب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ صَادِقِ الْوَعْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سچے وعدے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سچا ظاہر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ ذِی الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زور آور مضبوط

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْعَزِیْزِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا غالب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ عَلَّامِ الْغُیُوْبِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپی باتوں کا جاننے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے وہ زندہ جو نہیں مرتا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ سَتَّارِ الْعُیُوْبِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عیبوں کا چھپانے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغُفْرَانِ الْمُسْتَعَانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جس سے بخشش و مدد طلب کی جائے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے تمام جہانوں کا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ السَّتَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان پردہ پوش

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ الْغَفَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے رحم والا بخشنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب بہت عطا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا قدرت ظاہر کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِي الْغُفْرَانِ الْحَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا حلم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَالِكِ الْمُلْكِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بادشاہی کا مالک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا صورت بنانے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب زبردست

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْجَبَّارِ الْمُتَكَبِّرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زبردست بڑائی کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے اللہ اس چیز سے جو مشرک بیان کرتے ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقُدُّوْسِ السُّبُّوْحِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے نہایت پاک بڑی پاکی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے فرشتوں اور روح کا رب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِي الْاٰلَاۤءِ وَالنَّعْمَاۤءِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشش اور نعمتوں والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمَقْصُوْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بادشاہ دنیا کا مقصود

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے رحمت کرنے والا احسان کرنیوالا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اٰدَمُ صَفِيُّ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے آدم اللہ کا صفی (برگزیدہ) ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ نَجِيُّ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے نوح اللہ کا نجی (ہمراز) ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے ابراہیم اللہ کا خلیل (دوست) ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِسْمٰعِيْلُ ذَبِيْحُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اسمٰعیل اللہ کا ذبح (اس کی راہ میں) ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے موسیٰ اللہ کا کلیم (ہمکلام) ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَاوٗدُ خَلِيْفَةُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے داؤد اللہ کا خلیفہ ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے عیسٰی اللہ کی روح ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ

اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی مخلوق میں سے سب سے بہترین مخلوق پر اور اس کے

عَرْشِهٖ وَزِيْنَةِ فَرْشِهٖٓ اَفْضَلِ الْاَنْبِيَآءِ

عرش کا نور اور اس کے فرش کی زینت اور تمام انبیاء اور رسولوں سے افضل

وَالْمُرْسَلِيْنَ سَيِّدِنَا وَسَنَدِنَا وَشَفِيْعِنَا

ہیں جو ہمارے سردار اور ہمارے سہارے اور ہمارے شفیع اور

وَحَبِيْبِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ

ہمارے حبیب اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور آپ کی تمام آل اور تمام

اَصْحٰبِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

اصحاب پر بھی اور آپ کے گھر والوں پر اور آپ کی ازواج اور آپ کی اولاد پر

اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

تمام پر رحمت ہو اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے

اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ

(اپنی رحمت سے ہماری دعا قبول فرما) تو ہی میرا آخرت اور دنیا میں کارساز ہے مجھ کو اپنا

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

فرماں بردار بنا اور نیکو کاروں میں شامل فرما۔

نعت رسول مقبول

صلی اللہ علیہ وسلم

ہے مجھ کو جان سے پیارا مدینہ یا رسول اللہ ﷺ

ملے آپکی محبت کا خزینہ یا رسول اللہ ﷺ

ہمیشہ آپکے دربار میں حاضر رہوں آقا ﷺ

مدینہ سے جدائی ہو کبھی نہ یا رسول اللہ ﷺ

میرے احباب بھی حاضر ہوں آقا آپکے در پر ﷺ

یہی ہے آرزو میری دیرینہ یا رسول اللہ ﷺ

مجھے صحت عطا کر دیجئے حسنین کریمین کا صدقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما

یہی ہے میری صحت کا مہینہ یا رسول اللہ ﷺ

ہے مجھ کو جان سے پیارا مدینہ یا رسول اللہ ﷺ

ملے آپکی محبت کا خزینہ یا رسول اللہ ﷺ

روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی حاضری

نبی پاک محمد مصطفیٰ محبوب رب کریم حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضری نہایت عجز وانکساری کے ساتھ اور بڑے ہی ادب واحترام سے اور خشوع وخضوع کے ساتھ کیجئے۔

یاد رہے کہ بس نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہی اللہ تبارک وتعالیٰ رحمٰن ورحیم کی ایک ایسی نعمت عظمیٰ ہیں کہ جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ وسلم کو دنیا میں بھیج کر ہمیں اپنا احسان یاد کروایا ہے۔

جب اللہ کریم ایمان والوں سے راضی ہوا تو اللہ کریم نے ایمان والوں کو درود وسلام پڑھنے کا انعام اس تکرار کیساتھ فرمایا کہ میں خود اور میرے فرشتے پڑھتے ہیں تا کہ اہل ایمان اللہ تعالیٰ کے اس انعام کا صرف تصور اور اندازہ کرنے کی کوشش کریں کہ اس سے بڑا انعام ہمارے لیے کیا ہوسکتا ہے۔

آیئے ہم سب اللہ کریم کی نعمت عظمیٰ (نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے اللہ کریم کا شکر ادا کریں اور اس کا انعام اور حکم کا حق ادا کرتے ہوئے وجد اور سرور کے ساتھ درود وسلام والہانہ انداز سے پڑھیں۔

در حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری اور زیارت کرنے والے کے لیے رحمت للعالمین اپنی بے پناہ رحمت کا اظہار یہ کہہ کر فرماتے ہیں کہ ایسے شخص کے لیے میرے شفاعت واجب ہوگئی۔

ہماری جان، مال، ماں باپ، آباء واجداد، اہل عیال اور آل اولاد نبی پاک محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ وسلم پر قربان جائے کیسے کریم ہیں اور زیارت کرنے والے غمزدہ

ڈرے ہوئے اور سہمے ہوئے حاضری دینے والے کیلئے کتنی بڑی خوشخبری کہ اپنی شفاعت کے واجب ہونے کا فرمان جاری کرر ہے ہیں۔

مدینہ منورہ کا سفر ہم جہاں سے بھی شروع کریں ارادہ کرتے ہی دل قابو میں نہیں رہتا کیونکہ یقین ہے کہ بھٹکی ہوئی انسانیت کو ہدایت، بے آسروں کو آسرا، ڈوبتوں کو سہارا گنہگاروں کو شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی اور عاشقوں کی منزل یہیں ملنے والی ہیں۔

ڈر، محبت اور خوشی کے آنسوؤں کے ساتھ جب زبان بھی درود وسلام پیش کرنے کی کوشش کرتی ہے تو آقا رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت کو قریب پاتی ہے۔اور یہی سبب بن جاتا ہے اللہ تعالیٰ کی بخشش اور اس کے انعام واکرام کا۔

آنسوؤں کی لڑی اور درود وسلام کا درد حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری کا سبب بنتا ہے۔اللہ کرے کہ درود وسلام ہماری نس نس میں بس جائے۔

درود شریف پڑھنے کے ان گنت لاتعداد فائدے ہیں جن میں سے صرف کچھ درج ذیل ہیں۔

۱۔ درود شریف پڑھ کر ہمیں اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتوں کے وظیفے کو دہرانے کی عادت حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ اوّل وآخر درود شریف سے دعا کی قبولیت
۳۔ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی
۴۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت
۵۔ گناہوں کی بخشش
۶۔ درجات میں بلندی
۷۔ کسی کا محتاج نہ ہونا
۸۔ حاجتوں کا پورا ہونا
۹۔ غیبی امداد
۱۰۔ جنت کی کنجی
۱۱۔ رب کی رضا

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشی رحمت کا قلم دان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
میرے مولا میرے آقا ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ کہ نا کام تمنا ہی رہی
ہائے وہ دل جو ترے در سے پر ارمان گیا

دل ہے وہ دل جو تری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو تیرے قدموں پہ قربان گیا

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

اور تم پر میرے آقا کی عنایت نہ سہی
نجد یو کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے انکی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

اف رے منکر یہ بڑھا جوش تعصّب آخر
بھیڑ میں ہاتھ سے کم بخت کے ایمان گیا

جان ودل ہوش وخرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

نعت شریف

عاصیوں کو در تمہار ا مل گیا　　بے ٹھکانوں کو ٹھکانہ مل گیا

فضل رب سے پھر کمی کس بات کی　　مل گیا سب کچھ جو طیبہ مل گیا

کشف رازمــــن رانـــــی یوں ہوا　　تم ملے تو حق تعالیٰ مل گیا

بے خودی ہے باعث کشف حجاب　　مل گیا ملنے کا رستہ مل گیا

ان کے درنے سب سے مستغنی کیا　　بے طلب بے خواہش اتنامل گیا

ناخدائی کے لئے آئے حضور صلی اللہ تعالیٰ وسلم　　ڈوبتوں کو سہارا مل گیا

دونوں عالم سے مجھے کیوں کھو دیا　　نفس خود مطلب تجھے کیا مل گیا

آنکھیں پر نم ہوگئیں سر جھک گیا　　جب ترانقش کف پامل گیا

خلد کیساکیا چمن کس کا وطن　　مجھ کو صحرائے مدینہ مل گیا

ہے محبت کس قدر نام خدا　　نام حق سے نام والا مل گیا

ان کے طالب نے جو چاہا پالیا　　ان کے سائل نے جو مانگا مل گیا

تیرے در کے ٹکڑے ہیں اور میں غریب　　مجھ کو روزی کا ٹھکا نا مل گیا

اے حسن فردوس میں جائیں جناب
ہم کو صحرائے مدینہ مل گیا

دعا

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو　　جب پڑے مشکل شہِ مشکل کُشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو　　شادیٔ دیدارِ حُسنِ مُصطفٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات　　اِن کے پیارے مُنھ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب پڑے محشر میں شورِ دارو گیر　　امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے　　صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشید حشر　　سیّدِ بے سایہ کے ظلِّ لوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن　　دامنِ محبُوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھُلنے لگیں　　عیب پوشِ خلق ستّارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنسو حسابِ جرم میں　　ان تبسُّم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حسابِ خندۂ بیجا رُلائے　　چشمِ گریانِ شفیعِ مرتجٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مری بیباکیاں　　اِن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہِ پُل صراط　　آفتابِ ہاشمی نُورُالہُدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے　　رَبِّ سَلِّمْ کہنے والے غمزدا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دُعائیں نیک ہم تجھ سے کریں　　قدسیوں کے لب سے اٰمیں رَبَّنا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رضا خوابِ گراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفٰے کا ساتھ ہو!

سلام

از اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنّت پہ لاکھوں سلام

فتح بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختم دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

خلق کے دادرس سب کے فریادرس
کہف روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے بیکس کی دولت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بےبس کی قوت پہ لاکھوں سلام

ربِّ اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود
حق تعالیٰ کی منّت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جس کے سجدہ کو محرابِ کعبہ جھکی
ان بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اُٹھ گئی دَم میں دَم آگیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس سے تاریک دِل جگمگانے لگے
اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

اس کی پیاری فصاحت پہ بیحد درود
اس کی دلکش بلاغت پہ لاکھوں سلام

ہاتھ جس سمت اُٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام

نُور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

بھینی بھینی مہک پر مہکتے درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

ان کے ہر نام ونسبت پہ نامی درود
اِن کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

ان کے مولا کے ان پر کروڑوں درود
انکے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

تیرے سب دوستوں کے طفیل اے خُدا
بندۂ ننگِ خلقت پہ لاکھوں سلام

میرے اُستاد ماں باپ بھائی بہن ،
اہل ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام

ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری اُمّت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب انکی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

درود تاج شریف

درود تاج بے پناہ فیوض و برکات کا نبع ہے اور یہ عاشقان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب وظیفہ ہے بے شمار صوفیا اور اولیاء نے یہ درود پاک خود پڑھا اور اپنے سلسلہ طریقت میں اپنے ارادتمندوں کو پڑھنے کی تلقین کی اس درود پاک میں پڑھنے والے کو صاحب کشف بنا دینے کی خصوصیت بہت نمایاں ہے لہٰذا اگر کوئی شخص صاحب کشف بننا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے اور تین سال تک یہی معمول جاری رکھے انشاء اللہ اس عرصہ میں صاحب کشف بن جائیگا اور اگر وہ اس سلسلے کو تا حیات جاری رکھے تو وہ صاحب روحانیت بن جائے گا کیونکہ یہ درود صفائی قلب کے لیے نہایت ہی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اس لیے جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کم ازکم سو مرتبہ پڑھتا ہو اس کا دل گناہوں سے پاکیزہ ہو جاتا ہے اور نیک راستے پر گامزن ہو جاتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو وہ اسے شب جمعہ میں ۱۷۰ مرتبہ پڑھے اور ۴۰ جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے انشاء اللہ شرف زیارت سے مشرف ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو صاحب

التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ؕ دَافِعِ

تاج و معراج اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے وسیلے

الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ؕ اِسْمُهٗ

سے بلاء، وبا قحط مرض اور دکھ دور ہوتا ہے۔ آپ کا نام

مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے

سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ؕ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ

آپ عرب و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس خوشبودار

مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ؕ شَمْسِ الضُّحٰی

پاکیزہ اور خانہ کعبہ اور حرم پاک میں منور ہے آپ چاشت گاہ کے آفتاب

بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ

اندھیری رات کے ماہتاب بلندیوں کے صدرنشین، راہ ہدایت کے نور، مخلوقات کی

الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ؕ جَمِیْلِ الشِّیَمِ ؕ

جائے پناہ، اندھیروں کے چراغ، نیک اطوار کے مالک،

شَفِیْعِ الْاُمَمِ ؕ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ؕ

امتوں کے بخشوانے والے، بخشش و کرم سے موصوف ہیں،

وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ ؕ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ ؕ وَالْبُرَاقُ

اللہ آپ کا نگہبان، جبریل علیہ السلام آپ کے خدمت گذار، براق

مَرْكَبُهٗ ؕ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ ؕ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى

آپ کی سواری، معراج آپ کا سفر، سدرۃ المنتہیٰ

مَقَامُهٗ ؕ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ ؕ وَ

آپ کا مقام اور (قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپ کا مطلوب ہے اور

الْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ ؕ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ؕ

مطلوب ہی آپ کا مقصود ہے، اور مقصود آپ کو حاصل ہے

سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ؕ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ ؕ شَفِیْعِ

آپ رسولوں کے سردار، نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے، گنہگاروں کے

الْمُذْنِبِیْنَ ؕ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ ؕ رَحْمَةٍ

بخشوانے والے، مسافروں کے غمخوار، دنیا جہان

لِّلْعٰلَمِیْنَ ؕ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ ؕ مُرَادِ

کے لیے رحمت، عاشقوں کی راحت، مشتاقوں

الْمُشْتَاقِیْنَ ؕ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ ؕ سِرَاجِ

کی مراد، خدا شناسوں کے آفتاب، راہ خدا پر

السَّالِکِیْنَ ۞ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ ۞ مُحِبِّ الْفُقَرَاءِ

چلنے والوں کے چراغ، مقربوں کے رہنما، محتاجوں غریبوں اور

وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ۞ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ ۞ نَبِیِّ

مسکینوں سے محبت رکھنے والے، جن وانس کے سردار، حرمین کے

الْحَرَمَیْنِ ۞ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ ۞ وَسِیْلَتِنَا فِی

نبی، دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا، اور دنیا و آخرت میں

الدَّارَیْنِ ۞ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ ۞ مَحْبُوْبِ

ہمارے وسیلہ ہیں، وہ جو مرتبۂ قاب قوسین پر فائز ہیں، دو مشرقوں اور

رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَالْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ

دو مغربوں کے رب کے محبوب ہیں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے

وَالْحُسَیْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی

جدّ امجد اور ہمارے اور (تمام) جن وانس کے آقا ہیں یعنی

الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ نُوْرٍ مِّنْ

ابی القاسم محمد ﷺ بن عبد اللہ جو اللہ کے نور میں سے ایک

اللّٰہِ یٰاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا

نور ہیں اے نور جمالِ محمد ﷺ کے مشتاقو! آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

آل پر اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے۔

درود لکھی

یہ درود مغفرت اور گناہوں کی معافی کے لیے بہت اکسیر ہے اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے مرحوم شدہ آباء و اجداد کی مغفرت ہو جائے اور عالم برزخ میں انہیں راحت ہو جائے تو اسے چاہئے کہ یہ درود پاک ۱۱ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے اس کے بعد اللہ کے حضور اس درود کے وسیلہ سے ان کی بخشش اور مغفرت کی دعا کرے انشاءاللہ، اللہ انہیں معاف کر کے ان کی قبر کو مثل جنت بنا دے گا اس کے علاوہ یہ درود دینی و دنیوی حاجات پوری ہونے کے لیے بھی بہت مؤثر ہے اس لیے اسے ایک مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فلاح دارین حاصل ہوتی ہے۔ تہجد کے بعد ۱۱ مرتبہ اس درود پاک کا ورد اضافہ رزق کا باعث بنتا ہے اس درود پاک کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ جس گھر میں یہ پڑھا جائے وہاں اتفاق اور برکت پیدا ہوتی ہے لہٰذا اگر کسی گھر میں بدسلوکی اور جھگڑا رہتا ہو تو اسے پڑھنے سے گھر میں امن و امان اور آپس میں ہمدردی پیدا ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَحۡمَۃِ اللّٰہِ

آل پر بیشمار اپنی رحمت کے برابر درود و سلام نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ فَضۡلِ اللّٰہِ

آل پر بیشمار اپنے فضل کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ خَلۡقِ اللّٰہِ

آل پر بیشمار اپنی مخلوقات کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی آل

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلۡمِ اللّٰہِ

پر بیشمار اپنی معلومات کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَلِمَاتِ اللّٰہِ

آل پر بیشمار اپنے کلمات کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی آل

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَرَمِ اللّٰہِ

پر اپنی بزرگی کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوۡفِ کَلَامِ اللّٰہِ

آل پر کلام اللہ کے حرفوں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الۡاَمۡطَارِ

آل پر بارشوں کے قطروں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ ط

آل پر درختوں کے پتوں کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ ط

آل پر صحراؤں کی ریت (ذرّوں) کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا خُلِقَ فِی الْبِحَارِ ط

آل پر بشمار اس چیز کے جو سمندروں میں پیدا کی گئی کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی آل

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ ط

پر دانوں اور پھلوں کی تعداد میں رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ ط

آل پر بشمار راتوں اور دنوں کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

کی آل پر بشمار ان چیزوں کے کہ جن پر رات نے

مَا اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَاَشْرَقَ عَلَیْهِ النَّھَارُ ط

اندھیرا اور دن نے روشنی کی رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ ط

آل پر بشمار ان (نفوس) کے جنہوں نے حضور اقدس پر درود بھیجا رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ

بشمار ان (نفوس) کے رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما جنھوں نے حضور ﷺ پر درود نہیں بھیجا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ

اس قدر رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما جس قدر کہ مخلوق نے سانس لی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ ط

آسمانوں کے ستاروں کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا

اور آپ ﷺ کی آل پر دنیا اور آخرت کی ہر چیز کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی

وَالْاٰخِرَۃِ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَ

نازل فرما خدائے برتر کی رحمتیں اور اس کے فرشتوں اور

اَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ الْخَلَآئِقِ عَلٰی سَیِّدِ

نبیوں، رسولوں اور تمام مخلوقات کا درود رسولوں

الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَقَآئِدِ الْغُرِّ

کے سردار پرہیزگاروں کے پیشوا، درخشاں پیشانی والوں،

الْمُحَجَّلِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

کے رہنما اور گنہگاروں کی شفاعت کرنیوالے، (یعنی) ہمارے آقا و مولیٰ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیّٰتِہٖ

محمد ﷺ پر اور آپ کی آل، آپ کے اصحاب، ازواج مطہرات، اولاد

وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ

اور اہل بیت پر اور تیرے تمام اطاعت شعاروں پر ہو جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اور زمینوں پر رہتے ہیں اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالے۔

وَیَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی

اور اے کرم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ کرم کرنیوالے اپنی رحمت سے (میری یہ التجا قبول فرما)

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اور حق تعالیٰ ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور تمام اصحاب پر

وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا دَآئِمًا اَبَدًا کَثِیْرًا ط

ہمیشہ ہمیشہ رحمت و سلامتی نازل فرمائے

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۞

اور تمام خوبیاں اللہ ہی کیلیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

درود ابراہیمی

اس درود پاک کی سند بخاری شریف کی یہ روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے کہا ہے کہ ہم کعب بن عجرہ سے ملے انہوں نے کہا کہ کیا میں تمہیں حضور کی حدیث سناؤں ہم نے کہا فرمائیے تو پھر انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے التجا کی کہ یا رسول اللہ آپ پر درود بھیجنا تو ہم کو معلوم ہو چکا ہے مگر ہم درود کس طرح بھیجیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان الفاظ میں مجھ پر درود بھیجو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صلوٰۃ بھیج

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

جس طرح تونے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اورحضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ

آل پر صلوٰۃ بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس طرح

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

درود خضری

یہ درود اولیاء اللہ کے اکثر معمولات میں رہا ہے بے شمار اولیاء نے اسے پڑھا ہے خاص کر حضرت میاں شیر محمد شرقپوری عارف کامل کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ یہ درود کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور اپنے مریدین کو بھی یہی درود پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے کیوں کہ یہ درود الفاظ کے لحاظ سے مختصر ہے مگر معنی کے لحاظ سے جامع ہے اس درود پاک کے فوائد بے پناہ ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے اس درود کو پڑھنے والا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب غلام بن جاتا ہے اور دین و دنیا میں اسے کسی چیز کی کمی نہیں رہتی اور سکون قلب کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ بزرگان چورہ شریف حضرت بابا فقیر محمد چوراہی اور ان کے سجادہ نشین حضرات کے معمول میں یہی درود کثرت سے پڑھا جاتا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

اے اللہ اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے

اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ ○

صحابہ پر سلام اور درود بھیج

دورد ہزارہ

درود ہزارہ طالبان روحانیت کا محبوب درود ہے کیوں کہ اس درود سے سالکین کو روحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہو جاتی ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص شفقت عنایات اور توجہ حاصل ہوتی ہے عام حضرات کے لیے بھی یہ درود زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت موثر اور اکسیر ہے لہذا جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے کہ رمضان المبارک میں یہ درود روزانہ تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد زیارت سے سرفراز ہوگا اسے ایک بار پڑھنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے اور ایک سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کے لیے اسے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے غم و فکر اور مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسے بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ دل کو سکون حاصل ہوگا اور تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

وسعت رزق اور قرضہ کی ادائیگی کے لیے بعد نماز عشاء ۳۱۳ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے لہذا جو شخص قرض میں دبا ہوا ہو تو اس کے لیے اس درود پاک کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے جو شخص جمعہ کے روز اسے ہزار مرتبہ پڑھے وہ شخص جنت میں داخل ہوگا یہ درود خاندان چشتیہ کے اکثر بزرگوں کے معمول میں سے ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر

بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ

ہر ایک ذرّہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج

درود نعمت عظمیٰ

یہ درود شریف ایک طرح کا دریائے رحمت ہے اور اسے پڑھنے والا دریائے رحمت میں غوطہ زن ہو جاتا ہے لہذا اس درود شریف کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب پڑھنے اللھم صل کہتا ہے تو وہ اللہ کے فضل و کرم کے سمندر میں قدم رکھ دیتا ہے اور جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتا ہے تو وہ دریائے رسالت کی موجوں میں آ جاتا ہے اور جس وقت وہ وعلیٰ الہ کہتا ہے تو اس پر اہل بیت جیسی عنایات ہونے لگتی ہیں اور جب علیٰ اصحابہ کہتا ہے تو اسے صحابہ جیسی خیر و برکت ملنا شروع ہو جاتی ہے اس درود کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دل کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں روح اور دل کو تر و تازگی ملتی ہے دلی مرادیں اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ لہذا جو شخص اس درود شریف کے فیوض و برکات سے سرخرو ہونا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے اگر ایسا نہ کر سکے تو ایک بار ضرور پڑھے۔

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں نیکو کاروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السَّالِكِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں سالکوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُعَاهِدِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں عہد کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْهَادِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں ہدایت والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَهْدِيِّيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں راہ پانے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُقْتَبِسِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں روشنی پکڑنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُمَكِّنِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں مرتبہ پانے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفَائِقِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں فوقیت پانے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفَاتِحِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار ہیں کھولنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَعَ الْاَرْضِ اِذَا

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زمین کے جب

بدلت اللهم صل على محمد مع الصدور

بدلی جائے یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سینوں کے

اذا حصلت اللهم صل على محمد مع

جب کھولے جاویں یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

الحسنات اذا اظهرت اللهم صل على

نیکیوں کے جب ظاہر کی جاویں یا الٰہی درود بھیج اوپر

محمد مع السيات اذا ابدلت اللهم

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برائیوں کے جب بدلی جاویں یا الٰہی

صل على محمد مع السيات اذا انزلت اللهم

درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برائیوں کے جب چھوڑ دی جاویں یا الٰہی

صل على محمد مع الحاجات اذا قضيت

درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاجتوں کے جب پوری کی جاویں

اللهم صل على محمد مع الجنة اذا ازلفت

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بہشت کے جب کہ قریب کی جاوے

اللهم صل على محمد مع النفوس اذا زوجت

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نفسوں کے جب ملائے جاویں

اللهم صل على محمد الامين على وحيك

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو امانت دار ہیں اوپر وحی تیرے کے

صلوة لا حد لها ولا منتهى اللهم صل على

درود بے حد اور بے انتہا یا الٰہی درود بھیج اوپر

محمد بعدد كل معلوم لك وعلى ال

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عدد کے کہ معلوم ہے تجھ کو اور اوپر اولاد

سيدنا محمد وبارك وسلم اللهم صل

سردار ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور برکت اور سلام بھیج یا الٰہی درود بھیج

على محمد اضعاف ما صلى عليه جميع

اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کئی گنا اس چیز کا کہ درود پڑھیں اوپر اس کے

المصلين من السابقين والمؤخرين

سب درود خواں اگلے اور پچھلے

اضعافا مضاعفة الف الف الف في الف

دگنا دگنا کئی لاکھ اور

الف وصل كذلك على جميع الانبياء و

درود بھیج اسی طرح اوپر تمام نبیوں اور

المرسلين وعلى الملئكة المقربين وعلى

رسولوں کے اور اوپر فرشتوں مقربوں کے اور اوپر

اهل طاعتك اجمعين اللهم صل على محمد

جو اہل طاعت تیرے ہیں سب یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

وعلى ال محمد بعدد كل شيء في الدنيا

اور اوپر آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گنتی ہر چیز کے جو بیچ دنیا

والاخرة صلوات الله وملئكته وانبيائه

اور آخرت کے ہے رحمتیں اللہ کی اور فرشتوں اس کے کی اور نبیوں اس کے کی

وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

اور رسولوں اس کے کی اور تمام خلقت اس کے کی اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جو سردار ہیں

الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيّٖنَ

رسولوں کے اور پیشوا پر ہیزگاروں کے اور ختم کرنیوالے نبیوں کے

وَقَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

اور کھینچے والے ہیں روشن پیشانی اور ہاتھ پاؤں والوں کی اور شفاعت کرنے والے گنہگاروں کے

وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ

اور رسول پر وردگار جہانوں کیااوراوپر آل اس کی اور یار اس کے اور

ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَحْفَادِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اولاد اس کی اور گھر والوں اس کے اور نواسوں اس کے سب کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جِبْرِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر جبرائیل اور میکائیل اور اسرافیل

وَعِزْرَآئِيْلَ وَمُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ

اور عزرائیل اور منکر اور نکیر اور فرشتے مقربوں کے

وَعَلٰى حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ

اور اوپر اٹھانے والوں عرش کے اور کراماً کاتبین کے یا الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اوپر اولاد سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور برکت اور سلام بھیج ایسا درود کہ خلاصی دے ہم کو

جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا

ساتھ اس کے تمام خوف اور آفتوں سے اور پورا کرے تو واسطے ہمارے

جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

ساتھ اس کے تمام حاجتوں کے اورپاک کر ہم کو ساتھ اس کے تمام

السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ

برائیوں سے اور بلند کر دے ہم کو ساتھ اس کے نزدیک اپنے اعلیٰ درجوں پر

وَتُبَلِّغُنَا بِهَاۤ اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ

اور پہنچا دے ہم کو ساتھ اس کے منزل مقصود پر تمام نیکیوں سے

الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ

بیچ زندگانی کے اور بعد مرنے کے یا الٰہی

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور برکت

وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

بھیج اورسلامتی اور درود بھیج اوپر تمام نبیوں کے اور رسولوں کے

وَعَلٰى عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا

اور اوپر بندے اپنے نیکوں کے اورسلام بھیج سلام بہت

كَثِيْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْۤ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ

بہت یا الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ سے بطفیل اس درود کے

اَنْ تُكْرِمَنِىْ بِرُؤْيَةِ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ

یہ کہ عزت دے تو مجھے ساتھ دیدار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو مہر نبیوں کے ہیں

فِی الْمَنَامِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِاُسْتَاذِیَّ

بیچ خواب کے اور یہ کہ بخش دے تو مجھے اور ماں باپ میرے اور استادوں

وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ

میرے اور تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَتُجِیْرَنِیْ

اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان سے یا مردہ اور بچا تو مجھ

مِنْ عَذَابِكَ وَتُوْجِبَ لِیْ رِضْوَانَكَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

کو عذاب اپنے سے اور واجب کر میرے واسطے رضا مندی اپنی اور سلام بھیج سلام

كَثِیْرًا كَثِیْرًا بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

بہت بہت ساتھ رحمت اپنی کے اے بڑے رحم کرنے والوں کے

درود اول و آخر

اس کے عمل سے دشمن ہمیشہ مغلوب ہو جاتے ہیں لہٰذا اگر کسی کو کوئی دشمن بلا وجہ تنگ کرتا ہو تو وہ سات جمعہ کو بعد نماز جمعہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ اَكْرَمِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَ

اے اللہ اپنے اول اور آخر معزز حبیب پر اور ان کی آل پر اور

عَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ان کے صحابہ پر درود برکت اور سلام بھیج

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

الصلوٰۃ والسلام علیک
یاسیدی یارسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم

درود مصطفیٰ

اس درود پاک کا عامل نیک صفات سے متصف ہو جائے گا۔ اور کثرت سے پڑھنے والا رسول اکرم ﷺ کی محبت میں محو رہے گا اور جو شخص صبح شام یا ہر نماز کے بعد اس درود شریف کی تلاوت کرتا رہے وہ ذلت سے نکل کر عظمت میں آجائے گا۔ ادنیٰ سے اعلیٰ مرتبے پر پہنچے گا اگر کسی حاکم یا کسی افسر کے پاس جائے گا تو عزت پائے گا۔ اور اسے کثرت سے پڑھنے والے کا دل روشن ہو جاتا ہے اور اسے سچے خواب آنے لگتے ہیں خواب میں بزرگان اور جلیل القدر ہستیوں کی زیارت ہوگی اگر شدید قسم کے بیمار آدمی کے سرہانے اس درود پاک کو سو مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کے واسطہ سے اللہ کے حضور بیمار کی صحتیابی کی دعا کی جائے تو اللہ قبول فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ

حبیب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل

سَلِّمْ ۝

پر اور سلامتی

درود قرآنی

اس درود پاک کے الفاظ میں یہ کہا گیا ہے کہ اے اللہ قرآن پاک کے الفاظ کے برابر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیج اس لیے اسے قرآنی درود کہا جاتا ہے۔ اس درود کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی بے پناہ رحمت ہوتی ہے کیوں کہ اس درود کے ساتھ اللہ کی رحمت کا خاص دخل ہے۔ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو علاقہ کے لوگ ایک مسجد میں جمع ہو کر اجتماعی صورت میں شماروں پر سوا لاکھ مرتبہ یہ درود پڑھیں اور اس کے بعد بارش کی دعا مانگیں انشاء اللہ بارگاہ رب العزت میں دعا قبول ہوگی اور رحمت ربی کا بادل آسمانوں پر چھا کر برسنا شروع کر دے گا۔

اس درود پاک کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ پڑھنے والے کے دل میں حب رسول بہت بڑھ جاتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی سے کمال محبت نصیب ہوتی ہے جو شخص اس درود کو قرآن پاک کی تلاوت شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت سات سات مرتبہ پڑھے وہ ہمیشہ خوشحال اور پرسکون رہے گا اس کے علاوہ صبح وشام اسے تین مرتبہ پڑھنا گھر میں خیر و برکت اور اتفاق کا موجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اے اللہ بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان کی اولاد کے اور ان

بِعَدَدِ مَا فِيْ جَمِيْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ

کے دوستوں کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے اور ہر ہر حرف کے بدلے

بِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

درود فقری

یہ درود میرے معمولات میں سے ہے یہ درود بے پناہ انوار و برکات کی حامل ہے صدق اخلاص سے پڑھنے والا اللہ کی طرف راجع ہوجاتا ہے اور اعمال نامے میں نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت حاصل ہوگی۔ ظاہر اور باطن میں پاکیزگی پیدا ہوگی۔ بعد نماز فجر ایک سو مرتبہ بلاناغہ پڑھنے والا ہر طرح کے فیضان سے مستفید و مستفیض ہوگا۔ اور جو شخص بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ دینی یا دنیوی حاجت روائی کی غرض سے پڑھے انشاء اللہ اس کے دل کی مراد پوری ہوگی اور اللہ کی مدد رحمت سے اس کی مشکل حل ہوجائے گی۔ اگر روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ کی تائید و مدد شامل حال رہے گی۔ غمزدہ پڑھے غم دور ہوجائے سفر میں پڑھا جائے سفر بخیریت گزرے گا عام طور پر پڑھنے سے شر شیطان اور ایذائے دشمن سے حفاظت رہے گی اگر کوئی چالیس رات بعد نماز تہجد ہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے جو اللہ سے مانگے وہی ملے اگر زیارت کی غرض سے پڑھے تو زیارت سے بھی مشرف ہوگا۔ ایسا کرم اللہ تعالیٰ نے بندہ ناچیز پر بھی کیا ہے ۔ رمضان المبارک میں کثرت سے پڑھنا بارگاہ محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کا بہترین وسیلہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی و رضا اور قرب حاصل کرنے کا آسان ترین ذریعہ ہے۔ اسے ہمیشہ معمول کے مطابق پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہوجاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَفْضَلِ الْحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ

اے اللہ اپنے افضل حبیب عظیم نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

الْعَظِيْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ

پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر درود اور سلام بھیج

درود حصول رحمت

یہ درود اللہ کو راضی کرنے کے لیے بہت بہتر ہے لہٰذا جو شخص اسے روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس سے راضی ہوجائے گا اور اسے نعمتوں اور رحمتوں سے مالا مال کردیگا اللہ تعالیٰ اسے ایسا نیک کام سرانجام دینے کی توفیق دے گا جو تاقیامت رہے گا جس سے اس کا نام ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے گا۔ یہ درود شریف میرے معمولات میں سے ہے میں نے اسے فیوض و برکات کے لحاظ سے بہت اکسیر پایا ہے جو شخص اس درود شریف کو روزانہ چند بار پڑھنے کا معمول بنالے اس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہوجائے گا جس کی بدولت بے پناہ دینی فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ درود دل کے میل کچیل کو اسی طرح دھوڈالتا ہے اس طرح صابن کپڑے کو دھو کر صاف کردیتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا

اے اللہ درود بھیج اور ابدی درود بھیج سلام بھیج اپنے حبیب اور

عَلٰى حَبِيْبِكَ وَسَيِّدِ النَّبِيِّيْكَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

انبیاء کے سردار پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

اَجْمَعِيْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پس تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں

درود قبرستان

درود روحی ایک ایسا درود ہے جس کے پڑھنے سے فوت شدہ حضرات کو عالم برزخ میں بہت فائدہ پہنچتا ہے لہٰذا یہ درود مردوں کے لیے بخشش کا ذریعہ ہے۔ اس لیے اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے فوت شدہ ماں باپ بخشے جائیں یعنی اللہ تعالیٰ ان کے تمام گناہ معاف کرے تو اسے چاہیے کہ ۴۱ روز ماں باپ کی قبروں پر جا کر اس درود کو روزانہ صبح کے وقت ۴۱ مرتبہ پڑھے اور بعد میں اللہ کے حضور ان کی مغفرت کی دعا کرے انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور اللہ ان کی بخشش کر دے گا اور عالم برزخ میں ان کی قبر کو مثل جنت بنا دے گا۔ اس درود کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ قبرستان میں اسے پڑھنے سے روحوں کو عذاب سے نجات ملتی ہے لہٰذا جب کوئی قبرستان میں زیارت قبور کے لیے جائے تو اسے چاہیے کہ وہاں ایک مرتبہ یہ درود پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الصَّلٰوةُ وَ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک نماز باقی ہے اور درود بھیج

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الرَّحْمَةُ وَصَلِّ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک رحمت باقی ہے اور درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الْبَرَكَاتُ وَصَلِّ عَلٰى رُوْحِ

اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک برکتیں ہیں اور درود بھیج محمد صلی

مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى صُوْرَةِ مُحَمَّدٍ

اللہ علیہ وسلم کی روح پر درمیان روحوں کے اور درود بھیج اوپر صورت محمد صلی

فِى الصُّوَرِ وَصَلِّ عَلٰى اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَسْمَآءِ

اللہ علیہ وسلم کے درمیان صورتوں کے اور درود بھیج اوپر نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور درود

وَصَلِّ عَلٰى نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِى النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰى

بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان نفسوں کے اور درود بھیج

قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ

اوپر قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان دلوں کے اور درود بھیج اوپر قبر

مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قبروں کے اور درود بھیج اوپر روضہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

فِى الرِّيَاضِ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى

کے درمیان روضوں کے اور درود بھیج اوپر جسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جسموں

الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰى تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِى التُّرَابِ

کے اور درود بھیج اوپر تربت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان خاک کے

وَصَلِّ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور درود بھیج اوپر اپنی مخلوق کے بہترین (فرد) ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ

اوپر ان کی اولاد کے اور ان کے اصحاب پر ان کی ازواج پر اور ان کی

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ

ذریات پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے تمام احباب اور درود نازل کر اپنی رحمت

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

درودِ حبیب

یہ درود عاشقان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصی وظیفہ ہے اور اس کے لیے پناہ فیوض و برکات ہیں اسے پڑھنے سے بے پناہ اللہ کی رحمت ہوتی ہے اور گناہ معاف ہوتے ہیں بھولی ہوئی چیزیں یاد آجاتی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے دنیا کے غموں سے نجات ملتی ہے۔ اعمال نامہ میں کثرت سے نیکیاں لکھی جاتی ہیں یہ درود پڑھنے والوں پر اللہ راضی ہوجاتا ہے یہ درود قبر کی روشنی ہے۔ یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔ لہٰذا ہر دعا کے آغاز اور اختتام پر یہ درود پڑھنا چاہیئے۔ ہر مجلس کے شروع میں یہ درود پڑھنا چاہیئے صبح و شام بلکہ ہر نماز کے مناسک ادا کرتے وقت مساجد میں فارغ وقت میں گویا جس وقت موقع پائیں اس درود پاک کو کثرت سے پڑھیں انشاء اللہ دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِكَ

اے اللہ کے رسول تجھ پر درود اور سلام ہو۔ اور اے اللہ کے حبیب تمہاری آل

وَاَصْحَابِكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ ؕ

اور صحابہ پر بھی درود سلام ہو۔

درود مستجاب الدعوات

یہ درود اللہ کا رحم و کرم حاصل کرنے کے لیے بہت بڑا وسیلہ ہے جو شخص اسے سو مرتبہ بعد نماز فجر اور ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے وہ زندگی بھر معزز و مکرم رہے اگر تنگدستی اور مفلسی دور کرنے کی نیت سے پڑھے تو بہت جلد اللہ اس پر کرم کرے گا اور اس کے رزق میں اضافہ ہوجائے گا۔ اور جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کم از کم ۱۱ مرتبہ پڑھے تو وہ اس درود پاک کی بدولت عزت دولت اور برکت جیسی عظیم نعمتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص رزق حلال کھا کر نوے دن تک روزانہ ۱۱۰۰ گیارہ سو مرتبہ سوتے وقت پڑھے تو انشاء اللہ زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔ اس کے علاوہ جب بھی اسے پڑھا جائے گا۔ تو اس سے دنیا آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ

اے اللہ پنے امی کریم نبی پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت

وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ ؕ

اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اللہ تعالیٰ محمد کا رب ہے درود اور سلام ہو ان پر

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ہم محمد کے غلام ہیں درود اور سلام ہو ان پر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اسماءِ حضور غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

هُوَ قُطْبُ الَّذِىْ لَاقُطْبَ اِلَّا هُوَ عَبْدُ الْقَادِرِ
جِيْلَانِىْ هُوَ الْغَوْثُ الَّذِىْ لَاغَوْثَ اِلَّا هُوَ

سَيِّدٌ مُؤَيِّدٌ كَرِيْمٌ عَظِيْمٌ شَرِيْفٌ ظَرِيْفٌ اِمَامٌ
مُؤْمِنٌ مُهَيْمِنٌ سَالِكٌ صَالِحٌ مُنْعِمٌ مُكَرَّمٌ
طَيِّبٌ مُطَيِّبٌ جَوَّادٌ مُرْفَادٌ صَآئِمٌ قَآئِمٌ عَابِدٌ
زَاهِدٌ سَاجِدٌ وَاجِدٌ مَاجِدٌ
جَلِيٌّ خَفِيٌّ تَقِيٌّ نَقِيٌّ
كَامِلٌ بَارِزٌ صَفِيٌّ زَكِيٌّ
حَمِيْدٌ نَاصِرٌ مُنَاصِرٌ سَعِيْدٌ رَشِيْدٌ مُنْجِيْ غَوْثٌ
قُطْبٌ نَقِيْبٌ نَجِيْبٌ خَاشِعٌ خَاضِعٌ بُرْهَانٌ
صَاحِبٌ ثَاقِبٌ وَارِثٌ وَارِعٌ بَارِعٌ فَآئِقٌ لَآئِقٌ

رَاسِخٌ شَامِخٌ وَلِيٌّ خَفِيٌّ ظَاهِرٌ بَاطِنٌ
طَاهِرٌ مُطَهَّرٌ مُطِيْعٌ مُجِيْبٌ اَجِيْبٌ شَاهِدٌ رَاشِدٌ
زَائِدٌ قَآئِمٌ بَصِيْرٌ مُنِيْرٌ سِرَاجٌ تَاجٌ
مُقَرَّبٌ مُحَدِّثٌ خَلِيْلٌ دَلِيْلٌ صَادِقٌ عَادِلٌ سُلْطَنٌ
حَسَنِيٌّ حُسَيْنِيٌّ حَنْبَلِيٌّ شَافِعِيٌّ عَالِمٌ حَاكِمٌ
عَادِلٌ مُعِيْنٌ مُبِيْنٌ مِصْبَاحٌ مِفْتَاحٌ شَاكِرٌ ذَاكِرٌ
مَلَاذٌ مَعَاذٌ رَافِعٌ نَاصِحٌ وَاضِحٌ حَافِظٌ

وَلَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا كَثِيْرًا ط بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ہ

قصیدہ غوثیہ

قصیدہ غوثیہ بحر معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار ہیں جو حضرت سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی پرواز معرفت کے ترجمان ہیں۔ یہ قصیدہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی زبان حق سے اس وقت جاری ہوا جب کہ آپ عشق الٰہی میں مستغرق تھے اور ذات حق کے جلوہ میں جذب تھے اور مقام وصل میں گم تھے اور آپ نے وہ باتیں کہہ دیں جہاں بندے کی زبان پر رب بولتا ہے۔ یہ قصیدہ عرفان الٰہی کا گوہر نایاب ہے اس کا ایک ایک لفظ بحر حقیقت میں ڈوبا ہوا ہے۔ اس لیے جو شخص اس قصیدے کا ورد کرے گا وہ بھی اللہ کی معرفت میں رگ جائے گا اور اسے قرب الٰہی حاصل ہوگا۔ اس کے فوائد بے پناہ ہیں۔ یہ کلام بے نظیر و پرتاثیر قضائے حاجت وحل مشکلات دینی ودنیاوی اور حصول فیوض ظاہری وباطنی کے لیے اکسیر صفت اور تیر بہدف اور خاص الخاص مجرب ورد اولیاء اللہ ہے۔ اس کا ورد کرنے سے حب الٰہی و عشق مصطفائی کے نورانی شعلے دل میں پیدا ہوں گے۔ عرفان وقرب حق اور حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا وصل دیدار اس کی برکت سے نصیب ہوگا۔

حضور غوث پاک اور تمام اولیائے عظام کی زیارتیں ہوں گی۔ نعمت دیدار جمال بے مثال حضور محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم عطا ہوگی۔ ہر قسم کی دینی ودنیاوی اور ظاہری وباطنی نعمتوں سے جھولیاں بھریں گی۔ ہر کام میں کامیابی اور ہر میدان میں فتحیابی حاصل ہوگی، اس کا ورد کرنے سے سرکار محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خاص الخاص نسبت حاصل ہوتی ہے اور طالب حق بہت جلد اپنے مقصد میں کامیاب ہوتا ہے اور منزل مقصود پر پہنچتا ہے۔

قصیدۂ غوثیہ

سقانی الحب کاسات الوصال
عشق و محبت نے مجھے وصل کے پیالے پلائے
فقلت لخمرتی نحوی تعالی
پس میں نے اپنی شراب سے کہا کہ میری طرف آ

سعت ومشت لنحوی فی کؤوس
پیالوں میں (بھری ہوئی) وہ شراب میری طرف دوڑی
فہمت لسکرتی بین الموالی
پس میں اپنے احباب کے درمیان نشۂ شراب سے مست ہوگیا

فقلت لسائر الاقطاب لموا
میں نے تمام اقطاب کو کہا کہ آپ بھی عزم کرو
بحالی وادخلوا انتم رجالی
اور میرے حال میں داخل ہو جاؤ کیونکہ آپ میرے رفقاء ہیں

وہموا واشربوا انتم جنودی
ہمت اور مستحکم ارادہ کرو اور جام معرفت پیو کہ تم میرے لشکری ہو
فساقی القوم بالوافی ملالی
ساقیٔ قوم نے میرے لئے لبالب جام بھر رکھا ہے

شربتم فضلتی من بعد سکری
میرے مست ہونے کے بعد تم نے میری بچی ہوئی شراب پی
ولا نلتم علوی واتصالی
اور تم میرے بلند مرتبے اور قرب کو نہ پاسکے

مقامکم العلی جمعا ولکن
اگر چہ آپ سب کا مقام بلند ہے پھر بھی
مقامی فوقکم مازال عالی
میرا مقام آپ کے مقام سے بلند تر ہے اور ہمیشہ رہیگا

انا فی حضرۃ التقریب وحدی
میں بارگاہ قرب الٰہی میں یکتا اور یگانہ ہوں
یصرفنی وحسبی ذو الجلال
اللہ تعالیٰ مجھے ایک درجے سے دوسرے اعلیٰ درجے کی طرف پھیرتا ہے اور وہ مجھے کافی ہے

انا البازی اشہب کل شیخ
میں باز ہوں! تمام شیوخ پر غالب ہوں
ومن ذا فی الرجال اعطی مثالی
مردان خدا میں سے کون ہے جس کو میرے جیسا مرتبہ عطا کیا گیا ہے

کسانی خلعۃ بطراز عزم
اللہ تعالیٰ نے مجھے (ارادہ مستحکم) کے بیل بوٹے والی خلعت پہنائی
وتوجنی بتیجان الکمال
اور تمام کمالات کے تاج میرے سر پر رکھے

واطلعنی علی سر قدیم
اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے راز قدیم پر مطلع کیا
وقلدنی واعطانی سؤالی
اور مجھے (عزت کا) ہار پہنایا اور جو کچھ میں نے مانگا مجھے عطا کیا

وولانی علی الاقطاب جمعا
اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام اقطاب پر حاکم بنایا ہے
فحکمی نافذ فی کل حال
پس میرا حکم ہر حالت میں جاری ہے

فلو القیت سری فی بحار
اگر میں اپنا راز دریاؤں پر ڈالوں
لصار الکل غورا فی الزوال
تو تمام دریاؤں کا پانی زمین میں جذب ہو کر خشک ہو جائے

ولو القیت سری فی جبال
اگر میں اپنا راز پہاڑوں پر ڈالوں
لدکت واختفت بین الرمال
تو وہ ریزہ ریزہ ہو کر ریت میں ایسے مل جائیں کہ ان میں اور ریت میں فرق نہ رہے

ولو القیت سری فوق نار
اگر میں اپنا راز آگ پر ڈالوں
لخمدت وانطفت من سر مالی
تو وہ میرے راز سے بالکل سرد ہو جائے اور اس کا نام و نشان باقی نہ رہے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ
اگر میں اپنا راز کو مردے پر ڈالوں

لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی
تو وہ فوراً اللہ کی قدرت سے اٹھ کھڑا ہو

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ
جو مہینے اور زمانے

تَمُرُّ وَتَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ
گذر چکے ہیں یا گذر رہے ہیں وہ میرے پاس حاضر ہوتے ہیں

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَتَجْرِیْ
اور وہ مجھ کو گذرے ہوئے اور آنے والے واقعات کی خبر

وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ
اور اطلاع دیتے ہیں تو مجھ سے جھگڑا کرنے سے باز آ

مُرِیْدِیْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ
اے میرے مرید! سرشار عشق الٰہی ہو اور خوش رہ اور بے باک ہو اور خوشی کے گیت گا

وَافْعَلْ مَا تَشَآءُ فَالْاِسْمُ عَالٍ
اور جو چاہے کر کیونکہ میرا نام بلند ہے

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّیْ
اے میرے مرید کسی سے مت ڈر، اللہ تعالیٰ میرا پروردگار ہے

عَطَانِیْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالٖ
اس نے مجھے وہ بلندی عطا فرمائی ہے کہ جس سے میں نے اپنی مطلوبہ آرزوؤں کو پالیا ہے

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ
میرے نام کے ڈنکے زمین آسمان میں بجائے جاتے ہیں

وَشَاءُوْسُ السَّعَادَةِ قَدْ بَدَالِیْ
اور نیک بختی کے نگہبان و نقیب میرے لئے ظاہر ہو رہے ہیں

بِلَادُ اللّٰهِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ
اللہ تعالیٰ کے تمام شہر میرا ملک ہیں اور ان پر میری حکومت ہے

وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَالِیْ
اور میرا وقت دل کی پیدائش سے پہلے ہی صاف تھا

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا
میں نے خدا تعالیٰ کے تمام شہروں کی طرف دیکھا

کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالٖ
تو وہ سب مل کر رائی کے دانہ کے برابر تھے

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْبًا
میں علم پڑھتے پڑھتے قطب ہو گیا

وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَّوْلَی الْمَوَالِیْ
اور میں نے خدا وند تعالیٰ کی مدد سے سعادت کو پا لیا

فَمَنْ فِیْ اَوْلِیَآءِ اللّٰهِ مِثْلِیْ
تو اولیاء اللہ میں سے کون میری مثل ہے

وَمَنْ فِی الْعِلْمِ وَالتَّصْرِیْفِ حَالِیْ
اور کون میرے علم اور تصرف میں میرے حال کو پہنچا ہے

رِجَالِیْ فِیْ هَوَاجِرِهِمْ صِیَامٌ
میرے مرید موسم گرما میں روزہ رکھتے ہیں

وَفِیْ ظُلَمِ اللَّیَالِیْ کَاللَّاٰلِیْ
اور راتوں کو تاریکی میں موتیوں کی طرح چمکتے ہیں

وَکُلُّ وَلِیٍّ لَّهٗ قَدَمٌ وَّاِنِّیْ
ہر ایک ولی کے لئے ایک قدم یعنی مرتبہ ہے اور میں

عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالٖ
سرکار دو عالم ﷺ کے قدم مبارک پر ہوں جو آسمان کمال کے بدر کامل ہیں

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ
اے میرے مرید تو کسی چغل خور شریر سے نہ ڈر کیونکہ میں

عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالٖ
لڑائی میں اولو العزم اور دشمن کو قتل کرنے والا ہوں

اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیُ الدِّیْنِ اِسْمِیْ
میں گیلان کا رہنے والا ہوں اور محی الدین میرا لقب ہے

وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالٖ
اور میرے نشان پہاڑوں کی چوٹیوں پر لہرا رہے ہیں

اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمِخْدَعُ مَقَامِیْ
میں حضرت امام حسن کی اولاد سے ہوں اور میرا مرتبہ مخدع (خاص مقام) ہے

وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالٖ
اور میرا قدم اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہیں

وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْهُوْرُ اِسْمِیْ
اور عبدالقادر میرا مشہور و معروف نام ہے

وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالٖ
اور میرے نانا پاک یعنی سرکار عالمیان ﷺ چشمہ کامل کے مالک ہیں

فوائد دعائے جمیلہ

دعائے جمیلہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا حسین ترین مجموعہ ہے جو کوئی اس دعا کو روزانہ پڑھے دین و دنیا کی سعادت اور عزت حاصل ہوگی بے پناہ ثواب ملے گا تمام صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف ہوں گے جو شخص اسے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس پر بے حد مہربان ہوگا اور اس کے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے گا اس کے رزق میں اضافہ ہوگا گھر میں خیر و برکت پیدا ہوگی اہل خانہ میں محبت اور مروّت قائم رہے گی۔ اگر کوئی جائز حاجت ہوگی تو وہ بھی پوری ہوگی جس کام کو ہاتھ ڈالے گا کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوگا اگر سفر پر جائے گا تو امن و امان سے واپس اپنے اہل و عیال میں آئے گا گویا کہ اس دعا کو پڑھنے سے ہر لحاظ سے نیکی اور سکون حاصل ہوگا۔ اگر کوئی شخص اسے بعد نماز تہجد پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا سینہ نور خداوندی سے روشن ہو جائے گا۔

اور اس پر حصول معرفت کی راہیں کھل جائیں گی اگر کسی کا مرشد کامل نہ ہو تو اس دعا کو سات دن تک سوتے وقت سات مرتبہ روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ اللہ کے کرم سے مرشد کامل مل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

یَا جَمِیْلُ یَآ اَللّٰهُ یَا قَرِیْبُ یَآ اَللّٰهُ یَا

اے خوبی والے اے اللہ اے نزدیک اے اللہ اے

مُجِیْبُ یَآ اَللّٰهُ یَا حَبِیْبُ یَآ اَللّٰهُ یَا رَءُوْفُ

مجیب اے اللہ اے قبول کرنے والے اے اللہ اے مہربانی کرنے والے

یَا اللہُ یَا مَعْرُوْفُ یَا اللہُ یَا مَنَّانُ یَا اللہُ

اے اللہ اے نیکو کار اے اللہ اے احسان والے اے اللہ

یَا دَیَّانُ یَا اللہُ یَا بُرْهَانُ یَا اللہُ یَا سُلْطَانُ

اے دیّان اے اللہ اے قوی دلیل اے اللہ غالب

یَا اللہُ یَا مُسْتَعَانُ یَا اللہُ یَا مُحْسِنُ یَا اللہُ

اے اللہ اے مدد چاہے گئے اے اللہ اے احسان کرنے والے اے اللہ

یَا مُتَعَالِیْ یَا اللہُ یَا رَحْمٰنُ یَا اللہُ یَا

اے سب سے برتر اے اللہ اے مہربان اے اللہ اے

رَحِیْمُ یَا اللہُ یَا حَلِیْمُ یَا اللہُ یَا عَلِیْمُ

نہایت رحم والے اے اللہ اے حلم والے اے اللہ اے خبر دار

یَا اللہُ یَا کَرِیْمُ یَا اللہُ یَا جَلِیْلُ یَا اللہُ

اے اللہ اے نہایت کرم کرنے والے اے اللہ اے بزرگ اے اللہ

یَا مَجِیْدُ یَا اللہُ یَا حَکِیْمُ یَا اللہُ یَا مُقْتَدِرُ

اے صاحب بزرگی کے اے اللہ اے حکمت والے اے اللہ اے ظاہر قدرت والے

یَا اللہُ یَا غَفُوْرُ یَا اللہُ یَا غَفَّارُ یَا اللہُ

اے اللہ اے بخشنے والے اے اللہ اے گناہ بخشنے والے اے اللہ

یَا مُبْدِئُ یَا اللہُ یَا رَافِعُ یَا اللہُ یَا شَکُوْرُ

اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے قدردان

یَا اللہُ یَا خَبِیْرُ یَا اللہُ یَا بَصِیْرُ یَا اللہُ یَا

شکر کرنیوالوں کے اے اللہ اے خبر رکھنے والے اے اللہ اے دیکھنے والے اے اللہ اے

سَمِیْعُ یَا اللہُ یَا اَوَّلُ یَا اللہُ

سننے والے اے اللہ اے اوّل اے اللہ

یَا اٰخِرُ یَا اللہُ یَا ظَاهِرُ یَا اللہُ یَا

اے آخر اے اللہ اے ظاہر اے اللہ اے

بَاطِنُ یَا اللہُ یَا قُدُّوْسُ یَا اللہُ یَا

باطن اے اللہ اے پاکیزہ بڑے وصفوں سے اے اللہ اے

سَلَامُ یَا اللہُ یَا مُهَیْمِنُ یَا اللہُ یَا عَزِیْزُ

سلامتی والے اے اللہ اے نگہبان اے اللہ اے زبردست

یَا اللہُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا اللہُ یَا خَالِقُ یَا اللہُ

اے اللہ اے عظمت والے اے اللہ اے پیدا کرنے والے اللہ

یَا وَلِیُّ یَا اللہُ یَا مُصَوِّرُ یَا اللہُ یَا جَبَّارُ

اے دوست خلق کے اے اللہ اے صورت بنانے والے اے اللہ اے زبردست

یَا اللہُ یَا حَیُّ یَا اللہُ یَا قَیُّوْمُ یَا اللہُ یَا

اے اللہ اے ہمیشہ جینے والے اے اللہ اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے اللہ اے

قَابِضُ یَا اللہُ یَا بَاسِطُ یَا اللہُ یَا مُذِلُّ

قابض اے اللہ اے فراخ کنندہ اے اللہ اے ذلّت دینے والے

يَا اَللّٰهُ يَا قَوِيُّ يَا اَللّٰهُ يَا شَهِيْدُ يَا اَللّٰهُ

اے اللہ اے قوت دینے والے اے اللہ اے حاضر اے اللہ

يَا مُعْطِيْ يَا اَللّٰهُ يَا مَانِعُ يَا اَللّٰهُ يَا خَافِضُ

یا عطا کرنے والے اے اللہ اے ہٹانے والے اے اللہ اے پست کرنے والے

يَا اَللّٰهُ يَا رَافِعُ يَا اَللّٰهُ يَا وَكِيْلُ يَا اَللّٰهُ يَا

اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے کارساز اے اللہ اے

كَفِيْلُ يَا اَللّٰهُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا

کفایت کرنے والے اے اللہ اے صاحب بزرگی اور بخشش کے اے

اَللّٰهُ يَا رَشِيْدُ يَا اَللّٰهُ يَا صَبُوْرُ يَا اَللّٰهُ يَا

اللہ اے راہنما اے اللہ اے بردبار اے اللہ اے

فَتَّاحُ يَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

کھولنے والے اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ

تحقیق تھا میں ظالموں میں سے اور رحمت اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ

کی ہو اوپر بہترین خلق کے جو نام ان کا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور ان کی آل پر

اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى

اور اصحاب پر اور بیبیوں پر اور اولاد پر اور اللہ

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ

کے نیکو کار بندوں پر سب پر تیری رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَا سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دعائے قدح معظم

اگر کوئی شخص اس دعا کو روزانہ نہ پڑھ سکتا ہو تو اسے چاہیئے گا ہے بگا ہے جب موقع ملے تو اسے پڑھ لے ان شاء اللہ اس کا خاتمہ با ایمان ہوگا اور جو شخص روزانہ اس ایک مرتبہ پڑھے وہ عالم برزخ میں عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ اس کی قبر کو کشادہ اور روشن کر دیا جائے گا۔ یوم آخرت میں بلاحساب بخشا جائے گا غرضیکہ آخرت کی ہر منزل میں اسے راحت اور عزت ملے گی۔ اس دعا کو پڑھنا بیماری کی شفایابی کے لیے بھی بہت اکسیر ہے اور اسے پڑھنے والا جن بھوت بلا، جادو ٹونہ سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی مقام پر کالے علم کا اثر ہو تو اس دعا کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں چھڑکیں انشاء اللہ ہر قسم کے برے عمل کا اثر ختم ہو جائے گا بلکہ اللہ کی رحمتوں کی بارش ہوگی اس لیے ہر شخص کو چاہیئے کہ اس دعا کو کم از کم ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

بِسۡمِ اللّٰهِ رَبِّ الۡاٰخِرَةِ وَالۡاُوۡلٰی الَّذِیۡ

اللہ کے نام سے ابتدا جو اوّل آخر کا رب ہے نہ اس کی

لَا غَایَةَ لَهٗ وَلَا مُنۡتَهٰی لَهٗ فِی السَّمٰوٰتِ

ابتدا ہے اور نہ اس کی انتہا ہے آسمان کی بلندیوں میں جو کچھ ہے

الۡعُلٰی ۝ اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ۝

اسی کا ہے رحمٰن جس کا عرش پر استویٰ ہے

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَمَا

زمین و آسمانوں کی ہر چیز اسی کی ہے اور جو کچھ

بَیۡنَهُمَا وَمَا تَحۡتَ الثَّرٰی ۝ وَاِنۡ تَجۡهَرۡ

ان میں ہے اور جو تحت الثریٰ میں ہے اور اگر تو کوئی بات

بِالۡقَوۡلِ فَاِنَّهٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفٰی ۝ اَللّٰهُ

کہے تو بے شک وہ پوشیدہ رازوں کو جاننے والا ہے اللہ کے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ۝ اَللّٰهُ

سوا کوئی معبود نہیں اسی کے اچھے نام ہیں اللہ

عَظِیۡمُ الۡعُظَمَآءِ دَآئِمُ النَّعۡمَآءِ قَاهِرُ

عظمتوں میں عظیم نعمتوں میں دائمی دشمنوں پر

الۡاَعۡدَآءِ الرَّحۡمٰنُ الۡعَاطِفُ عَلٰی خَلۡقِهٖ

قاہر مہربانی کرنے والا رحمٰن اپنی مخلوق پر ساتھ اپنے رزق

بِرِزۡقِهِ الۡمَعۡرُوۡفُ بِلُطۡفِهِ الۡعَادِلُ فِیۡ

کے اپنے لطف و کرم میں معروف اپنے حکم میں عادل

حُکۡمِهِ الۡعَالِمُ فِیۡ مُلۡکِهٖ رَحِیۡمًا بِخَلۡقِهٖ

اپنے ملک میں عالم اپنی مخلوق کے ساتھ رحیم

رَحِیۡمُ الرُّحَمَآءِ عَلِیۡمُ الۡعُلَمَآءِ بَصِیۡرُ

سب رحموں سے رحیم علماء کا علیم بصیرتوں کا

الْبُصَرَآءِ بَاعِثُ الْاَنْبِيَآءِ صَاحِبُ الْاَوْلِيَآءِ

بصیر انبیاء کو مبعوث کرنے والا اولیاء کا صاحب

سُبْحَانَهٗ قَادِرٌ عَلٰى مَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ سُبْحَانَ

وہ پاک ہے ہر قدرت پر جس طرح چاہے قادر ہے پاک ہے

الْمَلِكِ الْحَمِيْدِ ذِى الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ

بادشاہ حمد والا عرش مجید والا

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ○ رَبُّ الْاَرْبَابِ وَمُسَبِّبُ

وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے ارباب کا رب اور اسباب کا

الْاَسْبَابِ وَسَابِقُ الْاَسْبَاقِ وَرَازِقُ

مسبب اور اسباق کا سابق اور ارزاق کا

الْاَرْزَاقِ وَخَالِقُ الْخَلَآئِقِ وَقَادِرُ

رازق اور مخلوق کا خالق اور مقدور کا

الْمَقْدُوْرِ وَقَاهِرُ الْمَقْهُوْرِ وَعَادِلٌ فِىْ

قادر اور سرکشوں پر قہر کرنے والا اور یوم حشر و

يَوْمِ الْحَشْرِ وَالنُّشُوْرِ اِلٰهُ الْعٰلَمِيْنَ جَامِعُ

نشور کا عادل عالمین کا معبود یوم واقعہ کو

النَّاسِ يَوْمَ الْوَاقِعَةِ رَبُّنَا غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

لوگوں کو جمع کرنے والا ہمارا رب غفور رحیم

حَلِيْمٌ شَكُوْرٌ اَلْاَوَّلُ الْقَدِيْمُ خَالِقُ

حلم شکور قدیم اول عرش عظیم

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ

آسمانوں اور زمینوں کا خالق اور

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ قَابِلُ التَّوْبَةِ شَكُوْرٌ

وہ سننے والا علم والا ہے توبہ قبول کرنے والا شکور

حَلِيْمٌ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

حلیم غفور رحیم ہے اور تمام حمد اسی اللہ کی ہے جو

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَ

عرش عظیم کا رب ہے وہ اوّل آخر ظاہر اور

الظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَالدَّآئِمُ الرَّازِقُ

باطن ہے مخلوق اور چوپاؤں کو ہمیشہ

لِلْخَلَآئِقِ وَالْبَهَآئِمِ صَاحِبُ الْعَطَايَا وَ

رزق دینے والا ہے وہ صاحب عطا ہے اور

دَافِعُ الْبَلَايَا يَا مَنْ يَّشْفِى السَّقِيْمَ وَ

دافع بلاء ہے جو بیماری سے شفا دیتا ہے اور

يَغْفِرُ الْخَاطِئِيْنَ وَيَبُوْءُ النَّادِمِيْنَ وَ

خطائیں کرنے والوں کو معاف کرتا ہے اور ندامت کرنے والوں سے در گذر کرتا ہے

يَعْفُو الظّٰلِمِيْنَ وَيُحِبُّ الصّٰلِحِيْنَ وَيُنْجِي

اور ظالموں کو معاف کرتا ہے اور صالحین سے محبت رکھتا ہے ڈرنے والوں

الْمَغْمُوْمِيْنَ وَيُنْذِرُ الْمُنْذِرِيْنَ وَيَسْتُرُ

کو ڈراتا ہے اور گناہوں کو چھپاتا

الْمُذْنِبِيْنَ وَيُؤْمِنُ الْخَآئِفِيْنَ سُبْحَانَكَ

ہے اور خوف رکھنے والوں کو امن دیتاہے تو پاک ہے

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْكَرِيْمُ الْمَعْبُوْدُ

تو پاک ہے نہیں کوئی معبود کہ تو کریم معبود ہے کثرت

كَثِيْرُ الْعَطَايَا وَغَافِرُ الْخَطَايَا سَاتِرُ الْعُيُوْبِ

سے عطا والا ہے اورخطائیں معاف کرنے والا ہے اور عیوبوں پر پردہ ڈالنے

شَكُوْرٌ رَّحِيْمٌ عَالِمٌ مَا فِي الصُّدُوْرِ مُنْبِتُ

والا ہے شکور ہے رحیم ہے سینوں میں جوکچھ ہے جانتا ہے کھیتی اور درختوں

الزُّرُوْعِ وَالْاَشْجَارِ وَمُدَبِّرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

کو اگاتا ہے رات اور دن کی تدبیر کرتا ہے

فَالِقُ الْحُبُوْبِ خَالِقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور دانوں کو پھاڑنے والا آسمانوں زمین کا خالق مخلوق سے

غَنِيٌّ عَنِ الْخَلَآئِقِ قَاسِمُ الْاَرْزَاقِ

غنی رزق کو تقسیم کرنے والا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ مُذْهِبُ الْهُمُوْمِ اَنْتَ

غیبوں کو جاننے والا غموں کو دور کرنے والا ہے تو وہ

الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ

ہے کہ تیرے لیے سجدہ ہے رات کی تاریکی اور دن کا نور

وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِيُّ

اور چاند کی روشنی اور سورج کی شعاعیں اور بہتے پانی کا

الْمَاءِ وَخَفِيْقُ الشَّجَرِ ○ اِلٰهِيْ اَنْتَ الَّذِيْ

شور درختوں کا چھپانا تیرے لیے ہے اے اللہ تیری مثل کوئی

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

چیز نہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

قَدِيْرٌ وَّاَنْتَ الَّذِيْ تَعْلَمُ السِّرَّ وَالْاِعْلَانَ

اور تو پوشیدہ اور ظاہر جو دلوں

وَمَا فِي الْقُلُوْبِ ○ اِلٰهِيْٓ اَنْتَ الَّذِيْ تَعْفُوْ

میں ہے جانتا ہے یا الٰہی تو ان گناہوں کو جس میں ہم

عَنِ الْمَعَاصِيْ بَعْدَ اَنْ نَّغْرَقَ فِي

پھنسے ہیں تو معاف کر دیتاہے الٰہی تو وہ ہے

الذُّنُوْبِ ○ اِلٰهِيْٓ اَنْتَ الَّذِيْ قُلْتَ لَا

کہ تیرا قول ہے کہ اللہ کی رحمت

تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ

سے ناامید نہ ہونا چاہیئے بے شک اللہ تمام گناہ

الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

معاف کرتا ہے بے شک وہ غفور الرحیم ہے

وَاَنْتَ بِقَوْلِكَ صَادِقٌ لَّسْتَ بِمَكْذُوْبٍ

تو اپنے قول کے مطابق صادق ہے اس میں جھوٹ بالکل نہیں

نَجِّنِيْ يَا اَللّٰهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ وَالْغَمِّ

اے اللہ مجھے کرب عظیم سے اور غم سے نجات دے

وَاَنْتَ غِيَاثُ كُلِّ مَكْرُوْبٍ وَّمَصْرُوْفٍ

اور تو ہرمکروب اور مصروف اور مظلوم کی مدد

وَّمَظْلُوْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کرتا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے

وَاحْفَظْنِيْ مَوْلَايَ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا

اے مولا مجھے دنیا آخرت کی آفات سے محفوظ

وَالْاٰخِرَةِ وَلَا تَفْضَحْنِيْ يَا سَيِّدِيْ عَلٰى

کر اور اے سردار قیامت کے دن مجھے خلقت

رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ خَاصَّةً فِي الْيَوْمِ

کے سامنے رسوا نہ کر

الْمَوْعُوْدِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سے سب بڑا اللہ ہے بڑا اللہ ہے بڑا اللہ

كَبِيْرًا لَا ضِدَّ لَهٗ وَلَا نِدَّ لَهٗ وَلَا شِبْهَ لَهٗ

بڑا نہیں کوئی اس کا مد مقابل اور نہ اس جیسا کوئی ہے اور نہ کوئی اس جیسا

وَلَا حَدَّ لَهٗ وَلَا عَدَّ لَهٗ وَلَا مِثْلَ لَهٗ وَلَا

ہے اور نہ اس کی کوئی حد ہے اور نہیں کوئی اس کے جوڑ کا اور نہ اس کی مثال ہے نہ اس

كُفُوَ لَهٗ وَلَا نَظِيْرَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَلَا

کا کفو ہے اور نہ کوئی اس کی نظیر اور نہ اس کا کوئی وزیر ہے اور

شَرِيْكَ لَهٗ فِي الْمُلْكِ اَسْاَلُكَ يَا عَزِيْزُ يَا

بادشاہت میں اس کا کوئی شریک نہیں یا عزیز یا عزیز یا

عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ اَنْ تُعَزِّزَنِيْ بِالْعِزَّةِ وَ

عزیز مجھے اپنی عزت ، عظمت اور کبریائی، ہیبت

الْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

قدرت اور جبروت کے ساتھ عزت

وَالْجَبَرُوْتِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا

سے نواز یا اللہ یااللہ یا اللہ یا

رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

رحمٰن یا رحمٰن یا رحمٰن یا رحیم

يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ اَنْ تُرِيَنِيْ فِيْ مَنَامِيْ

یا رحیم یا رحیم مجھے خواب میں اپنے نبی کی

لِقَاءَ نَبِيِّكَ وَمَا رَجَوْتُ مِنْكَ وَاَكْرِمْنِيْ

زیارت سے بہرہ ور فرما جوئیں تجھ سے امید رکھتا ہوں اور مغفرت

بِمَغْفِرَتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

کے ساتھ میرا اکرام کر بے شک توہر چیز پر قادر ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

اور نہیں جرأت اور قوت مگر اللہ کی توفیق سے جو بلند عظمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ

اے اللہ اے حنان اے منان اے جلال اور عزت

الْاِكْرَامِ اَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ مَعْبُوْدٍ مِّنْ دُوْنِكَ

والے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا تمام معبود باطل ہیں

بَاطِلٌ اٰمَنْتُ بِاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَضِيْتُ

میں ایمان لایا یہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں راضی ہوجا

رَبَّنَا يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ مِنَ

ہمارے رب اے مدد کرنے والے میری مدد کر اور آگ سے

النَّارِ وَنَجِّنِيْ مِنْ سَخَطِكَ وَاَجِرْنِيْ مِنْ

بچا اور نجات دے اپنی پکڑ سے۔ اور عذاب سے

عَذَابِكَ وَفَرِّجْ عَنِّيْ شَرَّ كُلِّ خَلْقِكَ وَ

بچا اور دور کر مجھ سے شر تمام مخلوق کا اور

ارْزُقْنِيْ رِزْقًا وَّاسِعًا مُّبَارَكًا حَلَالًا طَيِّبًا

مجھے برکت والا کشادہ حلال پاک رزق دے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے جلال اور عزت والے

اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ

یا اللہ تو مجھے بے نیاز فرما دے اپنے حلال کے ذریعہ حرام سے اور

بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ

میری مدد کر معصیت سے اطاعت کے ساتھ اور اپنے فضل کے

عَمَّنْ سِوَاكَ اِلٰهِيْ خَلَقْتَنِيْ وَلَمْ اَكُ

ساتھ تیرے سوا کوئی نہیں اے اللہ تو نے مجھے پیدا کیا اور نہیں کوئی

شَيْئًا ۝ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَارْتَكَبْتُ

چیز۔ ظلم کیا میں نے اور مجھ سے گناہ مرتکب ہوئے

الْمَعَاصِيَ وَاَنَا مُقِرٌّ بِذُنُوْبِيْ يَا رَبِّ

اور میں گناہوں میں مبتلا ہوں اے رب معاف

اغْفِرْ لِيْ اِنْ غَفَرْتَ لِيْ يَا رَبِّ فَلَا

کردے یہ کہ مغفرت میرے لیے اے رب پس نہیں

يَنْقُصُ مِنْ مُلْكِكَ شَيْءٌ وَاِنْ

کمی ہوگی تیری بادشاہت میں کسی چیز کی یہ کہ تو مجھے

عَذَّبْتَنِيْ يَارَبِّ فَلَا يَزِيْدُ فِيْ سُلْطَانِكَ

عذاب دے اورنہ سلطنت میں اضافہ ہوگا اے رب

شَيْءٌ يَارَبِّ تَجِدُ مَنْ تُعَذِّبُهٗ غَيْرِيْ

تیرے غیر سے تیرا عذاب کچھ نہیں مل سکتا اور

وَاَنَا لَا اَجِدُ مَنْ يَّغْفِرُ لِيْ ذُنُوْبِيْ غَيْرَكَ

تیرے بغیر کسی سے میرے گناہوں کی مغفرت نہیں مل سکتی

يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے غفور اے رحیم اے جلال اورعزت والے

وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

اے رحم کرنے والے اور صلوٰة ہو اللہ کی جو

عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

مخلوق میں سب سے اعلیٰ ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کی آل پر اور

اَجْمَعِيْنَ ○ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا

ان کے صحابہ پر اور سب پر اور سلام زیادہ سے زیادہ ساتھ اپنی رحمت

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

کے اے رحم کرنے والے۔

عہد نامہ

روایت: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہے جس کو حکیم ترمذی نے روایت کیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر نماز کے سلام کے بعد یہ کلمات پڑھے گا ایک فرشتہ اس کو کاغذ پر لکھ کر مہر لگا کر رکھ دے گا۔ جب بندہ اپنی قبر سے اٹھے گا وہ فرشتہ وہ نوشتہ لائے گا اور ندا کرے گا کہ عہد والے لوگ کہاں ہیں حتیٰ کہ وہ (عہد کیا ہوا) ان کو دے گا۔

امام صفار نے ذکر کیا اگر میت کی پیشانی یا عمامہ یا کفن پر (عہد نامہ) لکھا جائے تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میت کو بخش دے اور عذاب قبر سے مامون فرمائے امام نصیر نے اس کے جواز کے لیے بیان کیا ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصطبل کے گھوڑوں کی رانوں پر لکھا ہوا تھا۔ حبس فی سبیل اللہ تعالیٰ۔ ایسے ہی شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے قول الجمیل میں دردزہ کے دفعیہ کے لیے آیۂ کریمہ والقت ما فیها وتخلت کو لکھ کر عورت کی ران پر باندھنے کو تحریر فرمایا۔

ابن حجر رحمہ اللہ نے اپنے فتاوے میں (عہد نامہ) لکھنے کے جواز میں فتویٰ دیا اور فرمایا کہ اس دعا کے لیے اصل ہے۔ ابن عجیل فقیہ اس کے لیے حکم کیا کرتے تھے۔ مگر کلمہ کی انگلی سے لکھیں روشنائی سے نہ لکھیں ان روایات سے نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ شجرہ یا عہد نامہ قبر میں رکھنا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب طاق کھود کر اس میں رکھیں۔

(بہار شریعت)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ

اے میرے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے غائب

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

اور حاضر کے جاننے والے تو نہایت مہربان بخشنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِىْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ

الٰہی میں اس دنیاوی زندگی میں تیرے ساتھ عہد و اقرار کرتا ہوں

الدُّنْيَا وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ

اور اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا قابل پرستش کوئی نہیں تو یکتا ہے

لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ

تیرا کوئی شریک اور ساتھی نہیں اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى نَفْسِىْ فَاِنَّكَ

تیرے بندے اور رسول ہیں پس تو مجھے میرے نفس پر نہ چھوڑ کیونکہ اگر تو

اِنْ تَكِلْنِىْ اِلٰى نَفْسِىْ تُقَرِّبْنِىْ اِلَى الشَّرِّ

مجھے میرے نفس کے حوالے کر دے گا تو مجھے شر کے قریب اور نیکی سے

وَتُبَاعِدْنِىْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّىْ لَآ اَتَّكِلُ اِلَّا

دور کر دے گا اور مجھے تو صرف تیری رحمت کا آسرا

بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّىْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْهِ

ہے پس اپنے ہاں بھی میرا عہد کر دے جسے روز قیامت

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

تک پورا کرے تو ہر گز عہد کی خلاف ورزی نہیں کرتا

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ

اور خیر الخلق محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور تمام آل و

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ

اصحاب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہو اے رحم کرنے والوں میں سب

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

سے بڑے رحم کرنے والے اپنی رحمت سے (میری التجا قبول فرما)

دعائے حل المشکلات

اگر کسی کو کسی قسم کی کوئی مشکل درپیش ہو جیسے بیماری مقدمہ یا کسی حاکم یا افسر سے کام ہو یا قرض یا کوئی ایسی پیچیدہ بیماری مہم یا الجھن ہو جو حل نہ ہو سکتی ہو تو وہ مسجد میں جا کر وضو کر کے سر سجدہ میں رکھ کر دعا پڑھے لیکن دعا کے اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا ضروری ہے انشاء اللہ بفضلہ تعالیٰ مشکل حل ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ الَّذِىْ لَبِسَ الْعِزَّةَ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِىْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِىْ اَحْصٰى كُلَّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ الَّذِىْ لَا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ ذِى الْفَضْلِ وَالْمَنِّ سُبْحَانَ ذِى الْعِزَّةِ وَالتَّكَرُّمِ سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ وَالْحِكَمِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ عِزِّكَ وَعَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دعا مانگے اور نہایت عاجزی سے حاجت طلب کرے انشاء اللہ ایک ہی چلہ میں مراد بر آئے گی۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا پاک ہے وہ ذات جس پر غلبہ نہیں ہے اور جسکے بارے میں اس نے کہا، پاک ہے وہ ذات جس نے بزرگی کے ساتھ مہربانی فرمائی اور آپکو تکریم عطا کی۔ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کا احاطہ کیا اپنے علم کے ساتھ۔ پاک ہے وہ ذات کہ جس کے علاوہ کسی کی بزرگی بیان کرنا مناسب نہیں پاک ہے وہ فضیلت والا ہے اور احسان کرنے والا ہے پاک ہے وہ غلبے والا اور عزت والا پاک ہے وہ تسلط والا، اور دانائی کی باتوں والا ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے غلبے کے واسطے سے اور تیرے عرش کے واسطے سے اور تیری رحمت کی انتہا سے اور تیری کتاب اور تیرے اسم اعظم بلند شان اور پختہ کلمات کے واسطے سے جن سے کوئی نیک یا بدکار آدمی انحراف نہیں کر سکتا اس بات سے کہ وہ درود بھیجے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد پر۔

ایمان مفصل اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

میں اللہ پر اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اچھی اور بری تقدیر کے خالق اللہ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر ایمان لایا

ایمان مجمل اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌۢ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌۢ بِالْقَلْبِ

اس اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے اسماء یعنی نام اور اپنی صفات کے ساتھ ہے ایمان لایا اور میں نے اس کے تمام احکام زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے قبول کیے۔

اسلام کے چھ کلمے

اول کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

دوسرا کلمہ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ○

اللہ کے بندے اور رسول ہیں

تیسرا کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

اور نیکی کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے جو بہت بلند اور عظمت والا ہے۔

چوتھا کلمہ توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ووہ اکیلا ہے اس کا

شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ

کوئی شریک نہیں اسی کے لیے بادشاہت اوراسی کے لیے تعریف ہے وہی زندہ

وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط

کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اس کو ہرگز موت نہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہے گا

ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط

بڑے جلال اور بزرگی والا ہے اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اور وہ تمام اشیاء پر قادر ہے۔

پانچواں کلمہ استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ

میں اللہ سے۔ معافی مانگتا ہوں جو میرا رب ہے

كُلِّ ذَنْۢبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا

ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر کیا چھپ کر

اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْۢبِ

کیا یا ظاہراً کیا اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس

الَّذِيْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْۢبِ الَّذِيْ لَآ

گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے بھی جس کو میں

اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ

نہیں جانتا (اے اللہ) بے شک تو غیبوں کا جاننے والا اور عیبوں کو

الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَ

چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے جو بہت بلند عظمت والا ہے۔

چھٹا کلمہ ردِّ کفر اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

اے اللہ بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں

أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّأَنَا أَعْلَمُ بِهٖ وَ

جانتے ہوئے کسی شے کو تیرا شریک بناؤں اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے

أَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ أَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ

اس کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے توبہ کی اور

وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ

میں بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے

وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَ

اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور

الْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ

بے حیائیوں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے

كُلِّهَا وَأَسْلَمْتُ وَأَقُوْلُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰه
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قصیدہ بردہ شریف

عربی قصائد میں سے قصیدہ بردہ شریف بہت مشہور ہے قصیدہ کے معنی مدح سرائی اور تعریف کرنے کے ہیں بردہ کے معنی دھاری دار چادر کے ہیں اس قصیدے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مختلف انداز میں تعریف کی گئی ہے اس لیے اسے قصیدہ بردہ شریف کہا جاتا ہے اس قصیدہ کے مصنف حضرت امام شرف الدین محمد بن سعید بوصیری ہیں جو اپنے زمانے کے عاشق رسول تھے ان کا یہ قصیدہ بھی عشق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زندہ جاوید ثبوت ہے جوانی کے عالم میں وہ امرا اور سلاطین کے قصیدے لکھتے رہے مگر بعد میں اسے ترک کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی میں مشغول ہو گئے ایک دفعہ آپ پر اچانک فالج ہو گیا علاج معالجہ کیا مگر کچھ بھی افاقہ نہ ہوا بیماری جب طول پکڑ گئی تو دوست احباب سب ساتھ چھوڑ گئے حتٰی کہ عزیز و اقارب تک بیزار ہو گئے آخر ایک روز ان کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ کیوں نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا مانگی جائے چنانچہ انہوں نے نہایت ہی بے بسی کی حالت میں یہ نعتیہ قصیدہ کہا اور بارگاہ رسالت میں عقیدت مندی کے پھول پیش کیے اور پھر کچھ عرصہ تک یہی قصیدہ پڑھتے رہتے حتٰی کہ ایک روز روتے روتے سو گئے خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی آپ نے امام بوصیری کے جسم پر ہاتھ پھیرا تو جب امام بوصیری بیدار ہوئے تو انہوں نے محسوس کیا کہ بالکل تندرست ہو گئے ہیں اور انکا مرض جاتا رہا۔ یہ قصیدہ ٦٦٠ھ میں لکھا گیا تھا اور صدیاں گزرنے کے بعد بھی آج تک بالکل ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسا کہ ابھی ابھی لکھا گیا ہے۔

اس قصیدہ میں ایک طرح کے درود شریف جیسی خصوصیات ہیں لہٰذا جو شخص اسے خلوص دل سے پڑھتا رہے اس میں عشق رسول پیدا ہو جاتا ہے اس کی دینی و دنیاوی حاجات پوری ہو جاتی ہیں روز محشر حضور کی شفاعت نصیب ہوگی۔ قصیدہ بردہ شریف کے اشعار حسب ذیل ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ مُنۡشِی الۡخَلۡقِ مِنۡ عَدَمٍ ثُمَّ الصَّلٰوۃُ عَلَی الۡمُخۡتَارِ فِی الۡقِدَمِ
مَوۡلَایَ صَلِّ وَسَلِّمۡ دَآئِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیۡبِکَ خَیۡرِ الۡخَلۡقِ کُلِّھِمِ

اَمِنۡ تَذَکُّرِ جِیۡرَانٍ بِذِیۡ سَلَمٍ
مَزَجۡتَ دَمۡعًا جَرٰی مِنۡ مُّقۡلَۃٍ بِدَمٍ
اَمۡ ھَبَّتِ الرِّیۡحُ مِنۡ تِلۡقَآءِ کَاظِمَۃٍ
وَاَوۡمَضَ الۡبَرۡقُ فِی الظَّلۡمَآءِ مِنۡ اِضَمٍ

ترجمہ: کیا تو نے ذوسلم کے ہمسایوں کی یاد سے آنکھ کے جاری آنسو کو خون آلود کیا ہے۔ یا کاظمہ کی طرف سے ہوا چلی یا اندھیری رات میں اضم سے بجلی چمکی ہے

فَمَا لِعَیۡنَیۡکَ اِنۡ قُلۡتَ اکۡفُفَا ھَمَتَا
وَمَا لِقَلۡبِکَ اِنۡ قُلۡتَ اسۡتَفِقۡ یَھِمِ

ترجمہ: پس تیری آنکھوں کو کیا ہوا۔ اگر میں کہتا ہوں کہ رونے سے باز آؤ تو آنسو بہاتی ہیں۔ اور تیرے دل کو کیا ہوا۔ اگر میں کہتا ہوں کہ ہوش کر تو بیہوش ہو جاتا ہے

ترجمہ: کیا عاشق گمان کرتا ہے کہ ایسی محبت پوشیدہ رہ سکتی ہے جو اس کے جاری آنسو اور شعلہ زن دل کے درمیان ہے۔

لَوۡلَا الۡھَوٰی لَمۡ تُرِقۡ دَمۡعًا عَلٰی طَلَلٍ
وَلَا اَرِقۡتَ لِذِکۡرِ الۡبَانِ وَالۡعَلَمِ

ترجمہ: اگر تجھے محبت نہ ہوتی۔ تو کھنڈروں پر آنسو نہ بہاتا اور نہ بان و پہاڑ کی یاد سے جاگتا رہتا۔

فَکَیۡفَ تُنۡکِرُ حُبًّا بَعۡدَ مَا شَھِدَتۡ
بِہٖ عَلَیۡکَ عُدُوۡلُ الدَّمۡعِ وَالسَّقَمِ
وَاَثۡبَتَ الۡوَجۡدُ خَطَّیۡ عَبۡرَۃٍ وَّضَنًی
مِثۡلَ الۡبَھَارِ عَلٰی خَدَّیۡکَ وَالۡعَلَمِ

ترجمہ: پس تو محبت سے کیونکر انکار کر سکتا ہے جبکہ تیری محبت پر عادل گواہ یعنی آنسو اور بیماری موجود ہیں اور عشق نے اشک ولاغری کے دو خط تیرے دونوں رخساروں پر گل زرد و غم کی طرح ثابت کر دیے ہیں۔

نَعَمْ سَرٰی طَیْفُ مَنْ اَھْوٰی فَاَرَّقَنِیْ
وَالْحُبُّ یَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

ترجمہ: ہاں رات کو محبوب کا خیال آیا پس اس خیال نے مجھے جگا دیا عشق خوشیوں میں رنج والم لایا ہی کرتا ہے۔ اس شعر کا مطلب ظاہر ہے۔

یَا لَائِمِیْ فِی الْھَوَی الْعُذْرِیِّ مَعْذِرَۃً
مِنِّیْ اِلَیْکَ وَلَوْ اَنْصَفْتَ لَمْ تَلُمِ
عَدَتْکَ حَالِیْ لَاسِرِّیْ بِمُسْتَتِرٍ
عَنِ الْوُشَاۃِ وَلَا دَائِیْ بِمُنْحَسِمِ

ترجمہ: اے عشق عذر میں ملامت کرنے والے مجھے معذور رکھ۔ اگر تو انصاف کرتا تو مجھے ملامت نہ کرتا۔ میرا حال تیرے سوا اوروں تک پہنچ چکا ہے اب نہ تو میرا بھید غمازوں سے پوشیدہ ہے اور نہ میرا مرض دور ہو سکتا ہے۔

مَحَضْتَنِی النُّصْحَ لٰکِنْ لَّسْتُ اَسْمَعُہٗ
اِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِیْ صَمَمِ

ترجمہ: تونے بے غرضانہ نصیحت کی لیکن میں اس کو سن نہیں سکتا کیونکہ عاشق ملامت گروں کی ملامت کے سننے سے بہرا ہوتا ہے۔

اِنِّیْ اتَّھَمْتُ نَصِیْحَ الشَّیْبِ فِیْ عَذَلِیْ
وَالشَّیْبُ اَبْعَدُ فِیْ نُصْحٍ عَنِ التُّھَمِ
فَاِنَّ اَمَّارَتِیْ بِالسُّوْءِ مَا اتَّعَظَتْ
مِنْ جَھْلِھَا بِنَذِیْرِ الشَّیْبِ وَالْھَرَمِ
وَلَا اَعَدَّتْ مِنَ الْفِعْلِ الْجَمِیْلِ قِرٰی
ضَیْفٍ اَلَمَّ بِرَأْسِیْ غَیْرَ مُحْتَشِمِ

ترجمہ: تحقیق میں نے ناصح پیری کو اپنی ملامت میں متہم ٹھہرایا۔ حالانکہ پیری نصیحت میں تہمتوں سے دور تر ہے۔ اس لیے کہ میرے نفس نے جو بدی کا امر کرتا ہے اپنی نادانی سے بالوں کی سپیدی اور کہن سالی کے نذیر کے وعظ سے عبرت نہ پکڑی اور نہ نیک عمل سے اس مہمان کی ضیافت کا سامان کیا جو میرے سر پر آ اترا درال حالانکہ اس سے شرم نہ کی گئی۔

لَوْ کُنْتُ اَعْلَمُ اَنِّیْ مَا اُوَقِّرُہٗ
کَتَمْتُ سِرًّا بَدَا لِیْ مِنْہُ بِالْکَتَمِ

ترجمہ: اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ میں اس مہمان کی توقیر نہ کروں گا تو میں اس راز (موئے سپید) کو جو اس مہمان کے باعث مجھ پر ظاہر ہوا وسمہ سے چھپا دیتا۔

مَنْ لِي بِرَدِّ جِمَاحٍ مِنْ غَوَايَتِهَا
كَمَا يُرَدُّ جِمَاحُ الْخَيْلِ بِاللُّجُمِ

ترجمہ: کیا کوئی شخص میرے لیے اس امر کا ذمہ لیتا ہے کہ میرے سرکش نفس کو گمراہی سے روک دے جیسا کہ سرکش گھوڑوں کو لگاموں کے ساتھ روکتے ہیں۔

فَلَا تَرُمْ بِالْمَعَاصِي كَسْرَ شَهْوَتِهَا
إِنَّ الطَّعَامَ يُقَوِّي شَهْوَةَ النَّهِمِ
وَالنَّفْسُ كَالطِّفْلِ إِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلَى
حُبِّ الرَّضَاعِ وَإِنْ تَفْطِمْهُ يَنْفَطِمِ

ترجمہ: پس تو گناہوں کے ساتھ نفس کی خواہش کو دور کرنا طلب نہ کر۔ کیونکہ طعام پیٹوں خواہش کو اور زیادہ کر دیتا ہے اور نفس شیر خوار بچہ کی مانند ہے کہ اگر اس کو دودھ پینے پر چھوڑ دیا جائے تو وہ دودھ پینے کی خواہش میں جوان ہوگا اور اگر تو اس سے دودھ چھڑا دے تو چھوڑ دے گا۔

فَاصْرِفْ هَوَاهَا وَحَاذِرْ أَنْ تُوَلِّيَهُ
إِنَّ الْهَوَى مَا تَوَلَّى يُصْمِ أَوْ يَصِمِ

ترجمہ: پس تو نفس کو ہوا و ہوس سے روک اور ہوشیار رہ کہ کہیں تجھ پر غالب نہ آ جائے کیونکہ جب ہوا و ہوس کسی پر غالب آ جاتی ہے تو اسے مار ڈالتی ہے یا عیب دار بنا دیتی ہے۔

ترجمہ: اور نفس کی حفاظت کر۔ دراں حالانکہ وہ اعمال میں چر رہا ہو۔ اگر وہ اپنی چراگاہ کو خوشگوار خیال کرنے لگے تو مت چرنے دے۔

كَمْ حَسَّنَتْ لَذَّةً لِلْمَرْءِ قَاتِلَةً
مِنْ حَيْثُ لَمْ يَدْرِ أَنَّ السَّمَّ فِي الدَّسَمِ

ترجمہ: نفس اکثر انسان کے سامنے لذت کو جو قاتل ہو اچھی ظاہر کرتا ہے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ چرب کھانے میں زہر پوشیدہ ہوتا ہے۔

وَاخْشَ الدَّسَائِسَ مِنْ جُوعٍ وَمِنْ شِبَعٍ
فَرُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ مِنَ التُّخَمِ

ترجمہ: اور نفس کے پوشیدہ مکروں سے ڈر جو بھوک اور سیری سے پیدا ہوتے ہیں اس لیے کہ بسا اوقات بھوک سیری سے برتر ہوتی ہے۔

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَأَتْ
مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

ترجمہ: اور آنکھ سے جو محرمات پر ہو گئی ہے آنسو بہا اور ندامت کو لازم پکڑ

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا
وَاِنْ هُمَا مَحَّضَاكَ النُّصْحَ فَاتَّهِمِ

ترجمہ: اور نفس وشیطان کی مخالفت کر اور ان کا حکم نہ مان ۔ اگر چہ یہ دونوں تجھے محض خیر اندیشی سے نصیحت کریں۔ تو بھی ان کو متہم سمجھ مطلب ظاہر ہے۔

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَلَا حَكَمًا
فَاَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

ترجمہ: اور دونوں کا کہنا نہ مان خواہ خصم ہوں یا حکم ۔ کیونکہ تو خصم وحکم کے مکر کو پہچانتا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ قَوْلٍ بِلَا عَمَلٍ
لَقَدْ نَسَبْتُ بِهٖ نَسْلًا لِذِیْ عُقُمِ

ترجمہ: میں قول بے عمل سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ بخدا میں نے اس قول سے اولاد کو بانجھ عورت کی طرف منسوب کیا۔

اَمَرْتُكَ الْخَيْرَ لٰكِنْ مَا ائْتَمَرْتُ بِهٖ
وَمَا اسْتَقَمْتُ فَمَا قَوْلِیْ لَكَ اسْتَقِمِ

ترجمہ: میں نے تجھ کو نیک عمل کا حکم کیا لیکن میں نے خود وہ عمل نہیں کیا اور ثابت قدم نہیں رہا۔ پس میرا تجھ کو یہ کہنا کہ ثابت قدم رہ کیسا برا ہے۔

وَلَا تَزَوَّدْتُ قَبْلَ الْمَوْتِ نَافِلَةً
وَلَمْ اُصَلِّ سِوٰی فَرْضٍ وَّلَمْ اَصُمِ

ترجمہ: اور موت سے پہلے میں نے عبادت نافلہ کا توشہ نہ لیا اور میں نے کوئی نماز سوا نماز فرض کے نہیں پڑھی اور کوئی روزہ سوا روزہ فرض کے نہیں رکھا۔

ظَلَمْتُ سُنَّةَ مَنْ اَحْیَی الظَّلَامَ اِلٰی
اَنِ اشْتَكَتْ قَدَمَاهُ الضُّرَّ مِنْ وَّرَمِ
وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ اَحْشَاءَهٗ وَطَوٰی
تَحْتَ الْحِجَارَةِ كَشْحًا مُتْرَفَ الْاَدَمِ
وَرَاوَدَتْهُ الْجِبَالُ الشُّمُّ مِنْ ذَهَبٍ
عَنْ نَفْسِهٖ فَاَرَاهَا اَيَّمَا شَمَمِ
وَاَكَّدَتْ زُهْدَهٗ فِیْهَا ضَرُوْرَتُهٗ
اِنَّ الضَّرُوْرَةَ لَا تَعْدُوْ عَلَی الْعِصَمِ
وَكَيْفَ تَدْعُوْ اِلَی الدُّنْيَا ضَرُوْرَةُ مَنْ
لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

ترجمہ: میں نے اس ذات شریف کی سنت کو ترک کیا جو تاریک راتوں میں جاگتے رہتے یہاں تک کہ قدم مبارک ورم سے سخت تکلیف اٹھاتے اور بھوک سے اپنے

پیٹ کو باندھ لیتے اور نرم و نازک چمڑے والے پہلو کو پتھر کے نیچے لپیٹ لیتے سونے کے اونچے پہاڑوں نے آپ کو پھسلانا چاہا۔ پس آپ نے ان کو کمال استغناء دکھایا۔ آپ کی شدت حاجت نے آپ کے زہد کو اور محکم کر دیا کیونکہ شدت حاجت اہل عصمت پر غالب نہیں آسکتی ضرورت ایسی ذات شریف کو دنیا کی طرف کیسے بلا سکتی ہے کہ اگر وہ نہ ہوتے تو دنیا عدم سے وجود میں نہ آتی۔

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَمِنْ عَجَمٍ

ترجمہ: اوصاف مذکورہ بالا کے مصداق حضرت محمد ہیں جو سرور دو جہان اور سردار جن وانس اور سردار دو گروہ یعنی عرب و عجم ہیں۔ اس کا مطلب ظاہر ہے۔

نَبِیُّنَا الْاٰمِرُ النَّاہِیْ فَلَا اَحَدٌ
اَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَا مِنْہُ وَلَا نَعَمٖ

ترجمہ: سیدنا محمد صلی علیہ وسلم ہمارے پیغمبر ہیں جو نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے منع کرنے والے ہیں۔ پس لا یا نعم کہنے میں کوئی آپ سے زیادہ نہیں۔

ھُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ
لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحَمٖ

ترجمہ: آپ وہ حبیب خدا ہیں جنکی شفاعت کی امید ہر بلا کے وقت کی جاتی ہے جسمیں انسان مبتلا ہو جاتا ہے

دَعَا اِلَی اللہِ فَالْمُسْتَمْسِکُوْنَ بِہٖ
مُسْتَمْسِکُوْنَ بِحَبْلٍ غَیْرِ مُنْفَصِمٖ

ترجمہ: حضرت نے لوگوں کو خدا کی طرف بلایا۔ پس جو لوگ آپ کا دامن پکڑنے والے ہیں وہ ایسی رسی کو پکڑے ہوئے ہیں جو منقطع نہیں۔

فَاقَ النَّبِیّٖنَ فِیْ خَلْقٍ وَّفِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْہُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمٖ

ترجمہ: آپ حسن صورت و حسن سیرت میں سب پیغمبروں پہ سبقت لے گئے۔ وہ نہ علم میں آپ کے مرتبے کو پہونچے نہ کرم میں۔

وَکُلُّھُمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللہِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمٖ
وَوَاقِفُوْنَ لَدَیْہِ عِنْدَ حَدِّھِمٖ
مِنْ نُقْطَۃِ الْعِلْمِ اَوْ مِنْ شَکْلَۃِ الْحِکَمٖ

ترجمہ: اور وہ سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کرنے والے ہیں بمقدار ایک چلّو آپ کے سمندر سے یا بمقدار ایک گھونٹ آپ کی لگاتار بارشوں سے اور وہ آپ کے آگے اپنی حد پر قائم ہیں جو آپ کے علم سے ایک نقطہ یا آپ کی حکمتوں سے ایک اعراب ہے

فَهُوَ الَّذِیْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهٗ
ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْكٍ فِیْ مَحَاسِنِهٖ
فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِیْهِ غَیْرُ مُنْقَسِمِ

ترجمہ: آپ وہ ہیں جن کی صورت وسیرت کامل ہے تب خالق انسان (خدا) نے آپکو اپنا حبیب منتخب کیا۔ آپ اپنی خوبیوں میں شریک سے پاک ہیں۔ پس آپ کا جوہر حسن تقسیم نہیں ہوسکتا۔

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّهِمِ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْهِ وَاحْتَكِمِ

وَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ
وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمِ

فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَیْسَ لَهٗ
حَدٌّ فَیُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

ترجمہ: نصاریٰ نے اپنے پیغمبر کی نسبت جو دعویٰ کیا ہے اس کو چھوڑ دے۔ پھر جو تیرا جی چاہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدح میں کہہ اور مخالف کو جس حکم کے پاس چاہے لے جا اور حضور کی ذات شریف کی طرف جو شرف تو چاہے منسوب کر۔ اور حضور کی قدر کی طرف جو بزرگی کہ تو چاہے منسوب کر کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کی کوئی حد ونہایت نہیں کہ اس کو کوئی ناطق زبان سے بیان کرسکے۔

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰیَاتُهٗ عِظَمًا
اَحْیَی اسْمُهٗ حِیْنَ یُدْعٰی دَارِسَ الرِّمَمِ

ترجمہ: اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات بزرگی میں آپ کی رفعت قدر کے مناسب ہوتے تو آپکا اسم شریف جس وقت پکارا جاتا پرانی بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کردیتا۔

لَمْ یَمْتَحِنَّا بِمَا تَعْیَی الْعُقُوْلُ بِهٖ
حِرْصًا عَلَیْنَا فَلَمْ نَرْتَبْ وَلَمْ نَهِمِ

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری ہدایت میں شدت رغبت کے سبب سے ہم کو ایسی چیز سے نہیں آزمایا کہ جس سے عقلیں عاجز ہوں۔ اس لیے ہم نے شک نہ کیا اور نہ حیران ہوئے۔

اَعْیَی الْوَرٰی فَهْمُ مَعْنَاهُ فَلَیْسَ یُرٰی
لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ مِنْهُ غَیْرُ مُنْفَحِمِ

كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلْعَیْنَیْنِ مِنْ بُعُدٍ
صَغِیْرَةً وَّتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ اَمَمِ

ترجمہ: آپ کی حقیقت کی معرفت نے خلقت کو عاجز کردیا۔ پس قرب وبعد دونوں حالتوں میں بجز عاجز کوئی دیکھنے میں نہیں آتا مثل آفتاب کے جو آنکھوں کو دور سے چھوٹا دکھائی دیتا ہے اور نزدیک سے آنکھ کو چندھیا دیتا ہے۔

وَكَيْفَ يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا حَقِيقَتَهُ
قَوْمٌ نِيَامٌ تَسَلَّوْا عَنْهُ بِالْحُلُمِ

ترجمہ: اور دنیا میں حضور انور کی حقیقت کو سوئے ہوئے لوگ کس طرح پا سکتے ہیں جو آپ کی حقیقت کو چھوڑ کر خواب وخیال پر قانع ہیں

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيهِ أَنَّهُ بَشَرٌ
وَأَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ

ترجمہ: پس حضور کی نسبت لوگوں کے علم کی غایت یہ ہے کہ آپ ایک انسان ہیں اور تمام مخلوقات سے افضل ہیں۔

وَكُلُّ آيٍ أَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
فَإِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّورِهِ بِهِمِ
فَإِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا
يُظْهِرْنَ أَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

ترجمہ: اور جس قدر معجزے کہ بزرگ رسولوں نے دکھائے وہ سب ان کو حضور کے نور سے حاصل ہوئے کیونکہ حضور فضیلت کے آفتاب ہیں اور دوسرے پیغمبر اس آفتاب کے ستارے ہیں جو اسی آفتاب کے انوار کو لوگوں کے لیے تاریکیوں میں ظاہر کرتے رہے ہیں۔

أَكْرِمْ بِخَلْقِ نَبِيٍّ زَانَهُ خُلُقٌ
بِالْحُسْنِ مُشْتَمِلٍ بِالْبِشْرِ مُتَّسِمِ

ترجمہ: اس نبی محترم کی صورت کیسی اچھی ہے جو حسن سیرت سے مزین اور حسن پر مشتمل اور کشادہ روئی سے متصف ہیں

كَالزَّهْرِ فِي تَرَفٍ وَالْبَدْرِ فِي شَرَفٍ
وَالْبَحْرِ فِي كَرَمٍ وَالدَّهْرِ فِي هِمَمِ

ترجمہ: وہ نبی محترم تازگی میں شگوفہ کی مانند اور شرف میں بدر کی مانند اور جود و کرم میں سمندر کی مانند اور ہمتوں میں زمانہ کی مانند ہیں مطلب ظاہر ہے۔

كَأَنَّهُ وَهُوَ فَرْدٌ فِي جَلَالَتِهِ
فِي عَسْكَرٍ حِينَ تَلْقَاهُ وَفِي حَشَمِ

ترجمہ: جس وقت حضور کو تنہا پائے۔ آپ اپنی جلالت وعظمت کے باعث گویا لشکر وحشم کیساتھ ہیں

كَأَنَّمَا اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُونُ فِي صَدَفٍ
مِنْ مَّعْدِنَيْ مَنْطِقٍ مِّنْهُ وَمُبْتَسَمِ

ترجمہ: گویا سیپ میں پوشیدہ موتی حضور کے منطق وتبسم کی دو کانوں سے ہیں۔

لَاطِیْبَ یَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظُمَہٗ
طُوْبٰی لِمُنْتَشِقٍ مِّنْہُ وَ مُلْتَثِمِ

ترجمہ: کوئی خوشبواس خاک کی برابری نہیں کرسکتی جو حضور کے جسم اطہر کو شامل ہے۔ خوش رہے وہ شخص جواس خاک کو سونگھے اور بوسہ دے۔

اَبَانَ مَوْلِدُہٗ عَنْ طِیْبِ عُنْصُرِہٖ
یَا طِیْبَ مُبْتَدَءٍ مِّنْہُ وَّمُخْتَتَمِ

ترجمہ: حضور کے مولد شریف نے آپ کے عنصر کی پاکی کو ظاہر کردیا۔ اللہ رے آپکی ابتدا وانتہا کی پاکی یا بوئے خوش۔

یَوْمٌ تَفَرَّسَ فِیْہِ الْفُرْسُ اَنَّھُمْ
قَدْ اُنْذِرُوْا بِحُلُوْلِ الْبُؤْسِ وَالنِّقَمِ

ترجمہ: حضور کا مولد وہ دن تھا کہ جس میں اہل فارس نے فراست سے معلوم کرلیا کہ وہ نزول بلا وعذاب سے ڈرائے گئے ہیں

وَبَاتَ اِیْوَانُ کِسْرٰی وَھُوَ مُنْصَدِعٌ
کَشَمْلِ اَصْحَابِ کِسْرٰی غَیْرَ مُلْتَئِمِ

ترجمہ: اور حضور کا مولد وہ دن تھا کہ جس میں کسریٰ کا محل پھٹ کر یوں بے جڑے رہ گیا جیسا کہ کسریٰ کا پراگندہ لشکر جو پھر جمع نہ ہوسکا۔

وَالنَّارُ خَامِدَةُ الْاَنْفَاسِ مِنْ اَسَفٍ
عَلَیْہِ وَالنَّھْرُ سَاھِی الْعَیْنِ مِنْ سَدَمِ

ترجمہ: اوراس دن مجوسیوں کی آگ کے شعلے ایوان کسریٰ کے غم سے سرد پڑ گئے اور دریائے فرات ندامت وغم کے مارے اپنا چشمہ بھول گیا۔

وَسَاءَ سَاوَةَ اَنْ غَاضَتْ بُحَیْرَتُھَا
وَرُدَّ وَارِدُھَا بِالْغَیْظِ حِیْنَ ظَمِیْ

ترجمہ: اوراس روز ساوہ غمگین ہوا کہ اسکا بحیرہ خشک ہوگیا اور پیاسے جو وہاں آئے غصے میں واپس ہوگئے

کَاَنَّ بِالنَّارِ مَا بِالْمَاءِ مِنْ بَلَلٍ
حُزْنًا وَّ بِالْمَاءِ مَا بِالنَّارِ مِنْ ضَرَمِ

ترجمہ: گویا غم کے مارے پانی کی خاصیت (تری، آگ میں آگئی۔ اور آگ کی خاصیت (سوزش) پانی میں چلی گئی۔

وَالْجِنُّ تَھْتِفُ وَالْاَنْوَارُ سَاطِعَةٌ
وَالْحَقُّ یَظْھَرُ مِنْ مَّعْنًی وَّمِنْ کَلِمِ

ترجمہ: اوراس دن جن غیب سے آوازیں دے رہے تھے اور انوار چمک رہے تھے اور حق معنی اور لفظ سے ظاہر ہو رہا تھا۔

عَمُوْا وَصَمُّوْا فَاِعْلَانُ الْبَشَائِرِ لَمْ
تُسْمَعْ وَبَارِقَةُ الْاِنْذَارِ لَمْ تُشَمِ

مِنْ بَعْدِ مَا اَخْبَرَ الْاَقْوَامَ كَاهِنُهُمْ
بِاَنَّ دِيْنَهُمُ الْمُعْوَجَّ لَمْ يَقُمِ

وَبَعْدَ مَا عَايَنُوْا فِي الْاُفُقِ مِنْ شُهُبٍ
مُنْقَضَّةٍ وَفْقَ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ صَنَمِ

حَتّٰى غَدَا عَنْ طَرِيْقِ الْوَحْيِ مُنْهَزِمٌ
مِنَ الشَّيَاطِيْنِ يَقْفُوْ اِثْرَ مُنْهَزِمِ

ترجمہ: کفار اندھے اور بہرے ہوگئے۔ پس بشارتوں کا اعلان ان کو سنائی نہ دیا اور نہ تخویف کی بجلی ان کو نظر آئی۔ بعد اسکے کہ لوگوں کو ان کے کاہن نے خبر دی تھی کہ ان کا دین باطل قائم نہ رہے گا اور بعد اس کے کہ انہوں نے افق میں شہاب گرتے دیکھے جس طرح کہ زمین پر بت اوندھے پڑے تھے۔ یہاں تک کہ آسمان سے بھاگنے والا شیطان دوسرے بھاگنے والے شیطان کے پیچھے چلنے لگا۔

كَاَنَّهُمْ هَرَبًا اَبْطَالُ اَبْرَهَةٍ
اَوْ عَسْكَرٌ بِالْحَصٰى مِنْ رَاحَتَيْهِ رُمِيْ

ترجمہ: گویا شیاطین بھاگنے کی حالت میں ابرہہ کے بہادر تھے یا وہ لشکر تھے جس پر حضرت نے اپنے مبارک ہاتھوں سے سنگریزے پھینکے تھے۔

نَبْذًا بِهٖ بَعْدَ تَسْبِيْحٍ بِبَطْنِهِمَا
نَبْذَ الْمُسَبِّحِ مِنْ اَحْشَاءِ مُلْتَقِمِ

ترجمہ: حضرت نے کنکروں کو جبکہ وہ آپ کے مبارک ہاتھوں میں تسبیح پڑھ رہے تھے یوں پھینکا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کے پیٹ سے حضرت یونس علیہ السلام کو پھینکا۔

جَاءَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَشْجَارُ سَاجِدَةً
تَمْشِيْ اِلَيْهِ عَلٰى سَاقٍ بِلَا قَدَمِ

كَاَنَّمَا سَطَرَتْ سَطْرًا لِمَا كَتَبَتْ
فُرُوْعُهَا مِنْ بَدِيْعِ الْخَطِّ فِي اللَّقَمِ

ترجمہ: حضرت کے بلانے پر درخت سجدہ کرتے ہوئے اور ساق بے قدم پر چلتے ہوئے آپ کے طرف آئے۔ گویا ان درختوں نے اس خط بدیع کیلئے جو ان کی شاخوں نے وسط راہ میں لکھا ایک سطر کھینچ دی

مِثْلُ الْغَمَامَةِ اَنّٰى سَارَ سَائِرَةً
تَقِيْهِ حَرَّ وَطِيْسٍ لِلْهَجِيْرِ حَمِيْ

ترجمہ: درختوں کا حضرت کے حکم سے آنا مانند چلتے بادل کے تھا جو آپ کے ہمراہ ہوتا جہاں آپ تشریف لیجاتے اور آپ کو دوپہر کے جلتے ہوئے آفتاب کی حرارت سے بچاتا۔

أَقْسَمْتُ بِالْقَمَرِ الْمُنْشَقِّ إِنَّ لَهُ
مِنْ قَلْبِهِ نِسْبَةً مَبْرُورَةَ الْقَسَمِ

ترجمہ: میں ماہ دو پارہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس ماہ کو حضرت ﷺ کے دل سے وہ مشابہت ہے کہ اس پر قسم سچی ہے۔

وَمَا حَوَى الْغَارُ مِنْ خَيْرٍ وَمِنْ كَرَمٍ
وَكُلُّ طَرْفٍ مِّنَ الْكُفَّارِ عَنْهُ عَمِي
فَالصِّدْقُ فِي الْغَارِ وَالصِّدِّيقُ لَمْ يَرِمَا
وَهُمْ يَقُولُونَ مَا بِالْغَارِ مِنْ أَرِمِ
ظَنُّوا الْحَمَامَ وَظَنُّوا الْعَنْكَبُوتَ عَلَى
خَيْرِ الْبَرِيَّةِ لَمْ تَنْسُجْ وَلَمْ تَحُمِ
وِقَايَةُ اللهِ أَغْنَتْ عَنْ مُّضَاعَفَةٍ
مِّنَ الدُّرُوعِ وَعَنْ عَالٍ مِنَ الْأُطُمِ

ترجمہ: اور یاد کر خیر اور کرم کو جنہیں غار نے جمع کر لیا حالانکہ کافروں کی ہر آنکھ اس سے اندھی تھی۔ پس حضرت صدق مجسم اور صدیق اکبر دونوں غار میں جمع بیٹھے رہے حالانکہ کافر کہہ رہے تھے کہ غار میں کوئی نہیں۔ وہ سمجھے کہ حضرت خیر البریہ پر کبوتر نہ منڈلاتے اور نہ مکڑی جالا تنتی۔ خدا کی حفاظت نے حضرت کو اور صدیق کو دو حلقہ زرہوں اور بلند قلعوں کے پناہ سے بے نیاز کر دیا۔

مَا سَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْمًا وَاسْتَجَرْتُ بِهِ
إِلَّا وَنِلْتُ جِوَارًا مِّنْهُ لَمْ يُضَمِ
وَلَا الْتَمَسْتُ غِنَى الدَّارَيْنِ مِنْ يَدِهِ
إِلَّا اسْتَلَمْتُ النَّدَى مِنْ خَيْرِ مُسْتَلَمِ

ترجمہ: حضرت سے زنہار خواہی کی حالت میں زمانہ نے مجھ پر ظلم نہ کیا مگر اس حال میں کہ مجھے اس ظلم سے کما حقہ امان مل گئی اور نہ میں نے دین و دنیا کی دولت حضرت کے ہاتھ سے طلب کی مگر اس حال میں کہ مجھے بہترین ہاتھ سے عطا مل گئی۔

لَا تُنْكِرِ الْوَحْيَ مِنْ رُّؤْيَاهُ إِنَّ لَهُ
قَلْبًا إِذَا نَامَتِ الْعَيْنَانِ لَمْ يَنَمِ

ترجمہ: وحی جو حضرت کے خواب میں ہو اس سے انکار نہ کر۔ کیونکہ آپ کا دل نہیں سوتا جبکہ آپ کی آنکھیں سوتی ہیں۔

فَذَاكَ حِيْنَ بُلُوغٍ مِّنْ نُّبُوَّتِهِ
فَلَيْسَ يُنْكَرُ فِيهِ حَالُ مُحْتَلِمِ

ترجمہ: سو وہ زمان نبوت کے پہنچنے کے وقت تھا لہٰذا اس وقت بالغ کے حال کا انکار نہیں ہو سکتا

تَبَارَكَ اللهُ مَا وَحْيٌ بِمُكْتَسَبٍ
وَلَا نَبِيٌّ عَلَى غَيْبٍ بِمُتَّهَمِ

ترجمہ: خدا پاک و منزہ ہے۔ وحی اکتسابی نہیں اور نہ کوئی پیغمبر غیب میں متہم ہے۔

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرِبًا مِّنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

ترجمہ: بارہا حضرت کی ہتھیلی نے چھو کر بیمار کو چنگا کر دیا اور دیوانہ کو دیوانگی کی قید سے رہا کر دیا

وَاَحْيَتِ السَّنَةَ الشَّهْبَاءَ دَعْوَتُهٗ
حَتّٰى حَكَتْ غُرَّةً فِى الْاَعْصُرِ الدُّهُمِ
بِعَارِضٍ جَادَ اَوْ خِلْتَ الْبِطَاحَ بِهَا
سَيْبًا مِّنَ الْيَمِّ اَوْ سَيْلًا مِّنَ الْعَرِمِ

ترجمہ: بارہا حضرت کی دعا نے ایک بادل کے ذریعے مردہ سال کو زندہ کر دیا یہاں تک کہ وہ سال نہایت سرسبز زمانوں کے پیشانی میں سفیدی کی مانند ہو گیا اور وہ بادل اس قدر برسا کہ تو نے وادیوں کو اسکے سبب سے سیل دریا یا سیل عرم خیال کیا۔

دَعْنِىْ وَوَصْفِىْ آيَاتٍ لَّهٗ ظَهَرَتْ
ظُهُوْرَ نَارِ الْقِرٰى لَيْلًا عَلٰى عَلَمِ
فَالدُّرُّ يَزْدَادُ حُسْنًا وَّهُوَ مُنْتَظِمٌ
وَلَا يَنْقُصُ قَدْرًا غَيْرَ مُنْتَظِمِ
فَمَا تَطَاوَلَ آمَالُ الْمَدِيْحِ اِلٰى
مَا فِيْهِ مِنْ كَرَمِ الْاَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ

ترجمہ: مجھے حضرت کے معجزات بیان کرنے دے جو یوں روشن ہیں جیسا کہ رات کے وقت مہمانی کی آگ روشن ہوتی ہے۔ کیونکہ لڑی میں پروئے ہوئے موتی کا حسن زیادہ ہوتا ہے گو بن پروئے بھی اس کی قدر کم نہیں ہوتی اور اس لیے کہ ستایش احمد مختار (صلی اللہ علیہ وسلم کی آرزوئیں آپ کے اخلاق کریمہ اور عادات ستودہ کو گردن ابھار کر نہیں دیکھ سکیں۔

آيَاتُ حَقٍّ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثَةٌ
قَدِيْمَةٌ صِفَةُ الْمَوْصُوْفِ بِالْقِدَمِ

ترجمہ: آیت قرآن جو حق ہیں خدا کی طرف سے ہیں۔ وہ حادث ہیں اور قدیم اور اللہ تعالیٰ کی صفت ہیں۔

لَمْ تَقْتَرِنْ بِزَمَانٍ وَهِىَ تُخْبِرُنَا
عَنِ الْمَعَادِ وَعَنْ عَادٍ وَعَنْ اِرَمِ

ترجمہ: وہ آیات قرآن کسی زمانے سے مقرون نہیں اور ہمیں عالم آخرت اور عاد اور ارم کی خبر دیتے ہیں۔

دَامَتْ لَدَيْنَا فَفَاقَتْ كُلَّ مُعْجِزَةٍ
مِنَ النَّبِيِّيْنَ اِذْ جَاءَتْ وَلَمْ تَدُمِ

ترجمہ: وہ آیات ہمیشہ کیلئے ہمارے پاس موجود ہیں۔ اس لیے وہ کل معجزوں پر جو پیغمبروں سے صادر ہوئے فائق ہیں کیونکہ وہ معجزے ظہور میں آئے اور باقی نہ رہے

مُحَكَّمَاتٌ فَمَا يُبْقِيْنَ مِنْ شُبَهٍ
لِذِيْ شِقَاقٍ وَّلَا يَبْغِيْنَ مِنْ حَكَمٍ

ترجمہ: وہ آیات حکم بنائی گئی ہیں۔سو وہ کسی مخالف کے شبہات باقی نہیں چھوڑتیں اور نہ کسی اور حکم کی محتاج نہیں۔

مَا حُوْرِبَتْ قَطُّ اِلَّا عَادَ مِنْ حَرَبٍ
اَعْدَى الْاَعَادِيْ اِلَيْهَا مُلْقِيَ السَّلَمِ

ترجمہ: جب کبھی ان آیتوں کا معارضہ کیا گیا۔دشمن سے دشمن بھی تسلیم کرتا ہوا معارضہ سے باز آیا

رَدَّتْ بَلَاغَتُهَا دَعْوٰى مُعَارِضِهَا
رَدَّ الْغَيُوْرِ يَدَ الْجَانِيْ عَنِ الْحُرَمِ

ترجمہ: آیات قرآن کی بلاغت نے معارضہ کرنے والے کے دعویٰ کو رد کر دیا جس طرح نہایت غیرت مند انسان کسی بدکردار کے ہاتھ کو اپنے حرم سے روکتا ہے۔

لَهَا مَعَانٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ فِيْ مَدَدٍ
وَفَوْقَ جَوْهَرِهٖ فِي الْحُسْنِ وَالْقِيَمِ
فَمَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى عَجَائِبُهَا
وَلَا تُسَامُ عَلَى الْاِكْثَارِ بِالسَّأَمِ

ترجمہ: آیات قرآن کے معانی زیادتی اور کثرت میں سمندر کی لہر کی مانند ہیں اور خوبصورتی اور قیمتوں میں گوہر دریا سے بڑھ کر ہیں اس لیے ان کے عجائبات نہ گنے جاسکتے ہیں اور نہ ضبط ہو سکتے ہیں اور وہ آیتیں باوجود کثرت تکرار کے ملال طبع سے متصف نہیں۔

قَرَّتْ بِهَا عَيْنُ قَارِيْهَا فَقُلْتُ لَهٗ
لَقَدْ ظَفِرْتَ بِحَبْلِ اللّٰهِ فَاعْتَصِمِ
اِنْ تَتْلُهَا خِيْفَةً مِّنْ نَّارِ لَظٰى
اَطْفَأْتَ نَارَ لَظٰى مِنْ وِّرْدِهَا الشَّبِمِ

ترجمہ: ان آیات کے سبب سے پڑھنے والے کی آنکھ ٹھنڈی ہوگئی۔اس لیے میں نے اس سے کہا۔قسم بخدا کہ تجھے خدا کی رسی مل گئی۔تو اسے پکڑے رہ۔اگر تو ان آیتوں کو آتش جہنم کے ڈر سے پڑھیگا۔تو ان کے ٹھنڈے پانی سے آتش دوزخ کو بجھادے گا۔

كَاَنَّهَا الْحَوْضُ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ بِهٖ
مِنَ الْعُصَاةِ وَقَدْ جَآءُوْهُ كَالْحُمَمِ

ترجمہ: گویا یہ آیتیں حوض ہیں جس سے گنہگاروں کے چہرے سفید ہو جائیں گے حالانکہ وہ اس حوض پر آنے سے پہلے کوئلوں کی طرح سیاہ ہوں گے۔

وَكَالصِّرَاطِ وَكَالْمِيْزَانِ مَعْدِلَةً
فَالْقِسْطُ مِنْ غَيْرِهَا فِي النَّاسِ لَمْ يَقُمِ

ترجمہ: وہ آیات عدل میں پل صراط اور میزان کی مانند ہیں۔لہٰذا ان کے سوا کسی اور کا عدل لوگوں میں قائم نہ رہا۔

لَاتَعْجَبَنْ لِحَسُوْدٍ رَاحَ یُنْکِرُهَا
تَجَاهُلًا وَهُوَ عَیْنُ الْحَاذِقِ الْفَهِمِ
قَدْ تُنْکِرُ الْعَیْنُ ضَوْءَ الشَّمْسِ مِنْ رَمَدٍ
وَیُنْکِرُ الْفَمُ طَعْمَ الْمَاءِ مِنْ سَقَمِ

ترجمہ: تو بڑے حاسد پر تعجب نہ کر۔جواز روئے تجاہل ان آیات کا انکار کرتا ہے حالانکہ وہ ماہر وفہیم ہے۔کبھی آنکھ رمد کے سبب آفتاب کی روشنی کا انکار کرتی ہے اور منہ بیماری کے سبب پانی کے ذائقہ کا انکار کرتا ہے۔

یَاخَیْرَ مَنْ یَّمَّمَ الْعَافُوْنَ سَاحَتَهٗ
سَعْیًا وَفَوْقَ مُتُوْنِ الْاَیْنُقِ الرُّسُمِ
وَمَنْ هُوَ الْاٰیَةُ الْکُبْرٰی لِمُعْتَبِرٍ
وَمَنْ هُوَ النِّعْمَةُ الْعُظْمٰی لِمُغْتَنِمِ
سَرَیْتَ مِنْ حَرَمٍ لَیْلًا اِلٰی حَرَمٍ
کَمَا سَرَی الْبَدْرُ فِیْ دَاجٍ مِّنَ الظُّلَمِ

ترجمہ: اے سب سے اچھے سخی جس کی بارگاہ میں اہل حاجت پیادہ اور تیز رفتار اونٹنیوں کی پیٹھ پر چلے آتے ہیں اور اے وہ ذات بابرکات جو عبرت پکڑنے والے

کیلئے بڑا نشان اور غنیمت سمجھنے والے کیلئے بڑی نعمت ہے آپ رات کے ایک حصہ میں حرم مکہ سے حرم بیت المقدس تک تشریف لے گئے جیسا کہ چودھویں رات کا چاند اندھیری رات میں چلتا ہے۔

وَبِتَّ تَرْقٰی اِلٰی اَنْ نِلْتَ مَنْزِلَةً
مِنْ قَابَ قَوْسَیْنِ لَمْ تُدْرَكْ وَلَمْ تُرَمِ

ترجمہ: اور آپ اوپر چڑھتے رہے یہاں تک کہ ایسے مقام پر پہونچے کہ خدا تعالیٰ اور آپ کے درمیان دو کمان کا فاصلہ رہ گیا۔اس مقام پر کوئی نہیں پہنچا اور نہ کسی نے پہنچنے کا قصد کیا۔

وَقَدَّمَتْكَ جَمِیْعُ الْاَنْبِیَاءِ بِهَا
وَالرُّسْلِ تَقْدِیْمَ مَخْدُوْمٍ عَلٰی خَدَمِ

ترجمہ: اور بیت المقدس میں تمام نبیوں اور رسولوں نے آپ کو اپنا امام بنایا جس طرح کہ آقا اپنے خادموں کا پیشوا ہوتا ہے۔

وَاَنْتَ تَخْتَرِقُ السَّبْعَ الطِّبَاقَ بِهِمْ
فِیْ مَوْکِبٍ کُنْتَ فِیْهِ صَاحِبَ الْعَلَمِ
حَتّٰی اِذَا لَمْ تَدَعْ شَأْوًا لِّمُسْتَبِقٍ
مِنَ الدُّنُوِّ وَلَا مَرْقًی لِمُسْتَنِمِ
خَفَضْتَ کُلَّ مَقَامٍ بِالْاِضَافَةِ اِذْ
نُوْدِیْتَ بِالرَّفْعِ مِثْلَ الْمُفْرَدِ الْعَلَمِ

ترجمہ: اور آپ نے پیغمبروں پر گذرتے ہوئے ساتوں آسمانوں کو ایسے لشکر ملائکہ میں طے کیا کہ جس میں آپ سردار وسپہ سالار تھے۔ یہاں تک کہ جب آپ نے طالب سبقت کے لیے قرب کے کوئی غایت اور طالب رفعت کے لیے کوئی درجہ نہ چھوڑا۔ تو ہر مقام کو اپنے مقام عالی نسبت پست کر دیا جس وقت کہ آپ مثل علم مفرد کے رفع کر کے پکارے گئے۔

کَیْمَا تَفُوْزَ بِوَصْلٍ اَیِّ مُسْتَتِرٍ
عَنِ الْعُیُوْنِ وَسِرٍّ اَیِّ مُکْتَتِمِ

ترجمہ: تاکہ آپ اس وصل سے بہرہ ور ہوں جو لوگوں کی آنکھوں سے بالکل پوشیدہ ہے اور اس راز سے آگاہ ہوں جو تمام خلقت سے بالکل پوشیدہ ہے۔

فَحُزْتَ کُلَّ فَخَارٍ غَیْرَ مُشْتَرَکٍ
وَجُزْتَ کُلَّ مَقَامٍ غَیْرَ مُزْدَحَمِ

ترجمہ: پس آپ نے ہر ایک فضیلت قابل فخر کو بلا شرکت غیرے حاصل کیا۔ اور آپ ہر ایک مقام کو بلا مزاحمت طے کر گئے۔

وَجَلَّ مِقْدَارُ مَا وُلِّیْتَ مِنْ رُتَبٍ
وَعَزَّ اِدْرَاکُ مَا اُوْلِیْتَ مِنْ نِعَمِ

ترجمہ: بڑی ہے قدر ان مناصب کی جن پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو متمکن کیا۔ اور دشوار ہے ادراک ان نعمتوں کا جو آپ کو عطا کی گئیں۔

بُشْرٰی لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا
مِنَ الْعِنَایَۃِ رُکْنًا غَیْرَ مُنْھَدِمِ

ترجمہ: اے مسلمانوں کے گروہ ہمارے واسطے بڑی بشارت ہے۔ کیونکہ بعنایت الٰہی ہمارے پاس ایک ویران نہ ہونے والا ستون یعنی شریعت ہے (جو منسوخ نہ ہوگی)

لَمَّا دَعَا اللّٰہُ دَاعِیْنَا لِطَاعَتِہٖ
بِاَکْرَمِ الرُّسْلِ کُنَّا اَکْرَمَ الْاُمَمِ

ترجمہ: جب اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جو ہمیں طاعت الٰہی کی طرف بلاتے ہیں اکرم الرسل کہہ کر پکارا۔ تو ہم اکرم الامم ٹھہرے (کیونکہ اکرم الرسل اکرم الامم ہی کی طرف مبعوث ہوتا ہے)

رَاعَتْ قُلُوْبَ الْعِدٰی اَنْبَاءُ بِعْثَتِہٖ
کَنَبْاَۃٍ اَجْفَلَتْ غُفْلًا مِّنَ الْغَنَمِ

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رسالت کی خبروں نے دشمنوں کے دلوں کو یوں ڈرا دیا جس طرح شیر کی آواز بے خبر بھیڑ بکریوں کے ریوڑ میں ہلچل ڈال دیتی ہے۔

مَا زَالَ یَلْقَاھُمْ فِیْ کُلِّ مُعْتَرَکٍ
حَتّٰی حَکَوْا بِالْقَنَا لَحْمًا عَلٰی وَضَمِ

ترجمہ: حضرت ہر ایک معرکہ میں کافروں سے لڑتے رہے یہاں تک کہ وہ کافر نیزوں کے لگنے سے تختۂ قصاب پر گوشت کی مانند ہوگئے۔

وَدُّوا الْفِرَارَ وَكَادُوا يَغْبِطُوْنَ بِهٖ
أَشْلَاءَ شَالَتْ مَعَ الْعِقْبَانِ وَالرَّخَمِ

ترجمہ: کفار بھاگنا چاہتے تھے۔ پس قریب تھا کہ وہ فرار کے سبب ان اعضاء پر رشک کرتے جو عقبان ورخم کے ساتھ اوپر کی طرف اٹھے۔

تَمْضِي اللَّيَالِيْ وَلَا يَدْرُوْنَ عِدَّتَهَا
مَا لَمْ تَكُنْ مِنْ لَيَالِي الْأَشْهُرِ الْحُرُمِ

ترجمہ: راتیں گزر جاتیں اور وہ سوائے حرام مہینوں کی راتوں کے ان کی گنتی نہ جانتے۔

كَأَنَّمَا الدِّيْنُ ضَيْفٌ حَلَّ سَاحَتَهُمْ
بِكُلِّ قَرْمٍ إِلٰى لَحْمِ الْعِدٰى قَرِمِ

ترجمہ: گویا دین اسلام ایک مہمان تھا جو ان کے صحن میں اترا تھا اور اس کے ساتھ ہر ایک سردار قوم تھا جو دشمنوں کے گوشت کھانے کا آرزومند تھا۔

يَجُرُّ بَحْرَ خَمِيْسٍ فَوْقَ سَابِحَةٍ
يَرْمِيْ بِمَوْجٍ مِّنَ الْأَبْطَالِ مُلْتَطِمِ
مِنْ كُلِّ مُنْتَدِبٍ لِلّٰهِ مُحْتَسِبٍ
يَسْطُوْ بِمُسْتَأْصِلٍ لِّلْكُفْرِ مُصْطَلِمِ

ترجمہ: دین اسلام ایک دریائے لشکر کو لایا جو تیز رفتار گھوڑوں پر سوار تھے

وہ لشکر جس میں سب بہادر تھے باہم ٹکرانے والی لہر پھینک رہا تھا۔ ان بہادروں میں سے ہر ایک حکم الٰہی کا تابع (خدائی ثواب کا امیدوار) ایسی تلوار سے حملہ کرتا رہا جو کفر کو بیخ وبن سے اکھاڑ دینے والی تھی۔

حَتّٰى غَدَتْ مِلَّةُ الْإِسْلَامِ وَهِيَ بِهِمْ
مِنْ بَعْدِ غُرْبَتِهَا مَوْصُوْلَةَ الرَّحِمِ
مَكْفُوْلَةً أَبَدًا مِّنْهُمْ بِخَيْرِ أَبٍ
وَخَيْرِ بَعْلٍ فَلَمْ تَيْتَمْ وَلَمْ تَئِمِ

ترجمہ: یہاں تک کہ دین اسلام ان بہادروں کی نصرت سے غریب ہونے کے بعد موصول الرحم ہو گیا اور بہترین پدر و بہترین شوہر کی برکت سے ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو گیا۔ پس اس کو نہ کبھی یتیمی حاصل ہوئی نہ بیوگی۔

هُمُ الْجِبَالُ فَسَلْ عَنْهُمْ مُصَادِمَهُمْ
مَاذَا رَاٰى مِنْهُمْ فِيْ كُلِّ مُصْطَدَمِ
وَسَلْ حُنَيْنًا وَسَلْ بَدْرًا وَسَلْ أُحُدًا
فُصُوْلُ حَتْفٍ لَهُمْ أَدْهٰى مِنَ الْوَخَمِ

ترجمہ: وہ بہادران اسلام یعنی صحابہ کرام پہاڑ ہیں۔ ان کی بابت ان کے حریف سے پوچھ لو کہ میدان جنگ میں اس نے ان سے کیا کیا دیکھا اور حنین سے پوچھ لو اور بدر سے پوچھ لو اور احد سے پوچھ لو کفار کی موت کے زمانے ہیں جو وباء سے سخت تھے۔

اَلْمُصْدِرِی الْبِیْضِ حُمْراً بَعْدَ مَاوَرَدَتْ
مِنَ الْعِدٰی کُلَّ مُسْوَدٍّ مِّنَ اللِّمَمِ
وَالْکَاتِبِیْنَ بِسُمْرِ الْخَطِّ مَا تَرَکَتْ
اَقْلَامُهُمْ حَرْفَ جِسْمٍ غَیْرَ مُنْعَجِمِ
شَاکِی السِّلَاحِ لَهُمْ سِیْمَا تُمَیِّزُهُمْ
وَالْوَرْدُ یَمْتَازُ بِالسِّیْمَا عَنِ السَّلَمِ

ترجمہ: میں بہادران اسلام یعنی صحابہ کرام کی مدح کرتا ہوں جو اپنی چمکتی تلواروں کو بعد ازآنکہ وہ جوان دشمنوں کے سر کے سیاہ بالوں میں داخل ہوجائیں خون سے سرخ کر کے واپس لانے والے تھے اور خط نیزوں سے لکھنے والے تھے۔ ان کے قلموں نے جسم کو بے نقطہ نہیں چھوڑا۔ وہ کیل کانٹے سے سجے ہوئے تھے ان میں ایک نشان تھا جوان کو اوروں سے ممتاز کرتا تھا۔ اور گلاب درخت سلم سے ایک نشان کے ساتھ ممتاز ہوتا ہے۔

تُهْدِیْ اِلَیْكَ رِیَاحُ النَّصْرِ نَشْرَهُمُ
فَتَحْسِبُ الزَّهْرَ فِی الْاَکْمَامِ کُلَّ کَمِیْ
کَاَنَّهُمْ فِیْ ظُهُوْرِ الْخَیْلِ نَبْتُ رُبًا
مِنْ شِدَّةِ الْحَزْمِ لَامِنْ شَدَّةِ الْحُزُمِ
طَارَتْ قُلُوْبُ الْعِدٰی مِنْ بَاْسِهِمْ فَرَقًا
فَمَا تُفَرِّقُ بَیْنَ الْبَهْمِ وَالْبُهَمِ

ترجمہ: نصرت کی ہوائیں ان بہادران اسلام کی خوشبو تیری طرف بھیجتی ہیں پس تو اے مخاطب ہر ایک زرہ پوش بہادر کو خیال کرتا ہے کہ وہ ایک شگوفہ ہے اپنے غلاف میں لپٹا ہوا۔ وہ شجاعان اسلام گھوڑوں کی پیٹھوں پر گویا ٹیلوں کی سبز گھاس تھے جس کی وجہ سواری میں ان کی کمال ہوشیاری تھی نہ کہ تنگوں کا زین پر کسا جانا۔ ان کی شدت جنگ سے دشمنوں کے دل مارے خوف کے اڑے جاتے تھے اور وہ بکری کے بچوں اور بہادروں میں تمیز نہ کر سکتے تھے۔

وَمَنْ تَکُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ
اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِیْ آجَامِهَا تَجِمِ

ترجمہ: اور جس شخص کو رسول اللہ کی مدد پہنچ جائے۔ اگر اسے شیر بھی نیستانوں میں ملیں تو دم بخود رہ جائیں۔

وَلَنْ تَرٰی مِنْ وَّلِیٍّ غَیْرَ مُنْتَصِرٍ
بِهٖ وَلَا مِنْ عَدُوٍّ غَیْرَ مُنْقَصِمِ

ترجمہ: اے مخاطب تو حضرت کے کسی ایسے دوست کو ہرگز نہ دیکھے گا جو آپ کی مدد سے منصور نہ ہو۔ اور آپ کا کوئی ایسا مخالف نہ دیکھے گا جو شکستہ حال نہ ہو۔

اَحَلَّ اُمَّتَهٗ فِیْ حِرْزِ مِلَّتِهٖ
کَاللَّیْثِ حَلَّ مَعَ الْاَشْبَالِ فِیْ اَجَمِ

ترجمہ: حضرت نے اپنی امت کو اپنی ملت کی پناہ میں اتار دیا جس طرح شیر اپنے بچوں کے ساتھ نیستانوں میں اترتا ہے۔

كم جدلت كلمات الله من جدل
فيه وكم خصم البرهان من خصم

ترجمہ: قرآن کریم نے بارہا حضرت کے بارے میں جھگڑنے والوں کو پچھاڑ دیا اور بسا اوقات آپ کے معجزات نے بڑے دشمن کو مغلوب کر دیا۔

كفاك بالعلم في الأمي معجزة
في الجاهلية والتاديب في اليتم

ترجمہ: زمانہ جاہلیت میں امی ہو کر عالم ہونا اور یتیم رہ کر مودب ہونا کافی معجزہ ہے

خدمته بمديح أستقيل به
ذنوب عمر مضى في الشعر والخدم
إذ قلداني ما تخشى عواقبه
كأنني بهما هدي من النعم

ترجمہ: میں نے اس قصیدۂ مدحیہ سے حضرت کی خدمت کی ہے تاکہ اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے اپنی عمر کے گناہوں کو معاف کرا لوں جو شاعری اور خدمت سلاطین و امراء میں گزری ہے۔ کیونکہ ان دونوں (شاعری و خدمت شاہی) نے میرے گلے میں ایک ایسے امر کو بطور قلادہ کے ڈال دیا ہے جس کے نتائج بد سے ڈر لگتا ہے گویا میں ان دونوں کے ساتھ قربانی کا اونٹ ہوں۔

أطعت غي الصبا في الحالتين وما
حصلت إلا على الآثام والندم
فيا خسارة نفس في تجارتها
لم تشتر الدين بالدنيا ولم تسم

ترجمہ: میں ہر دو حالت میں لڑکپن کی جہالت کے تابع رہا اور مجھے سوائے گناہوں اور پشیمانی کے کچھ حاصل نہ ہوا۔ سو ہائے میرے نفس کی تجارت کے نقصان جس نے دین کو دنیا کے عوض میں نہ خریدا اور نہ خریدنے کا ارادہ کیا۔

ومن يبع آجلا منه بعاجله
يبن له الغبن في بيع وفي سلم

ترجمہ: اور جو شخص اپنی آخرت کو دنیا کے بدلے بیچ دے اس کا اس بیع سلم میں نقصان ظاہر ہے۔

إن آت ذنبا فما عهدي بمنتقض
من النبي ولا حبلي بمنصرم
فإن لي ذمة منه بتسميتي
محمدا وهو أوفى الخلق بالذمم

ترجمہ: اگرچہ میں گناہ کرتا رہا ہوں مگر میرا عہد نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ٹوٹتے

کا اور نہ میرا تعلق آپ سے قطع ہونے والا ہے کیونکہ میرا نام محمد ہونے کے سبب سے حضرت کا میرے ساتھ عہد ہے اور حضور ایفائے عہد میں سب خلقت سے بڑھے ہوئے ہیں

إِنْ لَّمْ يَكُنْ فِي مَعَادِي آخِذًا بِيَدِي
فَضْلًا وَإِلَّا فَقُلْ يَا زَلَّةَ الْقَدَمِ

ترجمہ: اگر حضرت آخر میں فضل وکرم سے میری دستگیری نہ فرمائیں تو مجھے کہنا چاہیئے ہائے لغزش قدم اور اگر آپ آخرت میں میری دستگیری نہ چھوڑیں تو مجھے کہنا چاہئے۔اے ثبات قدم من

حَاشَاهُ أَنْ يُّحْرِمَ الرَّاجِي مَكَارِمَهُ
أَوْ يَرْجِعَ الْجَارُ مِنْهُ غَيْرَ مُحْتَرَمِ

ترجمہ: حضرت کی ذات اقدس سے بعید ہے کہ آپ اپنی بخششوں کے امیدوار کو محروم رکھیں۔یا آپ کا پناہ گزیں (آپ کی درگاہ سے) بے احترام واپس ہو۔

وَمُنْذُ أَلْزَمْتُ أَفْكَارِي مَدَائِحَهُ
وَجَدْتُّهُ لِخَلَاصِي خَيْرَ مُلْتَزِمِ

ترجمہ: اور میں نے جب سے اپنے افکار سخن پر حضرت کی نعتوں کو واجب قرار دیا ہے (ہر بلا سے) نجات کے لیے آپ کو سب سے اچھا کفیل پایا ہے۔

وَلَنْ يَّفُوْتَ الْغِنٰى مِنْهُ يَدًا تَرِبَتْ
إِنَّ الْحَيَا يُنْبِتُ الْأَزْهَارَ فِي الْأَكَمِ

ترجمہ: اور حضرت کی فیاضی کسی محتاج کے ہاتھ کو خالی نہ چھوڑے گی۔کیوں کہ بارش ٹیلوں پر بھی شگوفے اگا دیتی ہے۔

وَلَمْ أُرِدْ زَهْرَةَ الدُّنْيَا الَّتِي اقْتَطَفَتْ
يَدَا زُهَيْرٍ بِمَا أَثْنٰى عَلٰى هَرِمِ

ترجمہ: اور میں اس متاع دنیا کی خواہش نہیں رکھتا جس کو زہیر کے ہاتھوں نے ہرم کی مدح کر کے حاصل کیا۔

يَا أَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِي مَنْ أَلُوْذُ بِهٖ
سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمِمِ

ترجمہ: اے بزرگ ترین خلق جوارثات کے نزول وقت آپ کے سوا کون ہے جس کی میں پناہ لوں۔

وَلَنْ يَّضِيْقَ رَسُوْلَ اللهِ جَاهُكَ بِيْ
إِذَا الْكَرِيْمُ تَحَلّٰى بِاسْمِ مُنْتَقِمِ
فَإِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

ترجمہ: یارسول اللہ جب خداتعالیٰ کی منتقم کی صفت میں جلوہ گر ہوگی۔ تو آپ کے مرتبے کی وسعت مجھ سے کبھی کوتاہی نہ کرے گی۔ کیونکہ دنیا و آخرت آپ کی بخشش سے ہیں اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم میں سے ہے۔

یَا نَفْسِ لَا تَقْنَطِیْ مِنْ زَلَّةٍ عَظُمَتْ
اِنَّ الْکَبَائِرَ فِی الْغُفْرَانِ کَاللَّمَمِ

ترجمہ: اے میرے نفس تو بڑے گناہ کی بخشش سے مایوس نہ ہو کیونکہ خداتعالیٰ کی بخشش کے آگے بڑے گناہ مثل چھوٹے گناہ کے ہیں۔

لَعَلَّ رَحْمَةَ رَبِّیْ حِیْنَ یَقْسِمُهَا
تَأْتِیْ عَلٰی حَسَبِ الْعِصْیَانِ فِی الْقِسَمِ

ترجمہ: امید ہے کہ جب میرا پروردگار اپنی رحمت کو تقسیم کرے گا تو وہ رحمت گنہگاروں کے گناہ کے اندازہ کے موافق حصوں میں آئے گی۔ (یعنی جس کا گناہ بڑا ہوگا۔ اس کا حصۂ رحمت بھی بڑا ہوگا اور جس کا گناہ چھوٹا ہوگا اس کا حصۂ رحمت بھی چھوٹا ہوگا)

یَا رَبِّ وَاجْعَلْ رَجَائِیْ غَیْرَ مُنْعَکِسٍ
لَدَیْكَ وَاجْعَلْ حِسَابِیْ غَیْرَ مُنْخَرِمِ
وَالْطُفْ بِعَبْدِكَ فِی الدَّارَیْنِ اِنَّ لَهٗ
صَبْرًا مَتٰی تَدْعُهُ الْاَهْوَالُ یَنْهَزِمِ

ترجمہ: اے میرے پروردگار (تو مجھ پر رحم کرنا) اور تجھ پر مجھے جو امید ہے اس امید کے برخلاف مایوس نہ کرنا اور تیری نسبت جو میرا ظن ہے اس ظن کو بے کم و کاست پورا کرنا اور اپنے بندے پر ہر دو جہان میں مہربانی کرنا کیونکہ اس بیچارے کا صبر ایسا کمزور ہے کہ جب مصیبتیں اس کو مقابلہ کے لیے بلاتی ہیں۔ تو صبر ان کے آگے بھاگ جاتا ہے۔

وَائْذَنْ لِسُحْبِ صَلٰوةٍ مِّنْكَ دَائِمَةٍ
عَلَی النَّبِیِّ بِمُنْهَلٍّ وَّمُنْسَجِمِ
مَا رَنَّحَتْ عَذَبَاتِ الْبَانِ رِیْحُ صَبًا
وَاَطْرَبَ الْعِیْسَ حَادِی الْعِیْسِ بِالنَّغَمِ

ترجمہ: اور (اے میرے پروردگار) تو اپنی دائمی رحمت کے بادلوں کو حکم دینا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لگاتار موسلا دھار بارش رحمت کی برساتے رہیں جب تک کہ باد صبا درخت بان کی شاخوں کو جھکاتی رہے اور اونٹوں کو راگ سے چلانے والا اپنے نغموں سے اونٹوں کو سرور میں لاتا رہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم
قصیدہ جالی مبارک مزارِ انور ﷺ میں لکھا ہوا ہے
القَصِيدَةُ الدَّاخِلِيَّةُ لِلحُجرَةِ النَّبَوِيَّةِ الشَّرِيفَة
سَلَكْنَا الفَيَافِىَ وَالقِفَارَ عَلَى النُّجُبِ ١ تَجُرُّ بِنَا الأَشْوَاقُ لِأَحَادِى الرَّكْبِ
فَنَهْوِى عَلَيْهَا بِالعَشِيَّةِ وَالدُّجَى ٢ يَلِيهَا مِنَ اللَّيْلِ البَهِيمِ عَلَى القُتُبِ
يَلَذُّ لَنَا أَنْ لَا يَلَذَّ لَنَا الكَرَى ٣ لِمَا خَالَطَ الأَرْوَاحَ مِنْ خَالِصِ الحُبِّ
وَيَبْرُدُ حَرٌّ بِالهَجِيرِ تَمُرُّهُ ٤ سَمُومٌ إِذَا هَاجَتْ تُزَعْزِعُ لِلْكُتُبِ
مَا زَالَ هٰذَا دَأْبُنَا وَصَنِيعُنَا ٥ إِلَى أَنْ أَنَخْنَا العِيسَ بِالمَنْزِلِ الرَّحْبِ
نَزَلْنَا بِخَيْرِ العَالَمِينَ مُحَمَّدٍ ٦ نَبِىِّ الهُدَى بَحْرِ النَّدَى سَيِّدِ العُرْبِ
رَسُولٌ أَمِينٌ هَاشِمِىٌّ مُعَظَّمٌ ٧ وَسَيِّدُ مَنْ يَأْتِى وَمَنْ مَرَّ فِى الحُقْبِ
مَلَاذُ البَرَايَا غَوْثُ كُلِّ مُؤَمِّلٍ ٨ كَرِيمُ السَّجَايَا طَيِّبُ الجِسْمِ وَالقَلْبِ
يُؤَمِّلُهُ العَافُونَ مِنْ كُلِّ مُمْحِلٍ ٩ كَتَأْمِيلِهِمْ لِلسَّاكِبَاتِ مِنَ السُّحْبِ
كَرِيمٌ حَلِيمٌ شَأْنُهُ الجُودُ وَالوَفَا ١٠ يُرَجَّى لِكَشْفِ الضُّرِّ وَالبُؤْسِ وَالكَرْبِ
رَحِيمٌ بَرَاهُ اللّٰهُ لِلْخَلْقِ رَحْمَةً ١١ وَأَرْسَلَهُ يَدْعُو إِلَى الفَوْزِ وَالقُرْبِ
بِهِ اللّٰهُ أَنْجَانَا مِنَ الشِّرْكِ وَالرَّدَى ١٢ وَمِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ وَالجِبْتِ وَالنُّصُبِ
وَأَدْخَلَنَا فِى خَيْرِ دِينٍ يُحِبُّهُ ١٣ وَيَرْضَاهُ دِينَ الحَقِّ فَالحَمْدُ لِلرَّبِّ
لَهُ المِنَّةُ العُظْمَى عَلَيْنَا بِبَعْثِهِ ١٤ إِلَيْنَا وَمِنَّا عَالِىَ الذِّكْرِ وَالكَعْبِ
نَبِىٌّ عَظِيمٌ خُلْقُهُ الخُلُقُ الَّذِى ١٥ لَهُ عَظَّمَ الرَّحْمٰنُ فِى سَيِّدِ الكُتُبِ
وَأَيَّدَهُ بِالوَحْىِ وَالنَّصْرِ وَالصَّبَا ١٦ وَأَمْلَاكِهِ وَالمُؤْمِنِينَ وَبِالرُّعْبِ
وَبِالمُعْجِزَاتِ الظَّاهِرَاتِ الَّتِى نَمَتْ ١٧ عَلَى القَطْرِ عَدًّا بَعْدَ كُلِّ مِنْ نَبِىْ
وَآتَاهُ قُرْآنًا بِهِ أَعْجَزَ الوَرَى ١٨ جَمِيعًا عَلَى التَّأْبِيدِ يَا لَكَ مِنْ غَلْبِ
أَلَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا قَدْ أَبَةٌ ١٩ وَذُرِّيَّةٌ جِئْنَاكَ لِلشَّوْقِ وَالحُبِّ
357
نقشہ نعل مبارک حضور سید الانام مطابق پیمائش ائمہ کرام
356

وَقَفْنَا عَلىٰ أَعْتَابِ فَضْلِكَ سَيِّدِی ٢٠ لِتَقْبِيلِ تُرْبٍ حَبَّذَا لَكَ مِنْ تُرْبِ
وَقُمْنَا تِجَاهَ الْوَجْهِ وَجْهٍ مُبَارَكٍ ٢١ عَلَيْنَا بِهٖ نُسْقَى الْغَمَامَ لَدَى الْجَدْبِ
أَتَيْنَاكَ زُوَّارًا نَرُوْمُ شَفَاعَةً ٢٢ إِلَى اللّٰهِ فِیْ مَحْوِ الْإِسَاءَةِ وَ الذَّنْبِ
وُفُوْدٌ وَ زُوَّارٌ وَ أَضْيَافُ حَضْرَةٍ ٢٣ مُكَرَّمَةٍ مُسْتَوْطِنُ الْجُوْدِ وَالْخِصْبِ
وَفِی النَّفْسِ حَاجَاتٌ وَتَمَّ مَطَالِبٌ ٢٤ نُؤَمِّلُ أَنْ تُقْضٰى بِجَاهِكَ يَا مُجْتَبِیْ
تَوَجَّهْ رَسُوْلَ اللّٰهِ فِیْ كُلِّ حَاجَةٍ ٢٥ لَنَا وَمُهِمٍّ فِی الْمَعَاشِ وَفِی الْقَلْبِ
وَأَنَّ صَلَاحَ الدِّيْنِ وَالْقَلْبِ سَيِّدِی ٢٦ هُوَ الْفَرْضُ الْأَقْصٰى فَيَا سَيِّدِی قُمْ لِیْ
عَلَيْكَ صَلَاةُ اللّٰهِ يَا خَيْرَ مَنْ تَلَا ٢٧ كِتَابًا مُنِيْرًا جَاءَ بِالْفَرْضِ وَالنَّدْبِ
عَلَيْكَ صَلَاةُ اللّٰهِ يَا خَيْرَ مُهْتَدٍ ٢٨ وَهَادٍ بِنُوْرِ اللّٰهِ فِی الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ
عَلَيْكَ صَلَاةُ اللّٰهِ يَا خَيْرَ مَنْ دَعَا ٢٩ إِلَى اللّٰهِ بَعْدَ الرِّفْقِ بِالسِّرِّ وَالْقَضْبِ
عَلَيْكَ صَلَاةُ اللّٰهِ يَا سَيِّدُ أُسْرِیْ ٣٠ إِلَى اللّٰهِ حَتّٰى مَرَّ بِالسَّبْعِ وَالْحُجُبِ
وَقَامَ بِأَوْ أَدْنٰى فَنَاهِيكَ رِفْعَةً ٣١ وَمَجْدًا سَمَا حَتّٰى أَنَافَ عَلَى الشُّهُبِ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ مَا سَارَ مُخْلِصٌ ٣٢ إِلَيْكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ وَالْمُصْطَفٰى حَسْبِیْ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ مَا أَسْحَرَ الصَّبَا ٣٣ فَحَرَّكَ أَرْوَاحَ الْمُحِبِّيْنَ لِلْقُرْبِ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ مَا بَارِقٌ سَرٰى ٣٤ وَمَا غَنَّتِ الْأَطْيَارُ فِیْ عَذَبِ الْقَضْبِ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ مَا حَرَّكَ الْحُدَا ٣٥ قُلُوْبًا إِلٰى مَغْنَاكَ بِالشَّوْقِ وَالْحُبِّ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ عَدَّ النَّبَاتِ ٣٦ وَالرِّمَالِ وَعَدَّ الْقَطْرِ فِیْ حَالَةِ السَّكْبِ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ أَنْتَ مَلَاذُنَا ٣٧ لَدَى الْيُسْرِ وَالْأَعْسَارِ وَالسَّهْلِ وَالصَّعْبِ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ أَنْتَ حَبِيْبُنَا ٣٨ وَسَيِّدُنَا وَ الذُّخْرُ يَا خَيْرَ مَنْ نَبِیْ
عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ أَنْتَ إِمَامُنَا ٣٩ وَمَتْبُوْعُنَا وَالْكَنْزُ وَالْغَوْثُ فِی الْخَطْبِ
وَصَلّٰى عَلَيْكَ اللّٰهُ دَائِبًا وَ سَرْمَدًا ٤٠ وَسَلَّمَ يَا مُخْتَارُ وَالْآلِ وَالصَّحْبِ

القصيدة: لِلْإِمَامِ شَيْخِ الْإِمَامِ قُطْبِ الدَّعْوَةِ وَالْإِرْشَادِ الْحَبِيْبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلَوِیْ
بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَدَّادِ الْعَلَوِیْ الْحُسَيْنِیْ الْحَضْرَمِیْ الشَّافِعِیْ المتوفی سنة ١١٣٢ھ رضی الله تعالیٰ عنه

ترجمہ

(۱) ایک الفت ایک شوق اور ایک دیوانگی ہے جو ہمیں صحراء صحراء جنگل جنگل لئے پھرتی ہے۔

(۲) صبح ہو کہ شام، دن ہو کہ رات ہم عالم جنوں میں محوِ سفر رہتے ہیں۔

(۳) اسی سچی محبت کا نتیجہ ہے کہ ہمیں نیند نہیں آئی، بلکہ بے خوابی تو جیسے ہمارے جذب وشوق کا حصہ ہے یہ نتیجہ ہے اسی سچی محبت کا جو ہماری روح پر قابض ہے۔

(۴) ایسی محبت جو موسم گرما اور کپکپاہٹ سرما سے متاثر نہیں ہوتی۔

(۵) یہی عالم تھا سفر مسلسل کا ہمارے ساتھ کہ پھر ہم آبیٹھے ایک وسیع وعریض منزل کے دامن میں۔

(۶) یہ منزل بھی خیر البشر رسول ہدایت سید العرب محمد امین ﷺ کی، رسول معظم۔

(۷) امین وصفت، ہاشمی نسب، قیام عالم سے اختتام عالم تک جانے اور آنے والی تمام نسلوں کے سردار کی۔

(۸) وہ جو امید گاہ ہیں، مدد فرمانے والے ہیں تمام امیدواروں کے۔ اعلیٰ صفت، کریم الخلق، جسم ودل کے بے مثال حسن وانفرادیت کے مالک۔

(۹) ہر دردمند کی نگاہ امید آپ ﷺ کی طرف ہی اٹھتی ہے۔ آپ ﷺ رحیم ہیں۔

(۱۰) آپ ﷺ کرم فرمانے والے، بردبار ہیں، سخاوت اور وفا آپ ﷺ کی صفات ہیں۔ تنگی، مصیبت اور تکلیف کے دور کرنے میں آپ ﷺ کی طرف ہی امید کی جاتی ہے۔

(۱۱) اللہ نے آپ ﷺ کو ساری مخلوق کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ آپ کو مبعوث کیا تا کہ لوگ آپ ﷺ کے وسیلے سے کامیابی اور اللہ کی قربت طلب کریں۔

(۱۲) آپ ﷺ کے ہی وسیلے سے اللہ پاک نے ہمیں شرک وتباہی سے بچایا اور ایسے ناپسندیدہ اعمال سے محفوظ کیا جو شیطان اور اس کے مددگاروں کے بنائے ہوئے ہیں۔

(۱۳) آپ ﷺ کے ذریعہ اللہ نے ہمیں اپنے سب سے پسندیدہ دین میں داخل کیا۔ ایسا دین جسے اللہ نے دین حق اور اپنا پسندیدہ دین قرار دیا ہے۔

(۱۴) حضور پاک ﷺ کی بعثت ہمارے اوپر اللہ کا بہت بڑا احسان ہے۔

(۱۵) نبی ﷺ جن کے اخلاق کی عظمت رب کریم نے کائنات کی سب سے عظیم کتاب قرآن مجید میں بیان کی ہے۔

(۱۶) اللہ پاک نے آپ ﷺ کو وحی اور کامیابی سے نوازا اور مومنوں کو کبھی معجزے دکھائے، کبھی ڈرایا دھمکایا۔

(۱۷) آپ ﷺ کے واضح معجزات ساری کائنات پر پھیل گئے۔

(۱۸) رب کریم نے آپ ﷺ کو معجزہ قرآن سے نوازا جس معجزے کی ادنیٰ سی مثال بھی کائنات کا کوئی فرد پیش نہ کرسکا۔

(۱۹) آپ ﷺ کی طرف اشتیاق اور شوق سب مشتاقوں کو آپ ﷺ کے در پر کھینچ لایا ہے۔

(۲۰) اے ہمارے سرکار ہم آپ ﷺ کی چوکھٹ پر کھڑے ہیں، آپ ﷺ کے قدموں کی خاک چومنے کے لئے۔ کاش ہمیں آپ ﷺ کے قدموں کی خاک بوسی کا موقع نصیب ہو۔

(۲۱) ہم آپ ﷺ کے روئے مکرم کی طرف منہ کئے کھڑے ہیں یہی وہ روئے مبارک ہے جس سے خشک سالی میں سیرابی حاصل ہوتی ہے۔

(۲۲) ہم زائر آپ ﷺ کے پاس، شفاعت مانگنے آئے ہیں گناہوں سے ہمارا دامن بوجھل ہے۔ آپ ﷺ سے گزارش کناں ہیں کہ ہماری شفاعت فرمائیں رب کریم کے دربار میں کہ وہ ہمارے گناہوں اور برائیوں کو معاف کردے۔

(۲۳) ہم آئے ہیں وفدوں کی شکل میں، زائرین کی شکل میں، مہمانوں کی شکل میں، آپ ﷺ کی حضور میں، صاحب جودوکرم کے وطن میں۔

(۲۴) ہماری روح حاجت مند ہے، ضرورت مند ہے اور پرامید ہے کہ آپ ﷺ اپنے مقام عظیم کے صدقے ہماری حاجت روائی کریں گے۔

(۲۵) اے ہمارے محبوب ﷺ! ہماری روح اپنی ہر ضرورت پر آپ ﷺ (رسول کریم ﷺ) کی طرف توجہ کرتی ہے خواہ وہ فکر معاش ہو یا فکر قلب۔

(۲۶) اور خاص کر کے دین کی صلاح میں کہ یہی اصل ضرورت ہے جس کا تعلق ہمارے دل اور ہماری زندگی سے ہے۔

(۲۷) اے ہمارے سرکار ﷺ! آپ ﷺ پر درود وسلام ہوں آپ ﷺ وہ کتاب منیر لائے جس میں تمام فرض ونوافل کا بیان ہے۔

(۲۸) آپ ﷺ پر سلام ہو کہ آپ ﷺ مشرق ومغرب کے ہدایت دینے والے ہیں۔

(۲۹) آپ ﷺ پر درود ہوں کہ آپ ﷺ ہی اللہ کی طرف خفیہ واعلانیہ، نرمی وحکمت کی ساتھ بلانے والے ہیں۔

(۳۰) آپ ﷺ پر درود ہوا ے صاحب اسراء ومعراج ﷺ! جسے اللہ نے ساتوں آسمان کی سیر کرائی، اپنے پاس بلایا اور اس منزل پر لے گیا، جہاں کوئی نہیں جاسکتا۔

(۳۱) آپ ﷺ کو اللہ نے اپنی ذات سے قریب کیا۔ آپ ﷺ سے بلندی اور عظمت میں اونچا کون ہوسکتا ہے؟۔

(۳۲) آپ ﷺ پر سلام ہوں اتنی بار جتنی بار ایک مخلص کہتا ہے کہ میرے لئے اللہ اور مصطفیٰ ﷺ کافی ہیں۔

(۳۳) آپ ﷺ پر سلام ہوں جب بھی صبح آئے اور محبت کرنے والوں کی روح کو آپ ﷺ کی منزل پر آنے کے لئے ابھارے۔

(۳۴) آپ ﷺ پر سلام ہوں جتنی بار روشنی ہو اور جتنی بار پرندے نغمہ سرا ہوں۔

(۳۵) آپ ﷺ پر سلام ہوں جب بھی آپ ﷺ کی منزل کے مسافر محبت وشوق میں اپنی اونٹنی کو حرکت دیں۔

(۳۶) آپ ﷺ پر سلام ہوں اتنی بار جتنی تعداد میں سبزے ہیں، ریت کے ذرات ہیں اور گرتے بارش کے قطرے ہیں۔

(۳۷) آپ ﷺ پر سلام ہوں کہ آپ ﷺ ہماری پناہ گاہ ہیں آسانی میں، تنگی میں اور نرمی اور سختی میں۔

(۳۸) آپ ﷺ پر سلام ہوں کہ آپ ﷺ ہمارے حبیب ہیں، سردار ہیں، ہماری دولت ہیں، اے خیر الانبیاء۔

(۳۹) آپ ﷺ پر درود وسلام ہوں کہ آپ ﷺ ہمارے امام ہیں، اور ہر رنج والم میں حاجت روا ہیں۔

(۴۰) صلوۃ وسلام نازل ہوں باری تعالیٰ کی جانب سے ہمیشہ آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کے آل واصحاب پر۔

اسمائے سیدِ کونین ﷺ
مُحمّد احمدُ حامِدُ محمُودُ قاسِمُ عاقِبُ سابِقُ
مُقتصِدُ فاتِحُ خاتِمُ حاشِرُ ماحِ داعِ سِراجُ رشِیدُ
مُنِیرُ بشِیرُ نذِیرُ ھادِ شافِ ناہِ شکُورُ
مُتوسِّطُ مَھدِ رسُولُ نبِیُّ طٰہٰ یٰسٓ مُزمِّلُ مُدثِّرُ
شفِیعُ خلِیلُ کلِیمُ قرِیبُ مُنِیبُ حبِیبُ مُصطفٰی
مُرتضٰی مُجتبٰی مُختارُ ناصِرُ منصُورُ قآئِمُ
حافِظُ شہِیدُ عادِلُ حکِیمُ
نُورُ حُجّةُ بُرھانُ ابطحِیُّ مُؤمِنُ مُطِیعُ
مُذکِّرُ واعِظُ امِینُ صادِقُ مُصدِّقُ ناطِقُ صاحِبُ
مکِّیُّ مدنِیُّ عربِیُّ ھاشِمِیُّ تہامِیُّ حِجازِیُّ نزارِیُّ قُریشِیُّ
مُضرِیُّ اُمِّیُّ عزِیزُ حرِیصُ رءُوفُ رحِیمُ یتِیمُ
مُبِینُ اوّلُ اٰخِرُ باطِنُ رحمةُ مُحلِّلُ مُحرِّمُ اٰمِرُ
مُجِیبُ مُبلِّغُ طٰسٓ حٰمٓ غنِیُّ جوادُ فتّاحُ
عالِمُ طیِّبُ فصِیحُ سیِّدُ مُتقِّیُّ اِمامُ بارُّ مہدِیُّ

یا حیّ   786/92   یا قیوم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی

یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم

یا اللہ   یا رسول اللہ

نقشِ پا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ترے نقش پا کی تلاش تھی
جو جھکا رہا میں نماز میں

ترے نقش پا کا احترام تھا

ارشاد
رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے، اس کی دس خطائیں معاف کر دیتا ہے اور اس کے دس درجات بلند کرتا ہیں۔

(صحیح بخاری شریف)

برکات
نقشِ پا مبارک

جو ہمیشہ اپنے پاس رکھے معزز ہو، جس قافلے میں ہو نہ لوٹا جائے، جس کشتی میں ہو نہ ڈوبے، جس مال میں رہے چوری سے محفوظ رہے، زیارتِ روضۂ اقدس نصیب ہو، یا خواب میں حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو، جس حاجت میں اس سے توسل کیا جائے پوری ہو۔

جو سر پہ رکھنے کو مل جائیں نعل پاک حضور
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دائیں قدم مبارک کا نقش ہے جو ۱۸۴۲ء میں امیر بل فورس کے کمانڈر کو (ٹرائیپولی) سے ملا۔ اس نے یہ سلطان عبدالمجید حاکمِ وقت کو پیش کیا تو اس نے ایک لاکھ ۱۴ ہزار قرش بطور انعام دیا۔ ۱۸۴۷ء میں یہ سونے کے بکس میں جس میں ہیرے جواہرات لگے ہوتے ہیں محفوظ کر لیا گیا۔ یہ آج بھی ٹوپ کاپی میوزیم استنبول (ترکی) میں محفوظ ہے۔